ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | منگل 20 ربیع الثانی 1447ھ 14 اکتوبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 99
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

سہیل آفریدی 90 ووٹ لیکر وزیر اعلیٰ کے پی منتخب
گورنر کا حلف لینے سے انکار، ن لیگ اور جے یو آئی نے انتخاب غیر آئینی قرار دیدیا
عدالت نے آج تفصیلات طلب کر لیں

علی امین گنڈا پور کا استعفیٰ تا حال منظور نہیں ہوا، ایک وزیر اعلیٰ کے ہوتے ہوئے دوسرے وزیر اعلیٰ کا انتخاب نہیں ہو سکتا، اپوزیشن آج وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے انتخاب کیخلاف عدالت جائے گی، ڈاکٹر عباد اللہ

گنڈا پور نے دوبارہ استعفیٰ گورنر کو بھیجا اور آج ایوان میں بھی استعفے کا اعلان کیا، چند لوگوں کی خواہش ہے کہ سہیل آفریدی وزیر اعلیٰ نہ بنیں لیکن آئین لوگوں کی خواہشات پر نہیں چل سکتا، سپیکر بابر سلیم سواتی

جب تک علی امین کا استعفیٰ منظور نہیں ہوتا وزیر اعلیٰ کا انتخاب غیر آئینی تصور ہوگا، فیصل کریم کنڈی اپوزیشن کا خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ کا انتخاب غیر آئینی قرار دلوانے کے لیے عدالت جانے کا اعلان

احسن اقبال، انجینئر امیر مقام، اعظم نذیر تارڑ پر مشتمل حکومتی وفد کی امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات، وزیر اعلیٰ کا انتخاب ایک غیر آئینی عمل تھا جسے قبول نہیں کیا جا سکتا، ملاقات میں اتفاق

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے نامزد امیدوار سہیل آفریدی 90 ووٹ لیکر نئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا منتخب ہو گئے، اپوزیشن نے اسمبلی اجلاس سے بائیکاٹ کیا اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے انتخاب کیخلاف عدالت جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کا اجلاس پیر کو سپیکر بابر سلیم سواتی کی زیر صدارت شروع ہوا، علی امین گنڈا پور ایوان میں پہنچے تو حکومتی اراکین نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا، سہیل آفریدی کو 90 ایم پی ایز نے منتخب کیا۔ سپیکر نے وزیر اعلیٰ کے انتخاب کے عمل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ 5 منٹ تک گھنٹیاں بجائی جائیں گی، غیر حاضر اراکین واپس آ جائیں، اندر جو اسمبلی میں ہیں انہیں باہر جانے کی اجازت نہیں، اراکین اسمبلی لابی کے گیٹ پر موجود رجسٹر میں اپنے ناموں کا اندراج کریں۔ سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کو پیشگی مبارکباد دیتا ہوں، ہم ملک میں قانون کی بالادستی چاہتے ہیں، وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے جو اقدامات کئے وہ سب ریکارڈ پر ہیں، حکومت اس وقت کامیاب ہوتی ہے جب وہ مضبوط ہو۔ انہوں نے کہا ہے کہ جب ہم آئے تو صرف پندرہ دن کی تنخواہیں تھیں، اپوزیشن کو فنڈز نہ دینے کا گلہ........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کا غزہ امن کانفرنس میں شرکت سے انکار
اپنے عوام پر حملہ کرنے والوں کے ساتھ نہیں بیٹھ سکتے، عباس عراقچی

تہران (م ڈ) ایران نے اعلان کیا ہے کہ وہ مصر کے شہر شرم الشیخ میں ہونے والے غزہ امن سربراہی اجلاس میں شرکت نہیں کرے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران اپنے عوام پر حملہ........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی قید سے رہائی پانیوالے فلسطینی غزہ پہنچنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

افغان جارحیت کیخلاف وطن کے دفاع میں جان قربان کرنیوالے شہداء کی تدفین
نماز جنازہ میں آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وفاقی وزراء، گورنر، اعلیٰ سول اور عسکری حکام اور شہریوں کی شرکت

بہادر سپوتوں نے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی جارحیت کے مقابلے میں جانوں کا نذرانہ پیش کیا، وزیر دفاع

راولپنڈی (زاہد احمد خان) افغان جارحیت کے خلاف وطن کے دفاع میں جان قربان کرنے والے 12 شہدا کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 12 شہدا کی نماز جنازہ چکلالہ گیریژن راولپنڈی میں ادا کی گئی جس میں آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بھی شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نماز جنازہ میں وفاقی وزراء، گورنر خیبر پختونخوا، سول و عسکری حکام اور عوام کی بڑی تعداد نے........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

شرم الشیخ، وزیر اعظم شہباز شریف امن معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، صدر ٹرمپ بھی موجود ہیں

انسانی جان بچانے کیلئے حکومت کے تمام وسائل حاضر ہیں، میر سرفراز بگٹی
بلوچستان حکومت کا بنیادی فریضہ عوام کی خدمت اور ان کی زندگیوں کو بہتر بنانا ہے، اس ضمن میں کسی قسم کی کمی برداشت نہیں

صحت کے شعبے میں عوامی خدمت حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، اسکے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں، وزیر اعلیٰ

کسی شہری کو علاج کی سہولت کے لیے در در نہیں جانا پڑے گا، دور دراز علاقوں تک صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائینگے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا ہر عام آدمی ہمارے لیے اہم ہے، کیونکہ حکومت کا بنیادی فریضہ عوام کی خدمت اور ان کی زندگیوں کو بہتر بنانا ہے۔ انسانی جان بچانے کے لیے حکومت بلوچستان کے تمام وسائل حاضر ہیں........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

حماس نے تمام 20 اسرائیلی رہا کر دیئے، رہائی سے قبل اہلخانہ سے ویڈیو کال پر بات کروائی، 1966 فلسطینی قیدیوں کو لیکر بسیں غزہ پہنچ گئیں، شاندار استقبال
20 عالمی رہنماؤں کی موجودگی میں غزہ امن معاہدے پر دستخط ہو گئے
امریکہ، مصر، قطر اور ترکیہ عملدرآمد کے ضامن ہونگے

20 زندہ اسرائیلی یرغمالیوں کو حماس نے غزہ میں موجود ریڈ کراس کے نمائندوں کے حوالے کیا، 28 یرغمالیوں کی لاشیں بھی سپرد کر دی گئیں، فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے موقع جذباتی مناظر دیکھنے میں آئے

کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی وزیر اعظم شہباز شریف نے کی انتونیو گوتریس، عرب لیگ کے سیکریٹری جنرل احمد ابو الغیط، فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان بھی شریک

آج غزہ کے عوام کیلئے تاریخی دن ہے انتھک کوششوں کے بعد امن حاصل کر لیا گیا، یہ کوششیں صدر ٹرمپ کی قیادت میں کی گئیں جو حقیقتاً امن کے علمبردار اور نوبل انعام کے حقدار ہیں، وزیر اعظم شہباز شریف

ہم مشرق وسطیٰ میں امن قائم کرنے میں کامیاب ہو گئے وزیر اعظم شہباز شریف اور 'اپنے پسندیدہ' فیلڈ مارشل عاصم منیر سمیت کئی عالمی رہنماؤں کا خاص طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں، صدر ٹرمپ کا خطاب

قاہرہ (مشرق نیوز) مصر کے شہر شرم الشیخ میں منعقدہ غزہ امن سربراہی کانفرنس میں اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ امن معاہدے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، اور مصر، قطر اور ترکیہ کے سربراہان نے دستخط کر دیے۔ کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، افغان جارحیت کے دوران شہید ہونیوالے جوانوں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر و اعلیٰ حکام بھی شریک ہیں

26 ویں آئینی ترمیم نہ ہوتی تو یحییٰ آفریدی چیف جسٹس نہ بنتے، جسٹس مندوخیل
جس ترمیم کے تحت آئینی بینچ بنا اس پر اعتراض ہوگا تو فیصلہ کون کریگا؟ 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں کی سماعت کے موقع پر ریمارکس

26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں میں پاکستان بار کونسل کے 6 سابق صدور کے وکیل عابد زبیری کے دلائل مکمل نہ ہو سکے

آپ پسند کریں یا نہ کریں، آرٹیکل 191 موجود ہے، فل کورٹ کا لفظ آرٹیکل 191 میں موجود نہیں، جسٹس نعیم اختر افغان کے ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں زیر سماعت 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں میں پاکستان بار کونسل کے 6 سابق صدور کے وکیل عابد زبیری کے دلائل مکمل نہ ہو سکے، جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے ہیں کہ آپ پسند........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

محمد اورنگزیب کی آئی ایف سی عہدیدار سے ملاقات
دونوں فریقوں کا ریکوڈک منصوبے کی مالی تکمیل کیلئے اقدامات پر اتفاق

واشنگٹن (م ڈ) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے واشنگٹن میں انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے ریجنل نائب صدر ریکارڈو پولیتی سے ملاقات کی، جبکہ........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ صحت بلوچستان کے 27 ملازمین عہدوں سے برخاست
محکمہ صحت میں عرصہ دراز سے غیر حاضر ملازمین کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

غیر حاضر ملازمین کے خلاف کسی بھی صورت رعایت نہیں برتی جائے گی، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ صحت بلوچستان میں غیر حاضر ملازمین کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز پہلے مرحلے میں صوبے کے مختلف اضلاع سے 27 ملازمین کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق سیکرٹری محکمہ صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی ہدایت پر عمل درآمد کرتے........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

مذہب کے نام پر مسلح جتھے عوام کو یرغمال بنا رہے ہیں، توہین مذہب ہے، خواجہ آصف
12 شہیدوں کے جنازے پڑھنے کی سعادت ملی، وطن کے ان بیٹوں نے مٹی کی محبت میں اپنی جان وار دی، وزیر دفاع

قوم کو ممنون اور احسان مند ہونے کی شہادت دینی ہوگی، متحد ہو کے اپنے بیرونی اور اندرونی دشمنوں سے نبرد آزما ہونا ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ وطن عزیز میں مذہب کے نام پر مسلح جتھے بنانا، سڑکیں بند کر کے عوام کو یرغمال بنانا توہین مذہب ہے۔ ایکس پر خواجہ آصف نے لکھا کہ آج صبح 12 شہیدوں........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب میں جھڑپ، ایس ایچ او، مذہبی جماعت کے 3 کارکنوں سمیت 5 افراد جاں بحق
گروہ منتشر کرنے کی کارروائی ہوئی تو مذہبی جماعت کے افراد نے پتھراؤ اور پیٹرول بموں کا استعمال، اندھا دھند فائرنگ کی

اداروں کو اپنے دفاع میں محدود کارروائی کرنا پڑی، مذہبی جماعت کے 3 کارکن اور ایک راہگیر جاں بحق ہوئے، پولیس حکام

کراچی میں کہیں احتجاج نہیں ہو رہا، شہری افواہوں پر کان نہ دھریں: پولیس، پنجاب میں ٹریفک کی صورتحال کا الرٹ جاری

لاہور (م ڈ) پنجاب میں جھڑپ میں ایس ایچ او، مذہبی جماعت کے 3 کارکنوں سمیت 5 افراد جاں بحق اطلاعات کے مطابق، گروہ کو منتشر کرنے کی کارروائی شروع ہوئی تو مذہبی جماعت کے کارکنوں نے پتھراؤ اور پیٹرول بموں کا استعمال کیا اور اندھا دھند فائرنگ کر دی، اداروں کو اپنے دفاع میں محدود کارروائی کرنا پڑی: ترجمان پنجاب پولیس تفصیلات........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ ریونیو ژوب میں کروڑوں روپے کی کرپشن کا انکشاف
ملزمان نے سرکاری زمین الاٹمنٹ کے عوض کروڑوں روپے کی رشوت لی

شاہ جہان محاسب، منیر خان کیشیئر اور محمد اسلم لیویز کانسٹیبل جعلسازی میں ملوث

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ ریونیو ژوب میں کروڑوں روپے کی کرپشن کا انکشاف پر ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان نصیب اللہ کاکڑ اور ڈائریکٹر اینٹی کرپشن عبد الواحد کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر زونل لیفٹیننٹ خالد احمد کھوسہ اور سرکل آفیسر اینٹی کرپشن لورالائی خلیل احمد کی زیر نگرانی محکمہ ریونیو ژوب میں کرپشن کے خلاف بڑی کارروائی عمل میں لائی........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان کشیدگی پر بھارت کا فیک پروپیگنڈا بے نقاب
بھارتی میڈیا نے جعلی تصاویر کے ذریعے میرے خلاف جھوٹا بیانیہ پھیلایا، عادل داوڑ

نئی دہلی (م ڈ) پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ کشیدگی کے دوران بھارت کا گودی میڈیا ایک بار پھر جھوٹے پروپیگنڈے میں سرگرم ہو گیا۔ بھارتی........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

یورپی ممالک سے پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں 17 فیصد اضافہ
اسلام آباد (بیورو رپورٹ) یورپی ممالک میں کام کرنے والے پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیاد پر 17 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں یورپی یونین میں شامل ممالک سے ترسیلات زر کا حجم 1.281 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

قرض ملنے پر ایسے خوشی مناتے ہیں جیسے بیٹا پیدا ہو، سیف اللہ ابڑو
ایسے قرضوں کا کیا فائدہ جس سے ملک ہی بیٹھ جائے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا ہے کہ ٹی وی چلا کر تو خوشی سے بتایا جاتا ہے 100 ملین قرض مل گیا لیکن ایسے قرضوں کا کیا فائدہ جس سے ملک ہی بیٹھ جائے۔ سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی اقتصادی........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل سے واپسی پر پاک افغان جنگ معاملے کو دیکھوں گا، ٹرمپ
میرا مقصد انعام لینا نہیں ہے بلکہ لوگوں کی جانیں بچانا ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان ممکنہ جنگ کی اطلاعات سنی ہیں، جسے وہ اسرائیل سے........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی میں چار روز بعد سڑکیں اور تعلیمی ادارے کھل گئے
اسلام آباد اور راولپنڈی کی تمام رابطہ سڑکیں، دکانیں اور تجارتی مراکز بھی کھل گئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی میں 4 روز بعد تعلیمی ادارے کھل گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد اور راولپنڈی کی تمام رابطہ سڑکیں بھی کھول دی گئیں........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 4 دن باقی، 44 ہزار عازمین کی بکنگ مکمل
اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پرائیویٹ حج سکیم کے تحت بکنگ میں 4 دن باقی رہ گئے، پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 44 ہزار عازمین کی بکنگ مکمل ہو گئی اور 16 ہزار نشستیں باقی رہ گئی ہیں۔ سعودی وزارت حج کے........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی زرعی صلاحیت کو تلاش کرنے کیلئے اٹلی کا عزم لائق تحسین ہے، گورنر
پاکستان اور اٹلی کے درمیان خوشگوار دوطرفہ تعلقات کو فروغ دیگر اقتصادی ترقی کی راہیں تلاش کرینگے، جعفر مندوخیل

پاکستان میں تعینات اطالوی سفیر ماریلینا ارمیلن پاک اٹلی کے درمیان مزید تعلقات اور روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

گورنر بلوچستان سے چینی سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات، سیاسی صورتحال اور چین پاکستان اقتصادی راہداری تبادلہ خیال

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات اطالوی سفیر ماریلینا ارمیلن (ArmellinMarilina) نے آج صبح بلوچستان ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کا مقصد پاکستان اور اٹلی کے درمیان خوشگوار دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینا، باہمی تعاون اور اقتصادی ترقی کی راہیں تلاش کرنا تھا۔ دونوں رہنماؤں نے........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات اطالوی سفیر ماریلینا ارمیلن ملاقات کر رہی ہیں

امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمن سے وفاقی وزیر احسن اقبال اور امیر مقام ملاقات کر رہے ہیں

پشاور میں شوہر نے بیوی اور دو بیٹیوں کو قتل کر کے خودکشی کر لی
پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور کے نواحی علاقے چمکنی میں شوہر نے بیوی اور دو بیٹیوں کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق چمکنی میں شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی اور دو بیٹیوں کو قتل کر دیا اور خود کو گولی مار کر........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت عالیہ کا پانی کی قلت پر سخت برہمی کا اظہار
پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم رکھنا سنگین انتظامی غفلت ہے، عدالت کے ریمارکس

ہزارہ ٹاؤن کے مکین شدید مشکلات سے دوچار ہیں، قربان علی کی درخواست پر سماعت

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان نے ہزارہ ٹاؤن اور مضافاتی علاقوں میں پینے کے پانی کی سنگین قلت کے معاملے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر نے واردات ڈالنے کی کوشش کی، مسترد کرتے ہیں، نعیم پنجوتھہ
آئین نے گورنر کو اعتراض لگانے یا استعفیٰ مسترد کرنے کا اختیار ہی نہیں دیا، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی قانونی ٹیم کے رکن نعیم حیدر پنجوتھہ نے کہا ہے کہ گورنر نے واردات ڈالنے کی کوشش کی ہم اسے مسترد کرتے ہیں۔ نعیم حیدر پنجوتھہ........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، صحبت پور میں ہیضے سے 3 بچے جاں بحق
سینکڑوں کی تعداد میں مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور صحبت پور میں ڈائریا (ہیضے) کی وبا پھوٹ پڑی گزشتہ سات روز کے دوران ڈیرہ مراد جمالی اور صحبت پور میں تین........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ چلڈرن ہسپتال میں بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

پاک افغان کشیدگی برقرار، باب دوستی افغان مہاجرین کی واپسی کیلئے کھول دیا گیا
انسانی ہمدردی کے تحت واپس بھیجا گیا سرحد کے مقام پر پہنچنے ہزاروں افغان مہاجرین کو شدید مشکلات کا سامنا تھا

چمن کے قبائلی عمائدین نے افغان مہاجرین کی مشکلات کے پیش نظر واپسی کیلئے ایف سی کے اعلیٰ حکام سے رابطہ کیا

باب دوستی چمن میں دونوں اطراف تجارتی سرگرمیاں مکمل طور پر بند ہیں، ایف سی اور متعلقہ اداروں سے مذاکرات

چمن (یو این اے) پاک افغان کشیدگی کے باعث چمن بارڈر دوسرے روز بھی مکمل طور پر بند رہا، جس کے نتیجے میں پیدل آمد و رفت اور تجارتی سرگرمیاں مکمل طور پر معطل ہو گئیں۔ تاہم انسانی ہمدردی کے تحت افغان کنڈوال کے مقام پر پہنچنے ہزاروں افغان مہاجرین........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پرانی گاڑیاں ناکارہ بسوں کو کسی بھی روٹ پر چلنے کی اجازت نہ دی جائے، عدالت عالیہ کا حکم
خلاف ورزی کی صورت میں بسوں کی فوری ضبطگی عمل میں لائی جائے، جسٹس کامران خان ملاخیل کی سماعت کے دوران ہدایت

سریاب پل کے نیچے "اسمارٹ بس اسٹینڈ" کیلئے جگہ بعض نجی افراد کے غیر قانونی قبضے میں تھی، عدالت کے حکم پر خالی کرا لیا گیا

پرانی بسوں کو ری کنڈیشننگ اور فٹنس سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر دوبارہ چلانے کی اجازت دی جائے، درخواست گزار کے وکیل کی اپیل

کوئٹہ (خ ن) جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس گل حسن ترین پر مشتمل عدالت عالیہ بلوچستان کے دو رکنی بینچ نے ٹریفک اصلاحات، الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ، اور کوئٹہ شہر میں ماحولیاتی بہتری سے متعلق کیس (سی پی نمبر 1951/2022)........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں جیلوں کی سیکورٹی مزید سخت کرنے کیلئے اقدامات
پانچ کروڑ سے زائد کا اسلحہ اور جدید مواصلاتی آلات خریدے جا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں جیلوں کی سیکورٹی مزید سخت کرنے کیلئے اقدامات کا فیصلہ، پانچ کروڑ سے زائد کا اسلحہ اور جدید مواصلاتی آلات خریدے........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان افغانستان سرحدی کشیدگی پر شدید تشویش ہے، چین
دونوں ممالک خطے میں موجود چینی سرمایہ کاری کے تحفظ کو یقینی بنائیں

بیجنگ (م ڈ) چین نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ سرحدی جھڑپوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس کے شہریوں........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان پر فرد جرم عائد کرنے کی کارروائی ایک روز کیلئے ملتوی
26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت آج دوبارہ ہوگی، ملزمان کو نوٹس جاری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان پر 26 نومبر احتجاج کیس میں فرد جرم عائد کرنے کی کارروائی آج (منگل) تک ملتوی کر دی ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ملٹری آپریشن دہشتگردی کا حل نہیں، دنیا بھر میں مذاکرات کیے جا رہے ہیں، سہیل آفریدی
افغان بہن بھائی 40 سال سے یہاں رہ رہے تھے اب ان کو دھکے مار کر نکال رہے ہیں، اس طرح پالیسیاں نہیں بنتیں

عمران خان فوجی آپریشن کیخلاف تھا، ہم بھی خلاف ہیں، ترقی، مساوات اور قبائلی اضلاع کی بہتری کیلئے کام کرونگا

پشاور (بیورو رپورٹ) نو منتخب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ ملٹری آپریشن دہشت گردی کا حل نہیں، دنیا بھر میں مذاکرات کی طرف آیا جا رہا ہے، خیبر پختونخوا میں صرف عمران خان کا ہے اور یہاں پر صرف عمران خان کی چلے گی، میرا لیڈر جب آپریشن کے خلاف ہے تو یہاں کوئی آپریشن نہیں کر سکتا، میرا پیغام ترقی، مساوات اور قبائلی اضلاع .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک لبیک کے کارکنوں پر لاٹھی چارج تشدد قابل مذمت ہے، محمود خان اچکزئی
آئین کے دائرہ میں جو بھی عمل وہ کرینگے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان ان کا ساتھ دیگی

غریب بچوں، سیاسی، جمہوری کارکنوں اور عورتوں پر حملہ کیا گیا، گرفتار افراد کو فوری رہا کیا جائے، سربراہ تحفظ آئین

علی امین گنڈا پور کو شاباش دیتا ہوں پارٹی کے احکامات کا احترام کرتے ہوئے رضاکارانہ طور پر استعفیٰ دیا، بیان

اسلام آباد (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ تحریک لبیک پاکستان کے کارکنوں جو ایک جمہوری احتجاج کر رہے تھے اور دھرنوں پر بیٹھے ہوئے تھے جس انداز میں اس غیر آئینی، غیر جمہوری، غیر قانونی حکمرانوں ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

حدیقہ کیانی کی قرآن پاک کی تلاوت کی ویڈیو وائرل
مختصر ویڈیو میں گلوکارہ کو سورہ رحمٰن کی تلاوت کرتے سنا جا سکتا ہے



لاہور (بیورو رپورٹ) معروف گلوکارہ و اداکارہ حدیقہ کیانی کی جانب سے قرآن پاک کی تلاوت کرنے کی ویڈیو وائرل ہونے پر صارفین نے ان کی تعریفیں کیں۔ حدیقہ کیانی گزشتہ چند ماہ سے پنجاب میں آنے والے تاریخ کے بدترین سیلاب کے بعد امدادی کاموں میں مصروف ہیں اور انہیں سیلاب متاثرین........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی خاتون پر فارن ایکٹ کے مقدمے میں فرد جرم عائد
کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کی مقامی عدالت نے فارن ایکٹ کے مقدمے میں ملزمہ نور فاطمہ پر فرد جرم عائد کر دی، ملزمہ نے صحت جرم سے انکار کر دیا۔ کراچی کی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت شرقی نے........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

آئیں پاکستان کو پولیو سے پاک ملک بنائیں، آصفہ بھٹو
کراچی (بیورو رپورٹ) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پولیو کے خلاف جنگ پاکستان کے مستقبل کی جنگ ہے۔ آئیں سب ساتھ کھڑے .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ٹیکنیکل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

علی امین گنڈا پور کے استعفے میں تضاد، گورنر کے پی نے دستخطوں پر سوال اٹھا دیا
فیصل کریم کنڈی نے دستخطوں میں فرق ہونے کی وجہ سے علی امین گنڈا پور کے دو استعفے واپس کر دیے، (آج) گورنر ہاؤس طلب

دونوں استعفوں پر اصلی دستخط ہیں، آخر کار 8 اکتوبر کو جمع کرایا گیا وہ استعفیٰ، جسے پہلے گورنر آفس نے مسترد کیا تھا، تسلیم کر لیا گیا ہے، علی امین گنڈا پور

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور کے استعفے کے معاملے نے نیا رخ اختیار کر لیا ہے، گورنر فیصل کریم کنڈی نے دستخطوں میں تضاد کی نشاندہی کرتے ہوئے استعفے کی صداقت پر سوال اٹھا دیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ ٹو کیس کی جیل سماعت منسوخ کر دی گئی
کیس استغاثہ کے دلائل کیلئے مقرر تھا، کیس میں شہادت مکمل ہو چکی ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) توشہ خانہ ٹو کیس سے متعلق اہم پیشرفت سامنے آ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں توشہ خانہ ٹو کیس جیل سماعت پیر کو منسوخ کر دی گئی، توشہ خانہ ٹو کیس استغاثہ کے دلائل کے لئے مقرر تھا، توشہ خانہ ٹو کیس میں شہادت مکمل ہو چکی ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل [illegible] کے ہمراہ گروپ فوٹو

برقی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کیلئے آج بجلی بند رہے گی

کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے فیڈرز صبح 10:30 سے دوپہر 2:30 تک بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) [illegible] کے سلسلے میں 14 اکتوبر (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے جناح ٹاؤن، اولڈ منگلی، انٹر، بی اے ایف سٹی اور بروری روڈ فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز کوئٹہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے صاحبزادہ اور نواں کلی بائی پاس، انڈسٹریل گرڈ کے شاہنواز، سریاب مل، واسا، شموزئی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ 15 اکتوبر (بروز بدھ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11Kv کرانی، ہزارہ ٹاؤن، خیر بخش مری، جز سہ، سرکی روڈ، واسا، انڈسٹریل فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے [illegible] اور [illegible] لائنوں پر مرمتی کام کئے جارہے ہیں اس سلسلے میں 14 اکتوبر کو خاران گرڈ اسٹیشن سے دن 12 بجے تا شام 4 بجے جبکہ 15 اکتوبر کو چاغی گرڈ سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ علاوہ ازیں 220Kv خضدار گرڈ اسٹیشن میں 14 اکتوبر سے 16 اکتوبر تک (روزانہ) صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک سالانہ ٹیسٹنگ کا کام کیا جائے گا جس کے باعث اس دورانیہ میں تقریباً 80 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی جسے لوڈمینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

موٹروے پولیس کے زیر اہتمام ڈرائیورز لائسنس اتھارٹی کا افتتاح

افتتاح شہید SSP ساجد خان مہمند کی صاحبزادی نے کیا' تقریب میں دیگر افسران بھی موجود تھے

کوئٹہ (پ ر) ایڈیشنل آئی جی بلوچستان جاوید علی مہر اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹیلی کمیونیکیشن بلوچستان پولیس علی شیر جھکرانی کی موجودگی میں کوئٹہ میں نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی ڈرائیورز لائسنسنگ اتھارٹی (DLA) کا افتتاح شہید ایس ایس پی ساجد خان مہمند کی صاحبزادی نے کیا۔ اس تقریب میں ڈی آئی جی ویسٹ زون اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

کوئٹہ: شہید ایس پی ساجد خان مہمند کی صاحبزادی ڈرائیونگ لائسنس اتھارٹی کا افتتاح کر رہی ہیں

ورلڈ ایکسپو 2025 میں پاکستانی مصنوعات کو خوب پزیرائی ملی، سید فیروز عالم شاہ

مشیر سرمایہ کاری بورڈ حکومت پاکستان نے پاکستانی گلابی نمک سمیت دیگر سٹالوں کا معائنہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ نے اوساکا ورلڈ ایکسپو میں پاکستانی گلابی نمک کے سٹال پر جس کا تھیم "ایک ذرہ نمک میں پوری کائنات" ہے کا دورہ کیا اور اس دوران پاکستانی پویلین کے انچارج ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل محمد نصیر اور سینئر صحافی سہیل وڑائچ کے ساتھ ملاقات بھی کی۔ اس موقع پر سید فیروز عالم شاہ نے جاپان کے تاریخی اور ثقافتی شہر اوساکا میں دنیا کی سب سے بڑی تجارتی اور ثقافتی نمائش "ورلڈ ایکسپو 2025" میں پاکستان پویلین کو تخلیقی ڈیزائن، ثقافتی نمائندگی اور جدید پیشکش پر دو بین الاقوامی ایوارڈز بیورو انٹرنیشنل ایکسپوزیشن کا برانز ایوارڈ اور عالمی ادارے ایگزیبیٹر آن لائن کا ایڈیٹرز چوائس ایوارڈ ملنے اور پاکستانی پویلین کا 17 لاکھ سے زائد افراد کے وزٹ کرنے پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، پاکستانی پویلین کے انچارج ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل محمد نصیر اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین صدارتی ایوارڈ یافتہ سید فیروز عالم شاہ کا کہنا تھا کہ اوساکا ورلڈ ایکسپو میں پاکستان کے پویلین کو بے حد سراہا گیا ہے، جہاں پاکستان کی ثقافت، معیشت اور ٹیکنالوجی کے پہلوؤں کو نہایت خوبصورتی سے پیش کیا گیا، پاکستانی پویلین پر 17 لاکھ سے زائد افراد کی آمد پاکستان کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو ظاہر کرتی ہے جو پاکستان کیلئے قابل فخر بات ہے۔ مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ نے کہا کہ اوساکا ورلڈ ایکسپو نے دنیا بھر میں پاکستان کی مثبت شناخت کو اجاگر کیا ہے اور بین الاقوامی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب ہوئے ہیں۔

ملک کو لوٹنے والوں کو بیرون ملک فرار نہیں ہونے دیا جائے، رحیم کاکڑ

ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دینے کے لیے پروگرام ترتیب دینا ضروری ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے سینئر رکن اور سابق ممبر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے موجودہ ملکی حالات کو "تباہ کن" قرار دیتے ہوئے فوری طور پر عام اور شفاف انتخابات کا انعقاد اور عمران خان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو لوٹنے والوں کو بیرون ملک فرار نہیں ہونے دیا جائے اور موجودہ حالات کے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دینے کے لیے جامع پروگرام ترتیب دینا ضروری ہے۔ رحیم کاکڑ نے تمام محب وطن سیاسی قوتوں پر زور دیا کہ بیرونی طاقتوں کی تابعداری کے بجائے ملکی تعمیر و ترقی میں حصہ ڈالیں اور ملک کے ضلعی و قومی سطح پر سر جوڑ کر بیٹھ کر مسائل کا حل نکالیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ لفظ "پاکستان" کے نام پر کسی قسم کی ذاتی یا فرقہ وارانہ سیاست برداشت نہیں کی جائے گی اور تحریک انصاف ہمیشہ عوام کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل و دیگر مقامی دکان کا افتتاح کر رہے ہیں

عوام جوق در جوق پارٹی میں شمولیت کر رہے ہیں، نصر اللہ خان زیرے

پارٹی عوامی امنگوں کی صحیح ترجمانی اور ان کی ارمانوں کی تکمیل کیلئے سیاسی جدوجہد کر رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں عوام کی جوق در جوق پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر رہے ہیں جس سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی ہیں کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ہی ہمارے عوام کی امنگوں کی صحیح ترجمان اور ان کی ارمانوں کی تکمیل کیلئے سیاسی نظریاتی بنیادوں پر سیاست کر رہی ہیں اور پارٹی اجتماعی قیادت اور اجتماعی شعور کے تحت اور اپنے اکابرین بالخصوص بابائے افغان اور عظیم دانشور عبدالرحیم خان مندوخیل اور ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی نظریات پر عمل پیرا ہیں اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ عوام اور بالخصوص نوجوان بڑی تعداد میں پارٹی کے بیانیہ، جدوجہد اور موقف سے متاثر ہو کر شامل ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے اور صوبائی آفس سیکرٹری مداحنگر نے کلی شیخان میں پارٹی میں 100 سیاسی کارکنوں اور قبائلی عمائدین کی پشتونخوا نیپ میں شمولیت کے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے نئے شامل ہونے والوں کا زبردست خیر مقدم پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی اپنے غیور پشتون افغان ملت کی ملی نجات اور ملی واک اختیار کے جدوجہد کو مزید تیز کرے گی۔

میٹر سیکورنگ کی مہم پر تیزی سے کام جاری ہے، کیسکو ترجمان

شفاف انداز میں میٹر ریڈنگ اور بجلی چوری کی روک تھام کو یقینی بنانا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی جانب سے بجلی کے ڈسٹری بیوشن نظام کو محفوظ اور مزید شفاف بنانے کیلئے کوئٹہ شہر کے مختلف فیڈروں پر میٹر سیکورنگ اور اسپیشل کامبنگ مہم پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اس مہم کا بنیادی مقصد بجلی کے میٹروں کی نمایاں اور محفوظ جگہوں پر از سر نو تنصیب، شفاف انداز میں میٹر ریڈنگ اور بجلی چوری کی روک تھام کو یقینی بنانا ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ اسپیشل کامبنگ کے ذریعے مختلف علاقوں میں ایسے برقی کنکشنز کی بھی نشاندہی ہو چکی ہے جو کہ غیر قانونی طور پر بجلی استعمال کر رہے تھے۔ کیسکو ٹیموں نے اس سلسلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 11Kv فیڈروں کو مرحلہ وار بجلی چوری سے پاک کرنے کیلئے اسپیشل کامبنگ یعنی میٹر سیکورنگ پر کام مکمل کر کے کوئٹہ سے باہر تمام علاقوں میں بھی مختلف فیڈروں پر کام جاری ہے۔

کوئٹہ: پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما فرید افغان کی جانب سے پارٹی کے مرکزی کونسل کے رکن سینئر رہنما عبدالقدیر بلوچ، کامریڈ مینگل، سلیم اختر، سومرو، صابر علی بہرانی، ہاشم حسین کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے شرکاء

بلاتفریق تمام الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی خدمت کی ہے، طارق جان کدیزئی

[illegible] کچھ ادا کر سکوں۔ بہت ساری دعائیں آپ سب کے لئے اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہو آمین۔

تحصیل آفس میں ہونے والی بے قاعدگیوں کا نوٹس لیا جائے، اہلیان سریاب

کوئٹہ (پ ر) اہلیان سریاب نے اپنے بیان میں حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل آفس میں ہونے والے بے قاعدگیوں میں ملوث افراد کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے کیونکہ عملہ نے غیر قانونی طور پر پرائیویٹ افراد بھرتی کئے ہیں جو غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں جو شہریوں کے ساتھ سراسر زیادتی کے مترادف ہے انہوں چیف جسٹس بلوچستان گورنر و وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری ڈپٹی کمشنر اور سینئر ایم بی آر سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی اور پرائیویٹ افراد کو نکال کر ذمہ دار ملازمین کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ غریب شہریوں کو ریلیف مل سکے اور سکھ کا سانس لے سکیں۔

شمسی توانائی پر منتقل زرعی کنکشنز منقطع کرنے کا کام مکمل کرلیا ہے، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی و صوبائی حکومت کی جانب سے صوبہ کے تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے بعد کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے اُن تمام زرعی کنکشنز منقطع کرنے کا کام مکمل کرلیا ہے۔ سولرائزیشن منصوبہ کی تکمیل کے سلسلے میں صوبہ کے بعض علاقوں میں زمینداروں کی جانب سے کیسکو ٹیموں کو زرعی ٹرانسفارمرز اور دیگر برقی آلات واپس نہیں کئے جارہے ہیں۔ سولرائزیشن منصوبہ کے مطابق حکومت کی جانب سے رقوم کی وصولی کے بعد تمام زمیندار اپنے زرعی ٹرانسفارمرز، کھمبے اور دیگر برقی آلات کیسکو کو واپس کرنے کے پابند ہیں اور زرعی صارفین نے اس معاہدے کیمطابق زرعی ٹیوب ویل کنکشنز سے منسلک برقی آلات، ٹرانسفارمرز اور کھمبے کیسکو ٹیموں کو واپس کرنے ہونگے کیونکہ صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان زرعی سولرائزیشن اور بجلی چوری کی روک تھام کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 بھی منظور ہو چکی ہے اور اس قانون کے تحت جن زمینداروں کو رقم مل چکی ہے اور انہوں نے ابھی تک ٹرانسفارمرز، کھمبے اور برقی آلات واپس نہیں کئے ہیں تو اُن کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ لہٰذا کیسکو نے شمسی توانائی پر منتقل ہونے والے تمام زرعی صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ حکومت کی جانب سے اس منصوبہ کے تحت رقوم ملنے کے بعد اپنے زرعی ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور ان سے منسلک دیگر برقی آلات کی واپسی کے عمل میں کیسکو سے تعاون کریں تاکہ یہ منصوبہ جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچ سکیں۔

معروف ٹھیکیدار حاجی نصیب خان مندوخیل کراچی کے ہسپتال میں انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) معروف ٹھیکیدار حاجی نصیب خان مندوخیل طویل علالت کے بعد کراچی کے ہسپتال میں انتقال کر گئے وہ ٹھیکیدار ظریف خان مندوخیل، ٹھیکیدار اصل خان مندوخیل، ٹھیکیدار کمال خان مندوخیل اور ٹھیکیدار امیر خان مندوخیل کے بھائی اور محمود خان مندوخیل، احمد خان مندوخیل، اجمل خان مندوخیل، یوسف خان مندوخیل اور اسد خان مندوخیل کے والد تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ آج بروز منگل صبح 10 بجے کلی اپوزئی ژوب میں ادا کی جائے اور 3 دن فاتحہ ژوب میں ہوگی کوئٹہ کی فاتحہ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

عید محمد بزنجو کے فرزند نذیر احمد بزنجو انتقال کر گئے

ل (نامہ نگار) قبائلی رہنما عید محمد بزنجو کے نوجوان فرزند نذیر احمد بزنجو کوئٹہ کے نجی ہسپتال میں انتقال کر گئے وہ وحید احمد بزنجو کے بھائی خیر محمد بزنجو کے بھتیجے عبیداللہ بزنجو محمد عارف بزنجو محمد یوسف بزنجو کے چچازاد بھائی تھے فاتحہ خوانی کلی علی محمد رحمانزئی ل میں جاری ہے۔

محکمہ ایری گیشن پر الزامات لگانے والا نام نہاد ٹولے کا ماضی داغدار ہے، جمعہ خان منگزئی

کچھ ریٹائرڈ ملازمین اور افیسرز ذاتی مفادات کے لیے ایک گٹھ جوڑ کر رہے ہیں

[illegible]

کوئٹہ: ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان سعید اللہ خان ورلڈ پوسٹ ڈے کے موقع پر ڈاکخانے پر ورلڈ ڈے کا پوسٹ مارک لگا رہے ہیں، اس موقع پر چیف پوسٹ ماسٹر کوئٹہ جی پی او اسرار الحق اور منیجر مارکیٹنگ فیصل جہانگیر بھی موجود ہیں

وزیر جنگلات نے دکی کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار دلایا ہے، جلندر خان لونی

سردار مسعود علی خان لونی ایک نہایت ہی شریف اور ہمدرد عوامی نمائندہ ہیں۔ قبائلی رہنما

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قبائلی رہنما ملک جلندر خان لونی نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر جنگلات بلوچستان، ایک خاموش ہیرو کی مانند اپنے علاقے کی خدمت کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے عوام کے مسائل بھی حل کر رہے ہیں۔ انہوں نے ضلع دکی کے بے شمار بے روزگار نوجوانوں کو روزگار دلایا ہے۔ ان کی وجہ سے سیکڑوں گھروں میں چولہا جل رہا ہے۔ اور لوگ ان کے لیے دعا کر رہے ہیں سردار مسعود علی خان لونی ایک نہایت ہی شریف اور خاندانی شخص ہیں۔ ان کی وجہ سے کسی کا نقصان نہیں ہوا ہے۔ بلکہ فائدہ ہی فائدہ ملا ہے۔ قبائلی رہنما ملک جلندر خان لونی نے مزید کہا کہ اسی طرح تحصیل سردار چیف آف لونی ٹرائبز سردار شیر افضل خان لونی اپنی سخاوت کی وجہ سے ہر دلعزیز ہیں۔ انہوں نے ہزاروں ضرورت مندوں کے کام کیے ہیں۔ غربا، مساکین، بیواؤں لاچاروں کے ساتھ مدد کی ہے۔ اور مشکل وقت میں ان کے کام آئے ہیں۔ ان کے بیٹے سردار زادہ اجمل خان لونی اور بھتیجے سردار زادہ خوشدل خان لونی۔ اور سردار زادہ افراسیاب خان لونی اور سردار زادہ شاہ فہد خان لونی بھی اپنے والد اور دادا کی مانند لوگوں کی خدمت کر رہے ہیں تعلیم، صحت، روزگار، امن وامان کے حوالے سے دکی و گردونواح کو ترقی دے رہے ہیں سردار مسعود علی خان لونی کے دور اقتدار میں دکی سے یمانگ، سنگری اور کوہلو تک ہائی وے بن رہی ہے، جو خصوصاً کوئلے سبزی و میوہ پھلوں کی جلد رسائی منڈیوں تک ممکن بنائے گی۔ جونہی یہ روڈ مکمل ہوا، بلوچستان بھر کی بھاری گاڑیاں اس شارٹ روڈ تو پنجاب کو استعمال کریں گے اور روڈ کی وجہ سے روزگار کے بہت سے مواقع عوام کو ملیں گے۔ اسی طرح ڈسٹرکٹ دکی میں سولہ ہائی سکول، بیس مڈل سکولز، اور ڈھائی سو پرائمری سکولز کام کر رہے ہیں محکمہ صحت ڈسٹرکٹ دکی میں ایک سول ہسپتال دکی سات آر ایچ سی ستر بی ایچ یوز [illegible] سی ڈیز اور دیگر محکموں میں جیسے حیوانات جنگلات زراعت ای ٹی سی میں دفاتر کام کر رہے ہیں یہ کام مرحوم سردار طاہر خان لونی خادم عوام سردار مسعود علی خان اور چیف آف لونی سردار شیر افضل خان لونی کی کوششوں کی مرہون منت ہیں دکی کچھ عرصہ پہلے ڈسٹرکٹ بنا مگر سردار مسعود علی خان نے برق رفتاری سے کام کیا۔

ڈسپیرٹی ریڈکشن الاونس کے اعلان پر عملدرآمد کیا جائے، محمد اعظم ریکسانی

الاونس کے اجرا کے حوالے سے ملازمین میں بے چینی پائی جاتی ہے، محنت و افرادی قوت یونٹ صدر

کوئٹہ (پ ر) آفیسرز ایسوسی ایشن محکمہ محنت و افرادی قوت یونٹ کے صدر محمد اعظم ریکسانی اور جنرل سیکرٹری خیر محمد رند نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈسپیرٹی ریڈکشن الاونس کے اعلان میں تاخیر حربوں سے سرکاری ملازمین میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت فوری طور پر ڈسپیرٹی ریڈکشن الاونس کے اجرا کا اعلان کرے تاکہ ملازمین میں پائی جانے والی اضطرابی کیفیت کا خاتمہ ہو سکے۔ تاخیری حربے نہ صرف ملازمین کے حوصلے پست کر رہے ہیں بلکہ سرکاری امور کی کارکردگی پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین روزمرہ مہنگائی کے طوفان میں بری طرح پس چکے ہیں، لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ ان کے جائز مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کرے۔

گورنمنٹ جنرل موسیٰ کالج میں کلائمنٹ چینج، وجوہات اور اثرات کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے نصراللہ بزنجو و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ڈگری کالج سریاب میں اساتذہ کی کمی دور کی جائے، کالج طلبا

وزیر تعلیم سیکرٹری تعلیم بی ایس کلاسز کے لیے اساتذہ کی مطلوبہ تعداد مکمل کریں

کوئٹہ (آن لائن) ڈگری کالج سریاب کے طلباء نے بی ایس کے شعبے میں اساتذہ کی کمی کے خلاف سوموار کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ ڈگری کالج سریاب کے بی ایس کے شعبے میں اساتذہ کی شدید کمی ہے اس لئے صوبائی حکومت اور وزیر تعلیم سیکرٹری تعلیم اساتذہ کی کمی کا نوٹس لیتے ہوئے نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے بی ایس کے شعبے میں اساتذہ کی کمی کو دور کرتے ہوئے اساتذہ کی تعیناتی کو یقینی بنائیں تاکہ نوجوانوں کو تعلیم کے حصول میں حائل مشکلات اور رکاوٹوں سے چھٹکارا مل سکے۔ مظاہرین اپنے مطالبات کے حق میں نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہو گئے۔

اقلیتوں کی عبادت گاہوں کے تقدس کا خیال رکھا جائے گا، ڈی سی کوئٹہ

نجیب کمار، ڈپٹی منیجر وقف پراپرٹی، ہندو اور سکھ برادری کے نمائندگان کی اجلاس میں شرکت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت متروکہ وقف املاک (Evacuee Trust Property) سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبر صوبائی اسمبلی مسٹر نجیب کمار، ڈپٹی منیجر وقف پراپرٹی سمیت ہندو اور سکھ برادری کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم، متروکہ وقف ٹرسٹ اور مذہبی مقامات سے متعلق املاک کے تنازعات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر شہر کے بڑے اسکولوں میں واقع ٹرسٹ کی پراپرٹی کے ریکارڈ اور دستاویزات کا بھی معائنہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم کے ساتھ مشاورت کے بعد اس معاملے کو حل کیا جائے گا تاکہ تمام فریقین کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جہاں مندر موجود تھا وہ مندر ہی برقرار رہے گا اور جہاں گردوارہ قائم تھا وہاں گردوارہ ہی موجود رہے گا، اور جس کی ملکیت ہوگی، املاک اسی کے حوالے کی جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اقلیتوں کی عبادت گاہوں کے تقدس کا مکمل خیال رکھا جائے گا اور تمام متعلقہ ادارے مل کر اس مسئلے کا پائیدار حل نکالیں گے۔

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہے گا، محکمہ موسمیات

[illegible]

چیئرمین شعیب احمد کی خدمات قابل ستائش ہیں، حاجی شفا مینگل

[illegible] کے دفتر میں ضلع چاغی سے آنے والے نو منتخب چیئرمین شعیب احمد کو خوش آمدید کہا گیا۔ اس موقع پر صوبائی صدر حاجی شفا مینگل، نائب صدر ماما روف مینگل، پریس سیکرٹری امین الحق مندوخیل اور وائس چیئرمین نیک محمد خلجی سمیت دیگر عہدیداران نے نو منتخب چیئرمین کو پھولوں کے ہار پہنائے اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب میں صوبائی قیادت نے شعیب احمد کی تنظیمی خدمات کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ وہ پیرامیڈیکل اسٹاف کی بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر شکایت گزار کو گیس بل میں 23,657 روپے کم کردیئے گئے

کوئٹہ (اے این این) شکایت گزار نے بتایا کہ ان کا مکان کافی عرصے سے خالی تھا، اس کے باوجود SSGCL نے اپریل 2025 میں 81,800 روپے کا زائد بل بھیج دیا، جس میں 3,037 روپے موجودہ چارجز بھی شامل ہیں۔ شکایت گزار نے مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ ادارے سے رابطہ کیا، تاہم کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہ نکل سکا۔ چنانچہ، شکایت گزار نے اپنے مسئلے کے فوری حل کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا۔ اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا۔ اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس کے بل کی درستگی فوراً کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے بل کی درستگی کر دی۔ جس سے درخواست گزار کو 23,657 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ اس بروقت کارروائی اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا بے حد شکریہ ادا کیا۔

مکران ڈویژن ٹرانسپورٹرز روٹ پرمٹ کیلئے ڈی سی گوادر سے رجوع کریں

گوادر (خ ن) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر گوادر کی جانب سے ٹرانسپورٹرز کی سہولت کے پیش نظر اہم ہدایت جاری کر دی گئی۔ مکران ڈویژن کے تمام ٹرانسپورٹرز کو تاکید کی گئی ہے کہ وہ اپنے نئے روٹ پرمٹ کے لیے درخواستیں ڈپٹی کمشنر گوادر کے دفتر میں جمع کرائیں تاکہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے ان کی سہولیات میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ یہ فیصلہ صوبائی حکام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان ہونے والی باہمی مشاورت اور ٹیلی فونک گفتگو کے بعد عمل میں آیا، جس کا مقصد ٹرانسپورٹ کے نظام کو زیادہ منظم اور عوام دوست بنانا ہے۔

چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر نور بلوچ کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (پ ر) معروف چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر نور بلوچ کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں۔ ان کے آبائی علاقے پنجپائی میں تدفین کے بعد ڈاکٹر نور صاحب کوئٹہ پہنچ گئے ہیں اور 2 دن آج بروز منگل اور بدھ وہ کوئٹہ میں اپنی رہائش گاہ واقع ون سٹی فیز ون گلی نمبر ایک بی سٹریٹ میں فاتحہ لیں گے

مولانا عبدالمالک ہاشمی بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما مولانا عبدالمالک ہاشمی بقضائے الٰہی انتقال کر گئے وہ مرحوم عبدالوہاب، عبدالرازق، اور عبدالحمید ہاشمی کے والد عبدالکریم، عبدالحکیم، ہاشمی کے بھائی، جبکہ ایجوکیشن کلرک بابو گوہر خان ہاشمی اور ہیڈ محرر پولیس تھانہ منگولی حافظ شہداد خان ہاشمی کے چچا تھے نماز جنازہ میں علاقے کے معتبرین معززین افسران شہریوں دوست و احباب نے بڑی تعداد میں شرکت کی مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا تعزیت کا سلسلہ ہاشمی ہاؤس گوٹھ عبدالرحمن ہاشمی میں جاری ہے دریں اثناء پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی کے صدر عبدالرزاق منگولی سینئر نائب صدر علی جان منگی سمیت دیگر ممبران نے تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے دیں آمین ثم آمین

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی [illegible] سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جامعات کے مالی بحران کے حل کیلئے کمیٹی کا قیام خوش آئند ہے، نذیر احمد لہڑی

ڈی سی اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن پر مشتمل کمیٹی کے قیام سے مسائل کے حل کی امید پیدا ہوئی ہے

[illegible] محمود اچکزئی اور ایگزیکٹیو ممبرز شمس اللہ علیزئی عالم خروٹی منیر جنگ ذوالفقار حیدر اور طاہر کاسی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حال ہی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبے کی سرکاری جامعات کے وائس چانسلرز کی ملاقات کے دوران جامعات کو درپیش مالی بحران، اساتذہ و ملازمین کی تنخواہوں اور پنشنز کی [illegible] ایسوسی ایشن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ سول سیکرٹریٹ اور گورنر سیکرٹریٹ کے طرز پر بلوچستان یونیورسٹی سمیت تمام جامعات کے آفیسرز اساتذہ و ملازمین کو تمام منظور شدہ الاؤنسز فراہم کیے جائیں، اور ریٹائرڈ اساتذہ و ملازمین کے پنشن کنٹریبیوشن اور بقایاجات کی فوری ادائیگی یقینی بنائی جائے۔

ضروری مرمت کے لیے بروز بدھ صبح دس بجے سے شام

چار بجے تک سریاب روڈ سے دیگر علاقوں میں گیس بند رہے گی

کوئٹہ (آن لائن) سوئی سدرن گیس کمپنی کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق ضروری مرمت کے سلسلے میں مورخہ 15 اکتوبر بروز بدھ صبح دس بجے سے شام چار بجے تک سریاب روڈ، گوہر آباد، چکی شاہوانی، قمبرانی روڈ، بکرا منڈی، مشرقی بائی پاس، لنک بادینی، بھوسہ منڈی، خلجی کالونی، قادری آباد، جنگ سناپ، مل کالونی، وحدت کالونی، سیٹلائٹ ٹاؤن، پشتون آباد، غوث آباد، سرکی روڈ، گوالمنڈی، لیاقت بازار، اکرم ہسپتال مشن روڈ، کچلی روڈ، کرانی روڈ، جیل روڈ بدھ اور ان سے ملحقہ علاقوں کو گیس کی ترسیل بند رہیگی۔ صارفین گیس سے گزارش ہے کہ اس دورانیہ میں متبادل ایندھن کا انتظام کریں۔ انتظامیہ سوئی گیس کمپنی اس زحمت پر معذرت خواہ ہے اور آپ کے تعاون کی طلبگار ہے۔

کوئٹہ: چیئرمین یونین کونسل جوئے حاجی میر شاہ سلیم خان ریکی، میر مراد علی ریکی، جمعیت علماء اسلام کے رہنما میر محمد جان کی عیادت کر رہے ہیں

چیف انجینئر اسحاق مینگل کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہاتے ہیں، لالا رشید

ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں اپنی ذمہ داریاں دیانتداری سے نبھائیں، سابق کونسلر

کوئٹہ (آن لائن) سابق کونسلر لالا رشید نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف آرکیٹیکٹ و چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ایک ایماندار، مخلص اور فرض شناس آفیسر ہیں لالا رشید نے کہا کہ حاجی اسحاق مینگل نے ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں اپنی ذمہ داریاں دیانتداری سے نبھائیں اور شہر کی تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے افسران کسی بھی ادارے کا سرمایہ ہوتے ہیں جو اپنی محنت، قابلیت اور خلوص نیت سے عوام کی خدمت کو اولین ترجیح دیتے ہیں انکا کہنا تھا کہ حاجی اسحاق مینگل کی کاوشیں شہر کی خوبصورتی اور ترقی میں ایک قابل تحسین مثال ہیں اور ان کی خدمات کو سراہنا ہم سب کا فرض ہے بعض عناصر کو ان کی ایمانداری اصول پسندی اور کامیاب منصوبوں سے تکلیف بھی پہنچ رہی ہے۔ حاجی اسحاق مینگل نے ادارے میں شفافیت، دیانت داری اور میرٹ کی بنیاد پر فیصلے کیے جس سے محکمہ جاتی نظام میں بہتری آئی اور ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز ہوئی انکی انہی خصوصیات نے عوام کا اعتماد جیتا لیکن بعض مفاد پرست عناصر ان کی کامیابیوں سے خائف دکھائی دیتے ہیں ہمیں حاجی اسحاق مینگل جیسے مخلص اور ایماندار افسران پر فخر کرنا چاہیے کیونکہ یہی وہ لوگ ہیں جو ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر عوامی خدمت کو ترجیح دیتے ہیں۔

ترقیاتی منصوبوں کا کریڈٹ لینا افسوسناک اور غیر اخلاقی عمل ہے، مبین خان

اُس وقت موجودہ ایم پی اے زرک خان مندوخیل سرکاری ملازمت کر رہے تھے، سابق وزیر معدنیات

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر معدنیات مبین خان نے کہا ہے کہ میرے دورِ وزارت میں شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں کا کریڈٹ لینا افسوسناک اور غیر اخلاقی عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے نواحی علاقے سرو خلہ میں ڈیم کی بنیاد میرے دور میں رکھی گئی تھی، اُس وقت موجودہ ایم پی اے زرک خان مندوخیل سرکاری ملازمت کر رہے تھے۔ مبین خان نے کہا کہ سیاستدانوں کو اخلاقی روایات کا پاسدار ہونا چاہیے، مگر افسوس کہ مذکورہ ایم پی اے کے طرزِ عمل سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ سیاست کے بجائے "ہیرا پھیری" میں زیادہ مہارت رکھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کلی ناصران میں 2022 کے سیلاب کے پیش نظر حفاظتی دیوار بھی ان کی نگرانی میں تعمیر کروائی گئی، لیکن اب انہی منصوبوں کا کریڈٹ لینے کی کوشش کی جارہی ہے جو عوام کو گمراہ کرنے کے مترادف ہے۔ سابق وزیر نے الزام عائد کیا کہ موجودہ ایم پی اے کوئٹہ کے ترقیاتی فنڈز ژوب منتقل کر رہے ہیں، جس سے کوئٹہ کے عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام باشعور ہیں اور وقت آنے پر ایسے طرزِ عمل کا جواب ووٹ کی طاقت سے دیں گے۔ آخر میں مبین خان نے کہا کہ وہ ہمیشہ عوامی مفاد کے لیے سرگرم رہے ہیں اور کوئٹہ کی ترقی و عوامی خدمت کے لیے اپنی جدوجہد آئندہ بھی جاری رکھیں گے۔

سیاسی رہنماؤں کی قومی معاملات پر خاموشی قابل مذمت ہے، ریحانہ حبیب جالب

حکومت وقت اور مقامی نمائندوں کی غفلت سے عوام میں بے چینی بڑھ رہی ہے، سیاسی رہنما

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی و سماجی رہنما اور ایکٹیوسٹ ریحانہ حبیب جالب نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں جان بوجھ کر افراتفری کا ماحول پیدا کیا جا رہا ہے۔ سیاسی جماعتوں کی قومی معاملات پر خاموشی اور کردار مجرمانہ ہے انہیں تاریخ کے سامنے جوابدہ ہونا پڑے گا۔ ہم پرامید شہریوں اور سیاسی کارکنان کے نام اپنی گہری تشویش اور صاف موقف کے ساتھ کہنا چاہتے ہیں: مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے نفاذ میں شفافیت و انصاف کا فقدان، جعلی نمائندگیاں، اور مفاد پرست فیصلے صوبے میں بے چینی، بے روزگاری اور عدم تحفظ کو جنم دے رہے ہیں۔ حکومت وقت اور مقامی نمائندے جب اپنی ذمہ داریوں سے غافل رہیں گے تو عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو جائے گا۔ نوجوان ناکامی اور مایوسی کا شکار ہیں ان کے مستقبل اور عزت نفس کا تحفظ ہم سب کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ایک آزاد، شفاف اور فوری انکوائری کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ مائنز اینڈ منرل ایکٹ کی تکمیل، الاٹمنٹ اور مشتبہ مفادات کی پوری جانچ ہو۔ ہم سیاسی کارکنان، نوجوانوں اور باشعور شہریوں سے اپیل کرتے ہیں: خاموشی توڑیں، اپنے نمائندوں سے جواب طلب کریں، اور اپنے حقوق کے لیے منظم اور جمہوری انداز میں کھڑے ہوں کیونکہ بلوچستان کا روشن مستقبل اسی میں مضمر ہے۔

NOTICE INVITING TENDER

The **Deputy Director, Agriculture (On Farm Water Management) Kech,** invites sealed Tender/Bid for execution of following works for the financial year of 2025-26 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rate, from eligible contractors/firms with the Bid Security **@ 2%** of estimated cost in shape of Call Deposit (Refundable). The non-refundable Tender Form Fee to be deposited in any **National Bank of Pakistan Branch** situated in Balochistan Province through Green Bank Challan in a head of account (C03136) **(verified by the District Accounts Officer).**

S#	Name of Work/s	TSE No.	Total Estimated Cost (Rupees)	Tender Fee (Rupees)
1	DRILLING OF BORES UNDER PROJECT "INSTALLATION OF SOLAR OPERATED TUBE WELLS FOR AGRICULTUR PURPOSE FOR THE FARMERS OF JATH KOLUWA AREA IN DISTRICT KECH" PSDP 2025-26 S. NO. 6110 [Z2025.1562].	TSE-252610891913	24,604,962	2,000
2	INSTALLATION OF SOLAR PUMPING SYSTEMS UNDER PROJECT "INSTALLATION OF SOLAR OPERATED TUBE WELLS FOR AGRICULTUR PURPOSE FOR THE FARMERS OF JATH KOLUWA AREA IN DISTRICT KECH" PSDP 2025-26 S. NO. 6110 [Z2025.1562].	TSE-252610891953	24,880,222	2,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 15,000,000 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE09 (ii) (Water Supply) EE11(i) (Solar). **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **28 October, 2025** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **28 October, 2025** till **11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Deputy Director Agriculture OFWM District Kech, Turbat **Phone no:** 03323906253: Email: agricultureofwmkech@gmail.com

Deputy Director Agriculture On Farm Water Management Kech

PRQ No.1874/13-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R KOHLU invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 5000 PKR and Bid Security 3% for each work**

S. No	TSE-No	Name of Work/s	Estimated Cost	Last date of bid submission
1	TSE-252610891743	BSDI Kohlu CONSTRUCTION OF FOUR ADDITIONAL CLASSROOMS GBHS KILLI KAREEM DAD TAMBO DISTRICT KOHLU	9,900,563	Latest by 24 October 2025 till 9:00 AM
2	TSE-252610891803	BSDI Kohlu CONSTRUCTION OF TWO ADDITIONAL CLASSROOMS GGPS KILLI SOBDAR KHAN DISTRICT KOHLU	4,945,548	Latest by 27 October 2025 till 9:00 AM
3	TSE-252610892363	BSDI Kohlu CONSTRUCTION OF OVER HEAD WATER STORAGE TANK AT GGDC DISTRICT KOHLU	4,000,000	Latest by 27 October 2025 till 9:00 AM
4	TSE-252610892183	BSDI Kohlu CONSTRUCTION OF 2 KM ACCESS(Internal & Link Roads) ROAD GGDC DISTRICT KOHLU	29,703,010	Latest by 27 October 2025 till 9:00 AM
5	TSE252610892413	A05270-454 Grant in Aid For FC Public School Kohlu(Technical Supplementary Grant	10,000,000	Latest by 27 October 2025 till 9:00 AM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over : can be seen from Bidding document(s) Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . **Procedure Of Procurement:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 3% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **5,000 PKR Issuance of tender Documents** can be seen from Bidding document(s) **Last Date of bid submission:** can be seen from Bidding document(s). **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **10:00 AM Address:** Office of Executive Engineer-II Provincial B& R District Kohlu **Phone no:** 3458047098 **Email:** engr.naeemzimri@gmail.com

Executive Engineer (Building) CW,P P & H Department, District Kohlu.

PRQ NO.1883/13-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی و استحکام کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی بحالی اور مزید 3 ہزار نئے گھروں کی تعمیر کا منصوبہ انقلابی اور تاریخی اقدام ہے، رہنما پی ایم ایل (ن)

وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت نے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے عملی اقدامات شروع کیے ہیں

گوادر ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے ہمراہ انسداد پولیو مہم کے قطرے پلا کر افتتاح کر رہے ہیں

زیارت: چار روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا گیا

مہم کے دوران ستائیس ہزار بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

گوادر پورٹ ڈیسیلینیشن پلانٹ کی مرمت مکمل، آپریشن بحال

ڈی آر اے الاؤنس کی ادائیگی میں تاخیر افسوسناک، احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے، اپکا بلوچستان

بلوچستان کے ملازمین کو امتیازی سلوک کا سامنا، وفاقی ملازمین کو 70 فیصد کی ادائیگی، جبکہ بلوچستان کے ملازمین تاحال چالیس فیصد کے منتظر ہیں

حکومتی رویہ نامناسب ہے، ہم خاموش تماشائی بن کر نہیں بیٹھیں گے، مجموعی 40 فیصد ڈی آر اے فوری جاری کی جائے، محمد اشرف ناروئی

...خلافی ناقابل برداشت ہوتی جا رہی ہے باقی صوبوں کے برعکس بلوچستان کے سرکاری ملازمین تاحال ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس (ڈی آر اے) سے محروم ہیں، وفاقی ملازمین کو 70 فیصد کی ادائیگی، جبکہ بلوچستان کے ملازمین تاحال چالیس فیصد کے منتظر ہیں۔ اپنے بیان میں اپکا لائیو سٹاک کے صدر محمد اشرف ناروئی نے صوبائی حکومت کو شدید... ہے وفاقی حکومت نے ملازمین اس وقت 70 فیصد ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس وصول کر رہے ہیں، جبکہ بلوچستان کے ملازمین تاحال اس جائز حق سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ اور وفاقی ٹیکسز سب پر یکساں لاگو ہوتے ہیں، مگر تنخواہوں اور الاؤنسز کے معاملات میں صوبائی ملازمین کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ یہ امتیازی سلوک صرف مالی... نے کہا کہ صوبائی حکومت نے پہلے 70 فیصد ڈی آر اے کا وعدہ کیا تھا، بعدازاں 40 فیصد پر بات کی گئی، اور اب وہ 40 فیصد بھی دینے سے انکاری ہے۔ یہ وعدہ خلافی نہیں بلکہ سرکاری ملازمین کے ساتھ کھلا دھوکہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومتی رویہ ملازمین کے صبر کا امتحان ہے، مگر ہم خاموش تماشائی بن کر نہیں بیٹھیں گے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی کابینہ سے پرزور مطالبہ کیا

15 اکتوبر کو کیسکو سینٹرل سرکل کوئٹہ میں کھلی کچہری منعقد ہوگی

کوئٹہ (ن ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے زیر اہتمام کوئٹہ شہر کے صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات کے ازالہ کے سلسلے میں 15 اکتوبر 2025 (بروز بدھ) سینٹرل سرکل کوئٹہ کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر سید عبداللہ شاہ کی زیر نگرانی ایگزیکٹو انجینئر زرغون، سریاب اور سٹی ڈویژن کی موجودگی میں صبح 11 بجے سے دن ایک بجے تک ایس ای آفس کیسکو واقع سٹیلائٹ ٹاؤن کوئٹہ میں صارفین کی شکایات معلوم کریں گے اور اُن کے ازالہ کیلئے موقع پر ہی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ لہٰذا کیسکو نے متعلقہ آپریشن ڈویژنز کے تمام صارفین جن میں لیاقت بازار، کینٹ، مری آباد، کچہری، عالم خان، چلاک، بروری، کرانی، شیخ ماندہ، سریاب، سٹیلائٹ ٹاؤن، مہردر، پشتون آباد، گوالمنڈی اور سپرزنڈ سب ڈویژن شامل ہیں اُن سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی سے متعلق شکایات یعنی بلوں کی درستگی، غلط میٹر ریڈنگ، نئے کنکشنز کی فراہمی میں تاخیر اور بجلی سے متعلق دیگر مسائل کے حل کیلئے 15 اکتوبر کے روز ایس ای آفس کوئٹہ میں منعقدہ کھلی کچہری میں شرکت کریں نیز تمام صارفین بجلی کا موجودہ بل اور تحریری درخواست اپنے ہمراہ لائیں تاکہ اُن کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

سی پی او کی قیادت میں راولپنڈی پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ

شہر میں دفعہ 144 نافذ عمل ہے، کسی بھی غیر قانونی اجتماع کی اجازت نہیں دی جائے گی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد ہمدانی کی قیادت میں راولپنڈی پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ، فلیگ مارچ پولیس ہیڈکوارٹرز سے شروع ہو کر کچہری چوک، مری چوک، شمس آباد، مال روڈ، قاسم مارکیٹ، پیرودہائی موڑ، ٹیکسلا اور دیگر علاقوں میں جاری، فلیگ مارچ میں ایس ایس پی انویسٹی گیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران کی شرکت، راولپنڈی میں دفعہ 144 نافذ عمل ہے، کسی بھی غیر قانونی اجتماع کی اجازت نہیں دی جائے گی، قانون کی خلاف ورزی یا شرپسندی میں ملوث افراد سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا شہری کسی بھی غیر قانونی یا شرپسند سرگرمی کا حصہ نہ بنیں، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی قیادت میں راولپنڈی پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ، فلیگ مارچ پولیس ہیڈکوارٹرز سے شروع ہو کر کچہری چوک، مری چوک، شمس آباد، مال روڈ، قاسم مارکیٹ، پیرودہائی موڑ، ٹیکسلا اور دیگر علاقوں میں جاری ہے، فلیگ مارچ میں ایس ایس پی انویسٹی گیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی، فلیگ مارچ کا مقصد امن و امان کے قیام کے لیے راولپنڈی پولیس کے عزم کا...

دوستانہ اور مثبت تعلیمی ماحول پیدا کرنا اولین ترجیح ہے، غلام حسین

تعلیم صرف نصابی سرگرمیوں تک محدود نہیں ہونی چاہیے، استقبالیہ سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول رند گڑھ کوئٹہ کے پرنسپل غلام حسین نے کہا ہے کہ بچوں کی بہترین تربیت اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ایک دوستانہ اور مثبت تعلیمی ماحول پیدا کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم صرف نصابی سرگرمیوں تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ طلبہ کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت اور سماجی شعور کو بھی یکساں اہمیت دی جانی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکول میں دوبارہ تعیناتی کے موقع پر اساتذہ کی جانب سے استقبالیہ پروگرام کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اساتذہ کرام ندیم خان، سمیع اللہ رند، عبیداللہ، محمد ظفر، محمد عظیم، مفتی عبداللہ، محمد ایوب، حاجی نیاز محمد، محمد عارف، مستی خان، جہانزیب، محمد یحییٰ، محبوب احمد، ثناء اللہ اور دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر پرنسپل سر غلام حسین نے کہا کہ اسکول کے تمام اساتذہ اپنی ذمہ داریاں بخوبی نبھا رہے ہیں اور وہ طلبہ کی تعلیمی ترقی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔

گوادر میں انسداد پولیو مہم (این آئی ڈی اکتوبر) کا باقاعدہ افتتاح

مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف مقرر

گوادر (ن ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبداللطیف دشتی نے بچوں کو پولیو وائرس سے بچاؤ کے ویکسین کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم (این آئی ڈی اکتوبر) کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے ڈی ایس او ڈاکٹر ظفر اقبال سمیت محکمہ صحت کے افسران، فیلڈ اسٹاف، والدین، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جنہوں نے پولیو کے خاتمے کے عزم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عبدالشکور نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے والدین، اساتذہ اور معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے، یہی مہم کی اصل کامیابی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور عالمی ادارے مل کر اس مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے تقریباً تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائے جا رہے ہیں

نصیرآباد تھانہ جھوشوری میں ڈکیتی کی بڑی واردات

...میں ڈکیتی کی بڑی واردات کھاد ڈیلر کے دکان کے تالے توڑ کر مسلح ڈاکو چار لاکھ روپے نقدی چوبیس بوریاں سونا یوریا اور سات بوری سرسبز کھاد چوری کر کے فرار ہوگئے واقعے کے باعث کاروباری طبقے میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی پولیس کے مطابق ضلع نصیرآباد پولیس تھانہ جھوشوری کی حدود میں بازار جھوشوری لہڑی پٹرولیم کے قریب کھاد ڈیلر عبدالمجید رند کی کھاد کے دکان کے تالے توڑ کر نامعلوم افراد نے چار لاکھ روپے کے لگ بھگ نقدی 26 بوریاں سونا یوریا اور سات بوریاں سرسبز کھاد چوری کر کے...

پشین تا اور مازہ پبلک ٹرانسپورٹ گڈز ٹرانسپورٹ میں تبدیل، مسافر پریشان

خواتین اور فیملیز ٹرانسپورٹ کی بدانتظامی سے شدید پریشان، انتظامیہ سے نوٹس لینے کی اپیل

پشین (یو این اے) پشین سے اور مازہ کا سفر مسافروں کے لیے وبال بن گیا ہے۔ شاہین پبلک ٹرانسپورٹ سروسز نے اپنی نوعیت تبدیل کرتے ہوئے مسافروں کی بجائے سامان کی ترسیل کو ترجیح دینا شروع کردی ہے، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی مسافروں کے مطابق پہلے یہی ٹرانسپورٹ سروسز گھر سے لے کر منزل تک پہنچانے کی سہولت فراہم کرتی تھیں، جو بالخصوص خواتین اور فیملیز کے لیے آسانی کا باعث تھی۔ تاہم اب مسافروں کو مخصوص اسٹاپس سے اٹھایا اور اتارا جاتا ہے، جس سے خواتین کو سڑکوں اور بازاروں میں طویل انتظار کرنا پڑتا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ پبلک ٹرانسپورٹ میں ایرانی سامان کی ترسیل عروج پر ہے اور اسی وجہ سے مسافروں کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ مزید یہ کہ کمران کو شل ہائی وے پر دکانوں پر سامان اتارنے کے باعث سفر غیر ضروری طور پر طویل ہو جاتا ہے

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو

روڈ نیٹ ورک اور بلڈنگز کے تعمیراتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، لورالائی میں کئی ترقیاتی منصوبے جاری ہیں

حکام بالا کے احکامات کی روشنی میں تمام امور کو معیاری بنانے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی منصوبوں کو مقررہ معیار کیمطابق مکمل کیا جائے

لورالائی (ن ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے روڈ نیٹ ورک اور بلڈنگز کے تعمیراتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا عوامی سہولت کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے لورالائی میں کئی منصوبے جاری ہیں ان منصوبوں کے معیار کا جائزہ لینے کے موقع پر کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ چیف انجینئر ساجد بلوچ، ایکسین بی اینڈ آر احمد دین ایکسین بی اینڈ آر محمد دواد، ایس ڈی او محمد انور لونی موجود تھے سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو لعل جان جعفر نے یونیورسٹی روڈ، لورالائی تو سنجاوی روڈ، ہائی کورٹ زیر تعمیر بلڈنگ، اورالائی میں جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبے کے مختلف حصوں کا باریک بینی سے معائنہ کرتے ہوئے ترقیاتی امور کا مشاہدہ کیا اور ایگزیکٹو انجینئرز روڈز و بلڈنگ احمد دین اور محمد دواد سے منصوبے کے معیار اور تکمیل کی رفتار کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ سیکرٹری نے ہدایت کی کہ حکام بالا کے احکامات کی روشنی میں تمام امور کو معیاری بنانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی منصوبے کو مقررہ مدت اور پی سی ون کے عین مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بروقت سہولتیں میسر آسکیں۔ دورے کے دوران سیکرٹری نے ضلع میں بلڈنگز کے منصوبوں کو بروقت اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کرنے کے لیے واضح احکامات دیے اور کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے کروڑوں روپے کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کی تکمیل کے بعد نہ صرف لوگوں کی معیار زندگی میں نمایاں بہتری آئے گی بلکہ جدید سہولتیں بھی عوام کو ان کے دروازے پر فراہم کی جائیں گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ دورے کا مقصد صرف منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینا نہیں بلکہ ان کے معیار کو پرکھنا بھی ہے، کیونکہ غیر معیاری ترقیاتی عمل ناقابل قبول ہوگا۔ انہوں نے تمام انجینئرز اور فیلڈ اسٹاف کو ہدایت کی کہ وہ اپنی موجودگی میں تعمیراتی منصوبوں کی نگرانی یقینی بنائیں اور پی سی ون کے مطابق معیار کو ہر حال میں برقرار رکھیں تاکہ حکومت کے عوام دوست ترقیاتی وژن کو عملی جامہ پہنایا جاسکے۔

نوجوان نسل ہمارے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، ڈاکٹر فرزانہ ہاشم

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چتکان پنجگور میں "ورلڈ اسپیس ڈے" منایا گیا

پنجگور (ن ن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چتکان پنجگور میں "ورلڈ اسپیس ڈے" کے موقع پر اسپیس اور سائنس کے موضوع پر ایک پروقار، اور معلومات سے بھرپور تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں طالبات نے خلا، سائنس اور ٹیکنالوجی سے متعلق مختلف تخلیقی پروجیکٹس پیش کیے، جنہوں نے شرکاء کی بھرپور توجہ حاصل کی طالبات نے اپنے ماڈلز اور منصوبوں کے ذریعے اسپیس سے متعلق سائنسی حقائق اور جدید معلومات پر بریفنگ دی، جبکہ تقریب میں تعلیمی ماحول کو مزید فروغ دینے کے لیے علم و تحقیق کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی تقریب کی مہمان خصوصی ڈگری کالج کی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فرزانہ ہاشم تھیں، جبکہ اساتذہ اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب مختلف حصوں پر مشتمل تھی، جس میں طالبات نے اسپیس کے بارے میں تیار کردہ ماڈلز پیش کیے، سائنسی نکات پر روشنی ڈالی، اور تعلیم و تحقیق سے متعلق تقاریر بھی کیں۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر فرزانہ ہاشم نے طالبات کی محنت، لگن اور تخلیقی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بچیوں نے اسپیس اور سائنس کے حوالے سے نہ صرف بہترین ماڈلز تیار کیے بلکہ انہیں مدلل انداز میں پیش کر کے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور ثبوت دیا ہے۔ یہ نوجوان نسل ہمارے روشن مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ کالج انتظامیہ آئندہ بھی ایسے علمی و سائنسی پروگرامز کا سلسلہ جاری رکھے گی تاکہ طالبات کی تخلیقی و تحقیقی صلاحیتوں کو مزید نکھارا جا سکے تقریب میں بہترین پروجیکٹس تیار کرنے والی طالبات میں شیلڈز اور انعامات تقسیم کیے گئے، جبکہ حاضرین نے بچیوں کی کاوشوں کو زبردست انداز میں سراہا۔

قلعہ سیف اللہ، ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کے ہدایات پر ضلعی افسران افغان جارحیت کے خلاف پاک فوج کی حمایت میں ریلی نکال رہے ہیں

خطے کی ترقی و خوشحالی کیلئے پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان کا وژن یکساں ہے، یوسف رضا گیلانی

سردار ایاز صادق نے تینوں ممالک کو ایک ایسے وقت میں یکجا کیا جب ہماری وحدت ایک پیغام بھی ہے اور ایک مشن بھی، اجلاس سے خطاب

ہماری قومیں آزمائش کی گھڑیوں میں ہمیشہ باہم شانہ بشانہ کھڑی رہیں، اور ہمارے تعلقات باہمی احترام اور تعاون کی بنیاد پر استوار ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان خطے کی ترقی و خوشحالی کے لیے ایک مشترکہ وژن رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین سینیٹ نے بطور خصوصی مہمان پیر کو پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقدہ آذربائیجان، پاکستان اور ترکیہ کی تیسری سہ فریقی اسپیکرز میٹنگ کے دوران کیا۔ جس کا عنوان "علاقائی امن، سلامتی اور خوشحالی کے لیے پارلیمانی تعاون اور برادرانہ تعلقات کو مضبوط بنانا" تھا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ہماری قومیں ایمان اور مشترکہ تقدیر کے رشتے سے منسلک ہیں۔ انہوں نے قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق کی اس کاوش کو سراہا کہ انہوں نے تینوں ممالک کو ایک ایسے وقت میں یکجا کیا جب ہماری وحدت ایک پیغام بھی ہے اور ایک مشن بھی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس اجلاس کا موضوع ان کے دل کے قریب ہے کیونکہ وہ مکالمے، وقار اور جمہوریت کی طاقت پر پختہ یقین رکھتے ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے مزید کہا کہ ہماری قومیں آزمائش کی گھڑیوں میں ہمیشہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں، اور ہمارے تعلقات باہمی احترام اور تعاون کی بنیاد پر استوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خلافت تحریک جس نے مسلمانوں کے دلوں کو جوڑا سے لے کر پاکستان کی آذربائیجان کی خودمختاری کے لیے غیر متزلزل حمایت اور ترکیہ کے کشمیر کے منصفانہ موقف کے لیے ثابت قدم حمایت تک ہماری تاریخیں ہمیشہ اس وقت باہم جڑی ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے بطور وزیراعظم پاکستان کے دور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں مختلف بین الاقوامی فورمز پر ترکیہ اور آذربائیجان کے رہنماؤں سے ملاقات کا اعزاز حاصل رہا۔

یونیورسٹی آف تربت کی پرفارمنس میں 6 پوائنٹس کی بہتری

ایچ ای سی کے ذیلی ادارے کیو اے اے کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ

تربت (ن ن) یونیورسٹی آف تربت نے اپنے تعلیمی اور ادارہ جاتی معاملات سمیت تمام امور میں کوالٹی کو یقینی بنانے کے سلسلے میں اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تربت یونیورسٹی کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل (کیو ای سی) نے اینول پرفارمنس رپورٹ 2023-2024 میں 100 میں سے 69.64 اسکور حاصل کیے ہیں جو کہ تربت یونیورسٹی کی ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔ یہ بات گزشتہ ہفتے ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کے ذیلی ادارے کیو اے اے کی جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیہ میں سامنے آئی ہے۔ یہ کامیابی تربت یونیورسٹی جیسی نئی اور تیزی سے ابھرتی ہوئی تعلیمی ادارے کے لیے ایک غیر معمولی سنگ میل ہے۔ اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ تربت یونیورسٹی اپنے قیام سے ہی اپنے تعلیمی پروگرامز، تدریسی طریقہ کار اور ادارہ جاتی معاملات میں کوالٹی کو برقرار رکھنے اور اسے مزید بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ یہ کامیابی اس امر کا بھی مظہر ہے کہ تربت یونیورسٹی، کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ذریعے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی وضع کردہ...

اور ماڑہ میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا گیا

اورماڑہ (ن ن) تحصیلدار نور خان بلوچ نے چیئرمین میونسپل کمیٹی اورماڑہ محفوظ بلوچ کے ہمراہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے ویکسین کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم (این آئی ڈی اکتوبر) کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران، فیلڈ ٹیمیں، والدین اور مقامی عمائدین بھی موجود تھے۔ تحصیلدار نور خان بلوچ نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، والدین ہر صورت اپنے بچوں کو ویکسین کے قطرے پلوائیں تاکہ وہ...

جنگ مسائل کا حل نہیں، پاکستان جسم تو افغانستان دل کی مانند ہے، احمد خان

طاقت کے بجائے سیاسی ڈائیلاگ اور باہمی احترام ہی دونوں ممالک کے مفاد میں ہے، چیئرمین اے کیو ایم

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے کہا ہے کہ پاک افغان حالیہ کشیدگی تشویشناک ہے، جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں بلکہ تباہی و بربادی کا باعث بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارے لیے جسم جبکہ افغانستان دل کی مانند ہے، اور یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ ہمسائے کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے زعم اور زور بازو کے بجائے سیاسی ڈائیلاگ اور باہمی احترام پر مبنی حل ہی دونوں ممالک کے عظیم تر مفاد میں ہے۔ دنیا کی جنگ زدہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جنگ نے کبھی بھی ترقی یا آبادکاری نہیں لائی، اس لیے جنوبی ایشیائی ممالک کو چاہیے کہ ایک دوسرے کی خودمختاری کا احترام کریں اور سرحدی دراندازی سے اجتناب برتیں۔ احمد خان نے مزید کہا کہ پرامن اور دیرپا روابط ہی تمام ممالک کے عوام کے لیے خوشحالی کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ ملک میں احساس محرومی کی شدت نے نفرتوں میں اضافہ کردیا ہے، جس کے منفی اثرات قومی یکجہتی پر پڑ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تاریخ گواہ ہے کہ وہی اقوام کامیاب ہوتی ہیں جن کی سیکیورٹی فورسز کے پیچھے ایک متحد اور منظم قوم کھڑی ہو۔ احساس محرومی کے خاتمے، علاقائی ہم آہنگی اور سیاسی اتفاق ہی ترقی و استحکام کی ضمانت ہیں۔

پنجگور: دو ہفتوں میں ڈینگی کے 19 مریض رپورٹ

ڈینگی متاثرین کراچی اور حب چوکی سے آئے، مزید پھیلا کا خدشہ، ڈی ایچ او

پنجگور (یو این اے) ضلع پنجگور میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران ڈینگی کے 19 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ محکمہ صحت پنجگور کے مطابق ڈینگی سے متاثرہ بیشتر مریض کراچی اور حب چوکی سے آنے والے ہیں۔ مختلف لیبارٹریز کی رپورٹس کے مطابق گزشتہ چودہ دنوں میں 19 کیسز مثبت آئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور عابد علی ریکی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ڈینگی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے پیر کے روز ایک ہنگامی اجلاس طلب کیا گیا ہے، جس میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے فوری اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ مریضوں سے ڈینگی کے مزید پھیلنے کا خدشہ موجود ہے، اس لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ناگزیر ہے

ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی ریلوے اسٹیشن پر ٹرین میں موجود بچوں کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں

بی ایف اے غیر معیاری گوشت فروخت کرنیوالوں کیخلاف کارروائیاں تیز کر دیں

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے غیر معیاری گوشت فروخت کنندگان کیخلاف کارروائیاں کیں

اتھارٹی کی انسپیکشن ٹیموں نے عالمو چوک کوئٹہ میں خصوصی مہم کے دوران متعدد بیف، مٹن اور پولٹری شاپس کا تفصیلی معائنہ کر کے کارروائیاں کیں

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے عوام کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے غیر معیاری گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں اتھارٹی کی انسپیکشن ٹیموں نے عالمو چوک کوئٹہ میں خصوصی مہم کے دوران متعدد بیف، مٹن اور پولٹری شاپس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انسپیکشن کے دوران کل 32 دکانوں کی چیکنگ کی گئی، جن میں سے 20 دکانداروں پر صفائی کے ناقص انتظامات، غیر معیاری گوشت کی نمائش اور حفظان صحت کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزیوں پر جرمانے عائد جبکہ 2 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ چیکنگ کے دوران انسپیکشن ٹیموں نے بعض دکانوں میں گندے اور بدبودار فریزر، مکھیوں کی بھرمار، دکانوں کے باہر لٹکا ہوا گوشت اور بغیر لائسنس کاروبار کرنے جیسے سنگین معاملات کی نشاندہی کی۔ میٹ شاپس مالکان کو ترجیحی بنیادوں پر صفائی کے انتظامات بہتر بنانے اور اتھارٹی سے فوڈ بزنس لائسنس حاصل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق عوامی صحت کے تحفظ کے لیے صوبہ بھر میں ایسی انسپیکشنز کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔ اتھارٹی کسی بھی سطح پر غیر معیاری خوراک کے کاروبار کو برداشت نہیں کرے گی اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ اتھارٹی کی جانب سے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ گوشت ہمیشہ صاف ستھرے، لائسنس...

افغان حکومت نے احسان فراموشی کی بدترین مثال قائم کی ہے، میاں خان بگٹی

پاکستان نے گزشتہ چار دہائیوں تک لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دی، اس دوران انہیں تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے

افسوس کہ انہی احسانات کا بدلہ پاکستان کو سرحد پار دہشتگردی اور جارحیت کی صورت میں دیا جا رہا ہے پاکستان ایک پرامن ملک ہے

سبی (اے این این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم و انرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی، پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ افغانستان کی طالبان عبوری حکومت نے احسان فراموشی کی بدترین مثال قائم کی ہے پاکستان نے گزشتہ چار دہائیوں تک لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دی، انہیں تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے، اور مشکل ترین حالات میں بھی افغان عوام کے ساتھ کھڑا رہا۔ مگر افسوس کہ انہی احسانات کا بدلہ پاکستان کو سرحد پار دہشتگردی اور جارحیت کی صورت میں دیا جا رہا ہے پاکستان ایک پرامن ملک ہے، مگر ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھنے کی غلطی نہ کی جائے۔ جو بھی پاکستان کی خودمختاری اور سرحدی سلامتی کو چیلنج کرے گا، اُسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ ہماری بہادر افواج سیسہ پلائی دیوار کی طرح وطن کے دفاع کے لیے ڈٹی ہوئی ہیں اور پوری قوم اپنی فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ہم واضح کرتے ہیں کہ یہ جنگ افغان عوام کے خلاف نہیں بلکہ دہشتگردی کے خلاف ہے۔ دہشتگرد گروہ دونوں ممالک کے امن، استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں۔ ان کا خاتمہ نہ صرف پاکستان بلکہ افغانستان کے عوام کے مفاد میں بھی ہے پاکستان ہمیشہ افغان عوام کا خیرخواہ رہا...

پاک فوج اور قوم متحد ہیں دشمن کو منہ توڑ جواب ملے گا، مولانا محمد قاسم حقانی

افغانستان کی جانب سے کی جانیوالی حالیہ جارحیت کی مذمت کرتے ہیں، بیان

کوئٹہ (یو این اے) ممتاز عالم دین مولانا مفتی محمد قاسم حقانی نے افغانستان کی جانب سے پاکستان پر حالیہ جارحیت کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ایک خودمختار اور پرامن ملک ہے اور سرحدی خلاف ورزی یا بیرونی حملے برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ مولانا مفتی قاسم نے پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج کی قربانیاں، پیشہ ورانہ مہارت اور وطن کے دفاع کے جذبے پر قوم فخر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا: "پاک فوج اور قوم متحد ہیں، ملک کی سالمیت اور سرحدوں کے دفاع کے لیے علماء، طلبہ اور عوام ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ جو بھی اسلام اور پاکستان کا دشمن پاکستان کی سرزمین پر میلی نظر ڈالے گا اسے منہ توڑ جواب ملے گا۔ مولانا مفتی قاسم نے شہداء کے درجات کی بلندی، پسماندگان کو صبر جمیل اور زخمیوں کو شفا کی دعا...

تحریک لبیک بلوچستان کا کوئٹہ میں احتجاج، قومی شاہراہ بلاک کر دی

انتظامیہ کے ناروا رویہ اور اپنی جماعت اور کارکنوں کے حق میں نعرہ بازی کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تحریک لبیک بلوچستان کے کارکنوں نے مرکزی قیادت اور نکالی گئی ریلی کے شرکاء پر پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے پنجاب میں پرتشدد کارروائیوں کے خلاف کوئٹہ کے نواحی علاقے سونا خان چوک پر قومی شاہراہ کو رکاوٹیں کھڑی کر کے احتجاج کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی۔ تحریک لبیک کے کارکنوں نے قومی شاہراہ پر ٹائر جلائے اور پتھر رکھ کر ہر قسم کی ٹریفک کو معطل کردیا اور انتظامیہ کے ناروا رویہ اور اپنی جماعت اور کارکنوں کے حق میں نعرہ بازی کی اور کئی گھنٹوں تک احتجاج کی وجہ سے روڈ بند رہنے سے ٹرانسپورٹروں، مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا انتظامیہ کی یقین دہانی پر کئی گھنٹوں بعد مظاہرین نے اپنا احتجاج ختم کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہوگئے

پولیو ٹیموں کی کارکردگی اطمینان بخش ہے، اے سی تربت

تربت۔ اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ کی سربراہی میں پولیو کے حوالے سے ایک اہم ایونگ اجلاس ڈپٹی کمشنر کیچ آفس تربت کے مقام پر منعقد ہوا۔ اس موقع پر اجلاس میں ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ، پی پی ایچ آئی کے ضلعی سربراہ ڈاکٹر منیر احمد، ڈبلیو ایچ او کیچ کے نمائندے ڈاکٹر ارسلان بلوچ سمیت یونیسیف اور دیگر متعلقہ اداروں کے اہلکار موجود تھے۔ اجلاس میں ضلع کیچ میں جاری انسداد پولیو مہم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس دوران پولیو مہم کی موثر نگرانی، مہم کو درپیش چیلنجز اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے پر غور و فکر کیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تربت نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے زور دیا کہ ضلع کے تمام دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بچہ مہم سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ اسسٹنٹ کمشنر تربت نے ایریا انچارجز اور سپروائزروں کو ہدایت کی کہ وہ ٹیموں کی موثر نگرانی کریں اور ہر یونین کونسل میں مہم کی مکمل رپورٹنگ کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں مہم کو مزید مربوط اور موثر بنانے کے لیے فیلڈ سٹاف کو درپیش مسائل پر بھی بات چیت ہوئی، جنہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اختتام پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ پولیو مہم میں روابط کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ ہر گھر تک رسائی ممکن بنائی جاسکے۔

اطلاع برائے ٹیسٹ و انٹرویو

جن امیدواروں نے محکمہ قانون و پارلیمانی امور کوئٹہ، بحوالہ اشتہارات نمبر PRQ No 567/12-08-2025 مورخہ 13-08-2025 و اشتہار نمبر PRQ No 1272 مورخہ 16-09-2025 کے توسط سے تاریخ بڑھائی گئی تھی اس ضمن میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں کے لیے درخواستیں جمع کی تھیں ان درخواست گزاروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے ٹیسٹ و انٹرویو مندرجہ ذیل تاریخوں میں متعلقہ ضلعی دفاتر میں منعقد ہونگے۔

نوٹ: تمام امیدوار ٹیسٹ والے دن اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور انٹرویو والے دن اپنے اصل دستاویزات بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور اپنی تمام دستاویزات کی دو سیٹ تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں اپنے ہمراہ لائیں۔ ٹیسٹ اور انٹرویو میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو کسی قسم کا کوئی ٹی اے / ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔

نمبر شمار	نام آسامی و گریڈ	ضلع / مقام	تاریخ ٹیسٹ	وقت	تاریخ انٹرویو	وقت
1	کورٹ اٹینڈنٹ (B-07)	گورنمنٹ بوائز کامرس کالج بروری روڈ کوئٹہ	18-10-2025	دوپہر 03:00 بجے	19-10-2025	صبح 10:00 بجے
	نائب قاصد (B-01)	گورنمنٹ بوائز کامرس کالج بروری روڈ کوئٹہ	NIL	NIL	19-10-2025	صبح 10:00 بجے
2	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	ڈپٹی کمشنر آفس پشین	21-10-2025	دوپہر 12:00 بجے	22-10-2025	صبح 10:00 بجے
	نائب قاصد (B-01)	ڈپٹی کمشنر آفس پشین	NIL	NIL	22-10-2025	صبح 10:00 بجے
3	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	بوائز ڈگری کالج زیارت	24-10-2025	دوپہر 01:00 بجے	25-10-2025	صبح 10:00 بجے
	نائب قاصد (B-01)	بوائز ڈگری کالج زیارت	NIL	NIL	25-10-2025	صبح 11:00 بجے
4	نائب قاصد (B-01)	دکی، میونسپل کمیٹی، دکی	NIL	NIL	25-10-2025	صبح 11:00 بجے
5	اکاؤنٹنٹ / اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ (B-14)	پراسیکیوشن آفس متصل سیشن کورٹ، لورالائی	27-10-2025	دوپہر 12:00 بجے	28-10-2025	صبح 09:00 بجے
	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	پراسیکیوشن آفس متصل سیشن کورٹ، لورالائی	27-10-2025	دوپہر 12:00 بجے	28-10-2025	صبح 11:00 بجے
6	نائب قاصد (B-01)	کلچرل ہال نزد عرفان اسٹیڈیم ژوب	NIL	NIL	29-10-2025	صبح 09:00 بجے
7	نائب قاصد (B-01)	گورنمنٹ پائلٹ سیکنڈری اسکول، مستونگ	NIL	NIL	01-11-2025	صبح 11:00 بجے
8	نائب قاصد (B-01)	لوکل گورنمنٹ ہال قلات (ڈپٹی کمشنر کمپلیکس)	NIL	NIL	03-11-2025	صبح 11:00 بجے
9	اکاؤنٹنٹ / اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ (B-14)	ڈپٹی کمشنر آفس، خضدار	04-11-2025	صبح 10:00 بجے	04-11-2025	دوپہر 02:00 بجے
10	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول آواران	06-11-2025	صبح 08:30 بجے	06-11-2025	دوپہر 01:00 بجے
	نائب قاصد (B-01)	گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول آواران	NIL	NIL	06-11-2025	صبح 11:00 بجے
	سویپر (B-01) کنٹریکٹ	گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول آواران	NIL	NIL	06-11-2025	صبح 12:00 بجے
11	اکاؤنٹنٹ / اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ (B-14)	ڈسٹرکٹ کونسل ہال گوادر	09-11-2025	صبح 11:00 بجے	09-11-2025	دوپہر 02:00 بجے
12	چوکیدار (B-01)	ڈسٹرکٹ اٹارنی آفس پنجگور	NIL	NIL	11-11-2025	صبح 10:00 بجے
13	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	پرانا سیشن کورٹ ڈسٹرکٹ اٹارنی آفس نوشکی	14-11-2025	صبح 11:00 بجے	15-11-2025	صبح 09:00 بجے
14	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	پرانا سیشن کورٹ ڈسٹرکٹ اٹارنی آفس خاران	16-11-2025	صبح 10:00 بجے	16-11-2025	دوپہر 01:00 بجے

سیکشن آفیسر (ایڈمن) قانون و پارلیمانی امور
حکومت بلوچستان کوئٹہ فون نمبر 081-9201020

PRQ No 1880/13-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-252610892544 ONLY ELECTRONIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agency or authority for preparation of Hiring of "CONSULTANCY SERVICES FROM CONSULTING FIRMS" TITLED as

S.NO.	DESCRIPTION	E/COST	BID SECURITY
1	DETAIL DESIGN AND TOP SUPERVISION OF "CONSTRUCTION OF BRIDGE ON GARANG NULLAH DISTRICT NUSHKI PSDP NO.1327 PROJECT ID. Z2025.0795"	5.367 M	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **ELIGIBILITY OF BIDDERS:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turnover of at least 5,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Valid PEC with full codes of Project Profile Codes: 1215, 0510, 0511, 0531, 0532, 0533, 0536, 0537, 0542, 0543, 0544 At least MHVRA project in last 03 years **PROCEDURE OF PROCUREMENT:** SINGLE STAGE - TWO ENVELOPE Bidding Procedure **BID SECURITY:** The bids must accompany Bid Security in the form of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The **FINANCIAL PROPOSALS** shall be opened of those consultants whose TECHNICAL PROPOSAL is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website **(www.bppra.gob.pk)**. **LAST DATE OF BID SUBMISSION:** The Tenders must be submitted latest by **28 October 2025** till **09:00 AM**. **TENDER OPENING:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **10:00 AM** **ADDRESS:** Office of the Executive Engineer – Roads Communication Works Physical Planning and Housing Department District Nushki **Phone No:** 0825-872171 **Email:** sagheernousherwani@gmail.com

Executive Engineer - Roads
Communication Works Physical Planning and Housing Department District Nushki

PRQ No.1871/13-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔ پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 14 اکتوبر 2025ء

مشرق وسطیٰ: بارآور ہوتی امن کوششیں اور مستقبل کی امیدیں وتوقعات

جیسا کہ امید اور توقع کی جارہی تھی پیر کے روز مشرق وسطیٰ کی صورتحال ایک نئی جہت کے ساتھ سامنے آئی ہے اور عالمی رہنما شرم الشیخ میں اکٹھے ہو کر امن کوششوں کو ثمر بار بنانے کی حتمی کوشش میں لگے ہوئے ہیں پیر کے روز فلسطینی مزاحمتی گروپ حماس نے جنگ بندی کے معاہدے کے بعد غزہ میں موجود تمام بیس زندہ اسرائیلی یرغمالیوں کو دو مرحلوں میں بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی کے حوالے کردیا ہے اس وقت دیکھا جائے تو دنیا ایک ایسے نازک دوراہے پر کھڑی ہے جہاں جنگ وجدل کی تاریکی اور امن کی روشنی ایک دوسرے سے نبرد آزما دکھائی دیتی ہے۔ فلسطین پر جاری اسرائیلی مظالم نے لاتعداد انسانوں کو نگل لیا ہے کئی نسلیں اجڑ گئیں اور مشرق وسطیٰ گزشتہ کئی عشروں سے ایک مستقل میدان جنگ کا منظر پیش کرتا آیا ہے تاہم اب ایک نئی امید نے جنم لیا ہے، اور یہ امید امن کی صورت میں نمودار ہوئی ہے۔ فلسطینی مزاحمتی گروپ 'حماس' اور اسرائیل کے مابین جنگ بندی کا وہ معاہدہ جو حالیہ دنوں میں طے پایا، اسے مشرق وسطیٰ میں امن کی جانب ایک تاریخی موڑ قرار دیا جارہا ہے حماس نے غزہ میں موجود تمام بیس زندہ اسرائیلی یرغمالیوں کو دو مرحلوں میں بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی کے حوالے کردیا ہے پہلے مرحلے میں یرغمالیوں کو منتقل کیا گیا، اور دوسرے مرحلے میں تیرہ یرغمالیوں کو جنوبی غزہ کے شہر خان یونس لے جایا گیا۔ ان اقدامات کے نتیجے میں اسرائیلی جیلوں سے فلسطینی قیدیوں کی رہائی کا عمل بھی شروع ہوا یہ جنگ بندی اس دو سالہ جنگ کا اختتام ہے جو بتدریج ایک علاقائی تنازع میں تبدیل ہو گئی تھی۔ ایران، یمن، اور لبنان جیسے ممالک بھی اس تنازعے میں غیر مستقیم طور پر شامل ہو چکے تھے۔ اس جنگ نے اسرائیل کی بین الاقوامی سطح پر تنہائی میں اضافہ کیا، اور ساتھ ہی ساتھ مشرق وسطیٰ کے سیاسی نقشے کو بھی ہلا کر رکھ دیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ثالثی اور سفارتی کوششوں کو اس معاہدے کے حصول میں مرکزی حیثیت حاصل رہی۔ انہوں نے نہ صرف دونوں فریقین کے درمیان اعتماد سازی کے اقدامات کو فروغ دیا بلکہ عالمی برادری کو بھی متحرک کیا۔ پیر کے روز اسرائیلی پارلیمنٹ سے امریکی صدر نے خطاب کیا جس کے دوران انہوں نے غزہ کی مخفوظ تعمیر نو میں تعاون کے لئے عرب اور مسلم ممالک کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اتنے برسوں کی نہ ختم ہونے والی جنگ اور مسلسل خطرات کے بعد، آج آسمان پر سکون ہے، بندوقیں خاموش ہیں، سائرن ختم ہو چکے ہیں، اور سورج ایک ایسی مقدس سرزمین پر طلوع ہو رہا ہے جو بالآخر امن میں ہے، ایک ایسی زمین اور خطہ جو، خدا نے چاہا تو ہمیشہ کے لئے امن میں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ محض ایک جنگ کا خاتمہ نہیں، یہ مشرق وسطیٰ کے ایک تاریخی نئے دور کا آغاز ہے۔ شرم الشیخ سربراہی اجلاس دراصل ان سفارتی کوششوں کا نتیجہ ہے جو گزشتہ ماہ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس کے موقع پر شروع ہوئی تھیں۔ وزیر اعظم پاکستان نے 23 ستمبر 2025 کو سات عرب واسلامی ممالک (مصر، اردن، قطر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا اور ترکیہ) کے سربراہان کے ساتھ امریکی صدر سے ملاقات کے دوران غزہ میں امن کے قیام کے امکانات پر غور کیا تھا۔ عرب واسلامی ممالک نے ایک مشترکہ بیان کے ذریعے صدر ٹرمپ کی امن کے حصول کی کوششوں کو سراہا تھا اور اس عزم کا اعادہ کیا تھا کہ وہ امریکا کے ساتھ مل کر ایک جامع اور پائیدار جنگ بندی کے قیام اور غزہ میں سنگین انسانی صورتحال کے ازالے کے لئے مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور مصری صدر عبدالفتاح السیسی کی خصوصی دعوت پر شرم الشیخ پہنچ گئے ہیں ان سطور کے شائع ہونے تک انہوں نے اپنا خطاب بھی کرلیا ہوگا وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ غزہ امن منصوبہ مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کی جانب اہم قدم ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خصوصی توجہ اور جستجو کی بدولت ہی غزہ میں جاری قتل و غارت کو روکنا ممکن ہوا، آج کی تقریب نسل کشی کے باب کے خاتمے کی نشان دہی کرتی ہے، عالمی برادری کو یقینی بنانا چاہئے کہ ایسا باب کہیں بھی دوبارہ کبھی نہ کھلے وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ الحمدللہ شرم الشیخ میں تاریخی غزہ امن منصوبے پر دستخط کی تقریب میں شرکت کے لئے پہنچا ہوں جو مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کی جانب ایک اہم قدم ہے، مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جو اس امن سربراہی اجلاس کے شریک میزبان ہیں کا مشکور ہوں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی شاندار قیادت اور غیر متزلزل عزم کے بغیر ہم یہ تاریخی لمحہ نہ دیکھ پاتے، ان کی خصوصی توجہ اور جستجو کی بدولت ہی (غزہ میں جاری) قتل وغارت کو روکنا ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب نسل کشی کے ایک باب کے خاتمے کی نشان دہی کرتی ہے، عالمی برادری کو یقینی بنانا چاہئے کہ کہیں بھی ایسا باب دوبارہ کبھی نہ کھلے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بہادر اور ثابت قدم فلسطینی عوام 1967 سے پہلے کی سرحدوں کے مطابق ایک آزاد فلسطین میں رہنے کا پورا حق رکھتے ہیں جس کا دارالحکومت القدس شریف ہو۔ پاکستان یہ توقع کرتا ہے کہ اس امن سربراہی اجلاس اور اس میں دستخط شدہ معاہدے کے بعد غزہ میں جاری مظالم کا سلسلہ رکے گا، غزہ سے اسرائیلی افواج کا انخلا ہوگا، فلسطینیوں کی اپنے گھروں کو واپسی ہوگی، ان کی حفاظت یقینی بنائی جائے گی امن کوئی تجارتی شے نہیں جسے خریدا یا بیچا جا سکے؛ یہ انسانیت کی بنیادی ضرورت ہے، ایک ایسی روشنی جو اندھیروں میں راستہ دکھاتی ہے۔ جنگیں صرف تباہی لاتی ہیں انسانی جانوں کا زیاں، معیشتوں کی بربادی، اور نسلوں کی محرومیاں ان کا نتیجہ ہوتی ہیں غزہ کی مثال سامنے ہے یہاں ایک چھوٹا سا علاقہ برسوں تک جنگ کی لپیٹ میں رہا۔ لیکن اب، اگر یہ جنگ بندی پائیدار ثابت ہوتی ہے تو یہ ایک عظیم مثال ہوگی کہ پر امن بات چیت، عالمی یکجہتی، اور سفارتی کوششیں بڑے سے بڑے تنازعے کو ختم کر سکتی ہیں امن نہ صرف عوام کو تحفظ فراہم کرتا ہے بلکہ معاشی ترقی، تعلیم، صحت، اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے راہیں ہموار کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقوام متحدہ کی تمام قراردادوں، اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) سمیت تمام بین الاقوامی اداروں کی اولین ترجیح پائیدار امن رہی ہے غزہ معاہدہ ثابت کرتا ہے کہ اگر عالمی برادری متحد ہو جائے، تو بڑے سے بڑا مسئلہ بھی حل کیا جا سکتا ہے۔ ہم دعا گو ہیں کہ یہ جنگ بندی محض ایک وقتی قدم نہ ہو، بلکہ مشرق وسطیٰ میں ایک دیرپا، جامع اور بامعنی امن کی طرف پیش قدمی کا آغاز ہو۔

پاک۔بھارت لفظی جنگ جاری، ہمیں ہر صورت حال کے لیے تیار رہنا ہوگا

زیر بحث

ملیحہ لودھی

امریکہ میں دولت کی چمک دمک کے پیچھے چھپی غربت کی کہانی

تاریخ کی شہادت

ڈاکٹر مبارک علی

پاکستان کو مذہبی انتہا پسندی کے درپیش دو بڑے چیلنجز

انداز بیاں

محمد عامر رانا

افغان وزیر خارجہ کا دورہ بھارت

برملا



نصرت جاوید

پی ٹی آئی کی ڈیجیٹل جنگ: پاکستان کے استحکام کے لیے خطرہ

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

ٹرمپ کو نوبیل پرائز کیوں نہیں ملا؟

اظہار خیال

پاکستان اور افغانستان کے درمیان تناؤ کیا رخ اختیار کر سکتا ہے؟

منظر نامہ

پاکستان اور افغانستان کے درمیان ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب شروع ہونے والی جھڑپیں تو فی الحال بند ہو چکی ہیں لیکن دونوں ممالک پر گہری نظر رکھنے والے مبصرین کو خدشہ ہے کہ معاملات یہاں رکیں گے نہیں بلکہ صورتحال مزید خرابی کی طرف بھی جا سکتی ہے۔ ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب پاکستان اور ...

تردید، تاہم نیوز کانفرنس میں انھوں نے بتایا تھا کہ پاکستان کے عوام کے تحفظ کے لیے ہر ممکن ...

نصیر آباد اسہال کی وباء محکمہ صحت نے آگاہی مہم کا آغاز کردیا

ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکئی کی زیرصدارت اجلاس، بیماری سے بچاؤ کے لیے گھر گھر آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا

مساجد، اسکولز اور کمیونٹی سینٹرز میں خصوصی آگاہی پروگرامز، مقامی میڈیا اور پمفلٹس کے ذریعے عوامی شعور اجاگر کرنے کی مہم جاری ہے

آلودہ پانی، ناقص صفائی اور لاپرواہی اسہال اور ڈائریا کے پھیلاؤ کی بڑی وجوہات ہیں، ڈاکٹر عبدالمنان، خلیل احمد کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ + نصیر آباد (جنرل رپورٹر) ضلع نصیر آباد میں حالیہ دنوں میں شدید اسہال اور ڈائریا کے کیسز میں اضافے کے بعد محکمہ صحت کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر عبدالمنان لاکئی نے کی۔ اجلاس میں چیف ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر خلیل احمد اور ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد سمیت دیگر طبی و ضلعی افسران شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمنان لاکئی نے کہا کہ اسہال اور ڈائریا جیسی مہلک بیماریوں سے بچاؤ کے لیے عوامی سطح پر بھرپور آگاہی پیدا کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ صحت کی تربیت یافتہ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر عوام کو بیماری سے بچاؤ، صفائی ستھرائی، پانی ابال کر پینے اور حفظان صحت کے اصولوں پر عملدرآمد سے متعلق معلومات فراہم کریں گی۔ چیف ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر خلیل احمد نے کہا کہ ضلع بھر میں اسہال اور دیگر پیٹ کی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے کیسز انتہائی تشویشناک ہیں، جن کی بنیادی وجوہات آلودہ پانی، ناقص صفائی، کھانے پینے کی غیر معیاری اشیاء اور عوام میں آگاہی کا فقدان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام خود آگے بڑھ کر احتیاطی تدابیر اختیار کریں تو ہم بڑی حد تک ان بیماریوں کے پھیلاؤ کو روک سکتے ہیں۔ ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیموں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ہر گاؤں، ہر محلے اور ہر گھر تک پہنچ کر فوراً آگاہی فراہم کریں تاکہ لوگ خود کو اور اپنے بچوں کو ان بیماریوں سے محفوظ رکھ سکیں۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ مقامی سطح پر مساجد، اسکولز اور کمیونٹی سینٹرز میں بھی آگاہی پروگرام منعقد کیے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد تک درست معلومات پہنچائی جا سکیں۔ اس کے علاوہ مقامی میڈیا، بینرز اور پمفلٹس کے ذریعے بھی عوامی شعور اجاگر کیا جائے گا۔ آخر میں ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکئی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں، اور کسی بھی مشتبہ علامات کی صورت میں فوری طور پر قریبی ہیلتھ سینٹرز یا اسپتال سے رجوع کریں۔ انہوں نے کہا کہ احتیاط، آگاہی اور بروقت علاج ہی اس وباء سے نجات کا واحد ذریعہ ہیں

نصیر آباد، ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکئی چیف ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر خلیل احمد ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد شدید اسہال دست کے کیسز میں اضافے کے پیش نظر منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

طالبان حکومت نے احسان فراموشی کی بدترین مثال قائم کی ہے، دنیش کمار

پاکستان نے گزشتہ چار دہائیوں تک لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دی، سینیٹر

افسوس احسانات کا بدلہ سرحد پار دہشتگردی، جارحیت کی صورت میں دیا جارہا ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ افغانستان کی طالبان عبوری حکومت نے احسان فراموشی کی بدترین مثال قائم کی ہے پاکستان نے گزشتہ چار دہائیوں تک لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دی، انہیں تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے، اور مشکل ترین حالات میں بھی افغان عوام کے ساتھ کھڑا رہا۔ مگر افسوس کہ انہی احسانات کا بدلہ پاکستان کو سرحد پار دہشتگردی اور جارحیت کی صورت میں دیا جا رہا ہے پاکستان ایک پرامن ملک ہے، مگر ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھنے کی غلطی نہ کی جائے۔ جو بھی پاکستان کی خودمختاری اور سرحدی سلامتی کو چیلنج کرے گا، اُسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ ہماری بہادر افواج سیسہ پلائی دیوار کی طرح وطن کے دفاع کے لیے ڈٹی ہوئی ہیں اور پوری قوم—بشمول ایک کروڑ سے زائد اقلیتی برادری اپنی فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ہم واضح کرتے ہیں کہ یہ جنگ افغان عوام کے خلاف نہیں بلکہ دہشتگردی کے خلاف ہے۔ دہشتگرد گروہ دونوں ممالک کے امن، استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں۔ ان کا خاتمہ نہ صرف پاکستان بلکہ افغانستان کے عوام کے مفاد میں بھی ہے پاکستان ہمیشہ افغان عوام کا خیر خواہ رہا ہے اور چاہتا ہے کہ افغانستان ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال ملک بنے ہم افغان قیادت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی سرزمین دہشتگردوں کے قبضے سے آزاد کرائے اور خطے میں امن و ترقی کے لیے پاکستان کے ساتھ تعمیری تعاون کرے۔ پاکستان اپنے دفاع، خودمختاری اور خطے کے امن کے لیے ہر قدم اٹھانے کا حق محفوظ رکھتا ہے

سوجو خان بگٹی: ایک عظیم شخصیت

تحریر: میر موج علی بگٹی

سوجو خان بگٹی ولد قادر بخش بگٹی، سکنہ تحصیل سوئی بگٹی قبیلے کے ایک معتبر، عظیم اور باصلاحیت شخصیت تھے۔ بگٹی قبائل میں آپ کی شناخت ایک قوم دوست، ہمدرد اور رہنما کی تھی۔ آپ کے والد محترم سوئی گیس میں ملازم تھے اور مالی طور پر مستحکم تھے سوجو بگٹی کو ایک اچھے گھرانے میں پرورش کا موقع ملا۔ آپ کا بچپن محبت و لاڈ میں گزرا، اور تعلیمی میدان میں بھی آپ نے شاندار کارکردگی دکھائی۔ بچپن سے ہی آپ کا ذہن تیز اور جستجو سے بھرپور تھا، جس کے نتیجے میں آپ ہمیشہ کلاس میں اول پوزیشن حاصل کرتے۔ آپ کی شخصیت میں ٹھہراؤ اور صبر کی خصوصیت تھی، اور آپ کی ایمانداری آپ کی سب سے بڑی خصوصیت تھی۔ آپ یونین میں بھی رہے آپ کی خدمات صرف آپ کے علاقے تک محدود نہیں تھیں، بلکہ آپ کی شہرت صحافت اور قلم کی دنیا میں بھی تھی۔ آپ نے "مشرق اخبار" میں کالم نگاری کی اور بگٹی علاقے میں اپنے قلم کے ذریعے اثر و رسوخ پیدا کیا۔ آپ کا لکھنا نہ صرف معلوماتی تھا، بلکہ اس میں ایک خاص حکمت اور شعور تھا، جس نے لوگوں کو متاثر کیا۔ سوجو خان بگٹی گورنمنٹ مڈل سکول سوئی کے ہیڈ ماسٹر تھے اور ان کے دور میں اس سکول کی تعمیر و ترقی کا سفر ایک نیا موڑ اختیار کیا۔ آپ نے اس سکول کے لیے گیس، پانی اور بجلی کی سہولتیں منظور کرائیں، جس کے نتیجے میں پورے علاقے میں خوشحالی آئی اور بچوں کی تعلیم کے لیے ایک بہتر ماحول فراہم ہوا۔ آپ کی شخصیت میں ایک خاص بات یہ تھی کہ آپ نے ہمیشہ دوسروں کے ساتھ عزت و احترام کے ساتھ پیش آنا سیکھا۔ آپ کا انداز گفتگو، آپ کی مہمان نوازی اور آپ کی ملنساری نے آپ کو ایک مقبول شخصیت بنا دیا۔ آپ کی موجودگی میں ایک غیر معمولی رعب و وقار تھا۔ جب آپ کلاس میں داخل ہوتے تو تمام طلباء اور اساتذہ آپ کی عزت کرتے تھے، اور آپ کے سامنے خاموشی چھا جاتی تھی۔ آپ کی اخلاقی قدریں اور آپ کی ذاتی صفات نے آپ کو اپنے ہم عصروں میں ایک رہنما کے طور پر متعارف کرایا۔ سوجو خان بگٹی کی شخصیت کا یہ پہلو بھی تھا کہ آپ ہر طبقے کے لوگوں سے مساوات اور احترام کے ساتھ پیش آتے تھے۔ آپ کا کہنا تھا کہ انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور اس میں کسی قسم کی تفریق نہیں ہونی چاہیے۔ آپ نے اپنی زندگی کو دوسروں کے کام آنے کے لیے وقف کیا اور کبھی بھی اپنے نظریات سے پیچھے نہیں ہٹے۔ سوجو خان بگٹی کی زندگی کا ایک اور قابل ذکر پہلو ان کی قومی خدمات ہیں۔ آپ نے ہمیشہ اپنے علاقے اور بگٹی قوم کی فلاح و بہبود کے لیے کام کیا۔ آپ کی خدمات نہ صرف بگٹی قبیلے میں بلکہ پورے علاقے میں مشہور ہیں۔ آپ کی وفات کے بعد، آپ کی کمی کو شدت سے محسوس کیا گیا۔ آپ کی رہنمائی، آپ کا علم، اور آپ کی انسانیت پسندی آج بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ ہے۔ آخرکار، سوجو خان بگٹی کی زندگی ایک مثال ہے کہ کس طرح ایک انسان اپنی صلاحیتوں، ایمانداری اور محنت کے ذریعے معاشرتی ترقی اور انسانی خدمت کے لیے کام کرسکتا ہے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ املاء اور انگلش اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5540128968519 بنام محمد ہاشم ولد نور محمد خانوزئی کے ایریا میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر رابطہ نمبر 03130224480
نمائندہ خانوزئی ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430205019889 بنام عنایت اللہ ولد عبدالرؤف خانوزئی کے ایریا میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر رابطہ نمبر 03158075676
نمائندہ خانوزئی ....

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر رہے ہیں

ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچے، ایگزیکٹو انجینئر کا مختلف مقامات کا دورہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ضلع نصیر آباد میں عوامی سہولت کے لیے جاری ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچ گئے بلیک ٹاپ روڈ پیرو ولی تا جھنڈیر، بلیک ٹاپ روڈ دھنو لاڑو اور بلیک ٹاپ روڈ سردار عبدالمجید کھوسہ سمیت مختلف شاہراہوں کی تعمیر مکمل کرلی گئی ہے ایگزیکٹو انجینئر روڈز نصیر آباد عبدالرحمن کاکڑ نے ایس ڈی او نادر علی جتوئی اور سب انجینئر صابر حسین بھٹو کے ہمراہ منصوبہ جات کا دورہ کیا انہوں نے جاری منصوبوں کے معیار اور تکمیل کے مراحل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر نے کہا کہ تمام بلیک ٹاپ روڈ منصوبے اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیے گئے ہیں اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتا نہیں کیا گیا ان کا کہنا تھا کہ سڑکوں کی تکمیل سے شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت، زراعت و تجارت کو فروغ اور مقامی معیشت کو تقویت حاصل ہوگی۔ علاقہ مکینوں نے منصوبوں کی بروقت تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی کو سراہا۔

ڈی سی قلات جمیل بلوچ کا میر احمد یار خان پریس کلب کا دورہ کیا

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ نے خان میر احمد یار خان پریس کلب کا دورہ کیا۔ پریس کلب کے صدر شادی خان مینگل نے ڈپٹی کمشنر کو پریس کلب کی فعالیت سے متعلق تجاویز اور ایشوز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر سینئر صحافی آغا قادر شاہ عبداللہ لہڑی یوسف مینگل واحد دھوار امجد سلامی نائب اسرار سمیت انجمن تاجران کے صدر میر منیر شاہوانی ایم سی کونسلر احمد نواز بلوچ طاہر لہڑی اور دیگر موجود تھے۔ صحافی برادری نے ڈپٹی کمشنر کو پریس کلب کے رنگ روغن فرنیچر کارپٹنگ اور دیگر مسائل حل کرانے کی درخواست کی تاکہ پریس کلب کو جلد از جلد فعال بنایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر جمیل بلوچ نے کہا کہ پریس کلب پورے عوام کی آواز ہے یہ کسی فرد واحد کا ادارہ نہیں ہے پریس کلب کے لیئے کارپٹ ٹیبل کرسیاں سمیت دیگر ضروری سامان آج ہی فراہم کر دیا جائیگا

ڈی سی خضدار یاسر اقبال دشتی نے انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا

پولیو مہم کی کامیابی کے لیے کوششیں تیز کریں، ہر بچے تک رسائی کو یقینی بنائیں

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے چار روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا خضدار میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز، ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر اس کا افتتاح کردیا۔ افتتاحی تقریب میں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے ایریا کوآرڈینیٹر ڈاکٹر نصرت اللہ، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر فرمان اللہ، ڈاکٹر مجتبیٰ ڈی ایس او، ڈاکٹر کبیر خان ایم ایس سول ہسپتال، مرتضیٰ ڈی ایم ایس پی پی ایچ آئی، اور کمیونیکیشن آفیسر رحیم جنگ سمیت دیگر اہم شخصیات شریک تھیں۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ "پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے جو ہمارے بچوں کے مستقبل کو داؤ پر لگا سکتا ہے۔ یہ نہ صرف ایک فرد کو معذور کرتا ہے بلکہ پورے خاندان اور معاشرے پر اس کے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ اپنے بچوں کو اس مرض سے بچائیں۔" انہوں نے مزید کہا، "میں خضدار کے تمام والدین سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس مہم کے دوران پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں۔ یہ مہم ہمارے بچوں کے روشن اور صحت مند مستقبل کی ضمانت ہے۔ ڈاکٹر نصرت اللہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیئے عالمی ادارہ صحت اور مقامی ادارے مل کر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ خضدار کے عوام اس مہم میں بھرپور حصہ لیں تاکہ علاقے کو پولیو سے پاک کیا جاسکے۔ یہ مہم 16 اکتوبر 2025 تک جاری رہے گی، جس کے دوران ضلع بھر میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ پولیو مہم کی کامیابی کے لیے اپنی کوششیں تیز کریں اور ہر بچے تک رسائی کو یقینی بنائیں۔ عوام سے گزارش ہے کہ وہ اس قومی فریضے میں بھرپور تعاون کریں تاکہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کا خواب شرمندہ تعبیر ہو۔ ایک لاکھ 1 7 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر ہے جب کہ 5 سو سے زیادہ ٹیمیں پولیو کے قطرے پلانے کے لیے تشکیل دیدی گئی ہیں، اور ضلع بھر کو مختلف زونز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

قلعہ سیف اللہ، ڈی ایچ او ڈاکٹر وحید بچے کو پولیو سے قطرے پلا کر انسداد مہم کا آغاز کر رہے ہیں

جھوشوری پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی واردات

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے جھوشوری پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی واردات چوروں نے دکان کا تالہ توڑ کر لاکھوں روپے نقدی سونا یوریاں کی بوریاں کھاد وغیرہ چوری کرکے رفوچکر ہوگئے تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ جھوشوری کی حدود شوی میں بازار پیٹرول پمپ کے قریب نزدیک نامعلوم چوروں نے عبدالمجید رند کے کھاد کی دکان کا تالا توڑ کر تین لاکھ نوے ہزار روپے 26 بوری سونا یوریا 7 بوری سرپیز سمیت دیگر سامان چوری کرکے فرار ہوگئے پولیس کو اطلاع دی گئی ہے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے

چھتر میں محکمہ ریونیو کی نئی عمارت قائم، تحصیلدار نے ذمہ داریاں سنبھال لیں

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی خصوصی ہدایت اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد کاکڑ کے احکامات کی روشنی میں بلوچستان کے پسماندہ علاقے تحصیل چھتر میں محکمہ ریونیو کی نئی عمارت قائم کردی گئی، جہاں تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی بمعہ پٹواریوں نے اپنے فرائض کی انجام دہی شروع کردی۔ نئی عمارت کے قیام سے علاقے کے عوام کو ریونیو سے متعلق تمام سہولیات ان کی دہلیز پر دستیاب ہوں گی۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ تحصیل چھتر کے لوگوں کو اب اپنے بنیادی مسائل کے حل کے لیے دور دراز کا سفر نہیں کرنا پڑے گا۔ اس اقدام سے عوامی سہولت میں اضافہ اور انتظامی امور میں بہتری کی امید ظاہر کی جارہی ہے۔

کوہلو ضلع میں انسداد پولیو مہم کا آغاز، والدین سے تعاون کی اپیل

ضلعی انتظامیہ موذی مرض کے خاتمے کیلئے بھرپور عزم کے ساتھ کوشاں ہیں

کوہلو (نمائندہ مشرق) ضلع کوہلو میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز ہوگیا۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوہلو میں پانچ سالہ بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر شیر زمان مری، ایم ایس ڈاکٹر اصغر مری، ڈاکٹر خالد مری، ڈاکٹر عطاء اللہ مری، ڈی سی او یونیسف ملک عالم زیب زرکون، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ نے افتتاح کے موقع پر کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور لاعلاج مرض ہے، جو بچوں کو عمر بھر کے لیے معذور کر دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ اس موذی مرض کے خاتمے کے لیے بھرپور عزم کے ساتھ کوشاں ہیں۔ پولیو کا خاتمہ تبھی ممکن ہے جب والدین، عوام، محکمہ صحت اور دیگر ادارے یکساں ذمہ داری کے ساتھ کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم قومی فریضہ ہے، اور ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس مہم میں محکمہ صحت کی ٹیموں سے تعاون کرے۔ والدین اپنے بچوں کو گھر پر موجود رکھیں تاکہ ٹیمیں آسانی سے ویکسین پلانے کا عمل مکمل کرسکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ تمام لائن ڈیپارٹمنٹس بشمول تعلیم، بلدیات، لیویز فورس اور سماجی تنظیمیں بھی مہم کی مانیٹرنگ اور معاونت میں شریک رہیں گی تاکہ کوئی بھی بچہ حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر شیر زمان مری نے بتایا کہ ضلع بھر میں 32 ہزار 420 پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لیے متعدد موبائل، فکسڈ اور ٹرانزٹ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر بچوں کو ویکسین پلائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع کوہلو کو پولیو فری بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

پاک افغان باڈر پر افغان ریفیوجی ہولڈنگ کیمپ میں میڈیکل کیمپ

کیمپ کا مقصد مریضوں کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے، ڈاکٹر نوید

چمن (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ر عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایچ او ڈاکٹر نوید بادینی ایم ایس ڈاکٹر اویس نے پاک افغان چمن باڈر پر افغان ریفیوجی ہولڈنگ کیمپ میں ایک جامع میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا اس کیمپ کا مقصد مریضوں کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے کیمپ میں مقامی اور ضلعی سطح کے میڈیکل عملے نے شرکت کی اور مریضوں کو مفت علاج، ادویات اور طبی سہولیات فراہم کی گئیں اس اقدام کا مقصد مریضوں کو بروقت طبی امداد، انسانی ہمدردی پر مبنی امداد اور ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نوید بادینی اور ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ ایسے اقدامات آئندہ بھی جاری رہیں گے تاکہ کیمپ میں موجود افراد کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔

افغانستان کی جانب سے مسلح دراندازی کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی ریلی

ضلعی آفسران، وکلاء برادری، تاجر برادری، قبائلی و سیاسی عمائدین کی شرکت

پاک فوج سرحدوں کی محافظ ہے اور قوم ہر جارحیت کے خلاف اس کے ساتھ کھڑی ہے

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پشین نعمت اللہ خان ترین کی قیادت میں افغانستان کی جانب سے مسلح دراندازی کے خلاف ضلعی انتظامیہ نے ریلی کا انعقاد کیا جس میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیا گیا، ریلی پشین بازار میں نکالی گئی جس میں ضلعی آفسران، وکلاء برادری، تاجر برادری، مقامی قبائلی و سیاسی عمائدین سمیت دیگر مکاتب فکر کے عوام شریک ہوئے، شرکاء نے پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے، انہوں نے بینرز اٹھا رکھے تھے، جن پر "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج پائندہ باد" کے نعرے درج تھے، مقررین نے کہا کہ پاک فوج سرحدوں کی محافظ ہے اور قوم ہر جارحیت کے خلاف اس کے ساتھ کھڑی ہے، مقامی افراد نے ریلی کو قومی یکجہتی کی بہترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ پوری قوم پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ہماری افواج نے بہادری سے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے، تمام ضلع پشین کا ہر شہری دفاع وطن کے لیے اپنی جان قربان کرنے کے لیے تیار ہے۔

بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو عوامی خدمت کی نئی راہیں ہموار کر رہا ہے

ہر شہری کو تعلیم، صحت، صاف پانی اور بہتر انفراسٹرکچر کی سہولت میسر ہوں، انجینئر اسد

سبی (نمائندہ مشرق) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) صوبے میں ترقی اور خوشحالی کی نئی راہیں ہموار کر رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع سبی میں بھی ترقیاتی عمل بھرپور انداز میں کیا جارہا ہے منصوبے کے تحت تعلیمی اداروں کی بہتری، سرکاری ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، پینے کے صاف پانی کی اسکیمات، سیوریج سسٹم اور سولرائزیشن جیسے منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں۔ اسی سلسلے میں انجینئر اسد خان نے ضلع سبی میں BSDI کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ حاجی محمد خان سیلاچی، ایس ڈی او پی ایچ ای گلاب خان اور دیگر متعلقہ محکموں کے آفیسران موجود تھے۔ دورے کے دوران انجینئر اسد خان نے جاری کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبوں کو شفافیت، معیار اور مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام ان کے ثمرات سے جلد مستفید ہوسکیں انہوں نے کہا کہ یہ منصوبے ضلع سبی کے عوام کی زندگیوں میں واضح تبدیلی لائیں گے اور روزگار، صحت، تعلیم اور صاف پانی جیسی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گیا انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت ان منصوبوں سے بلوچستان ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہوگا۔ اور صوبے میں ترقی و خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ BSDI کا وژن ایک ایسے بلوچستان کی تشکیل ہے جہاں ہر شہری کو تعلیم، صحت، صاف پانی اور بہتر انفراسٹرکچر کی سہولت میسر ہوں ان منصوبوں کی تکمیل سے سبی میں ترقی کا نیا دور شروع ہونے جارہا ہے، جو آنے والے وقت میں پورے علاقے کی تقدیر بدل دے گی۔

چمن، اے سی اقتدار علی بلوچ بی ایچ یو گھوڑا آباد کا دورہ کر رہے ہیں

افغان طالبان کی اشتعال انگیزی اور پاک فوج کے حق میں ریلی

ریلی میں تمام پشتون قبائل اور اقلیتی برادریوں نے بھی بھرپور شرکت

چمن (خ ن) ضلعی انتظامیہ چمن اور چمن میں تمام قبائل کی جانب سے افغان طالبان کی اشتعال انگیزی کیخلاف اور پاک فوج کے حق میں بڑی ریلی نکالی گئی ریلی میں تمام پشتون قبائل اور اقلیتی برادریوں کی بھی بھرپور شرکت آج چمن میں علمائے کرام قبائلی عمائدین سیاسی و قبائلی عمائدین عوام کی بڑی تعداد نے اور مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے پاک فوج کے حق میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جس میں ہندو اور عیسائی برادری کے افراد نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس سے ہوا اور شرکاء نے افغانستان کی جانب سے کی جانے والی حالیہ اشتعال انگیزی کی شدید الفاظ میں مذمت کی

بعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر اول سٹی کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ روشن آرا، دختر ملک میر حسن قوم کاسی ساکنہ بیہ بقضائے الٰہی وفات پاچکی ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا بحوالہ انتقال 2791/2641 محال سری کی خورد موضع سری سپہ صدرا تحصیل سٹی کوئٹہ میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفیہ روشن آراء کے پسماندگان میں محمد ہارون کاسی، ایاز خان کاسی، ملک فیروز خان کاسی پسران مدینہ خان، گل بینہ، جنت بینہ ایک کاسی دختران ملک نصیر احمد خان کاسی قوم کاسی ساکنان دیہہ جائز ورثاء ہیں لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم عذر و اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از اں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 13/10/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جان محمد سیلاچی نائب تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم سبی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد ایوب ولد عبدالستار قوم کھیتران سراجانی سکنہ کرک تحصیل وضلع سبی نے حاضر عدالت آکر ایک تحریری درخواست، حلفیہ بیان بمعہ شرعی فتویٰ مجاریہ مولانا محمد یحییٰ مدرسہ عربیہ مفتاح العلوم چاکر روڈ سبی، ایف آر پیش کرکے استدعا کی کہ اس کا والد عبدالستار ولد امام بخش، اور کزن محمد یعقوب ولد گل محمد قوم کھیتران سراجانی بقضائے الٰہی فوت ہو چکے ہیں جن کی اراضی زیر کھاتہ 44-28 خسرہ نمبر 580 رقبہ تعدادی 30-0 کھاتہ / کھتونی نمبر 103-70 خسرہ نمبر 551 رقبہ تعدادی R1-P35 موضع کرک میں واقع ہے بمطابق پیش کردہ شرعی فتویٰ، ایف آر کے متوفیان عبدالستار ولد امام بخش، محمد یعقوب ولد گل محمد کے پسماندگان میں صرف ایک بیٹا محمد ایوب، ایک بیٹی زلیخہ جائز وارث قرار پائے ہیں جن کے نام پر انتقال وراثت درج کرنا مطلوب ہے لہذا بذریعہ اشتہار تشہیر کرائی جاتی ہے کہ متذکرہ بالا انتقال وراثت یا جائز ورثاء پر کسی بھی دار، واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات ایام اپنا عذر و اعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز ورثاء درج ہو کر تصدیق ومنظور کیا جائے گا بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج اشتہار ہذا مورخہ 11-10-2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
نمائندہ سبی

بعدالت سول جج / فیملی جج رکنی

جانشینی نمبر 07/025 آئندہ تاریخ سماعت 25/10/2025

1۔ بی بی زائدہ بیوہ مرحوم جلال خان 2۔ عبدالمتین ولد جلال خان مرحوم 3۔ روزے خان ولد جلال خان 4۔ مہرنگ دختر جلال خان اقوام لونی ساکنان ایجڑی رکنی تحصیل وضلع بارکھان بنام عوام الناس

درخواست حصول جانشینی سرٹیفکیٹ مرحوم جلال خان ولد امیر بخش برآمدگی پنشن و اجبات از خزانہ سرکار زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست جانشینی عنوان بالا سائلان نے عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی تاریخ پیشی مورخہ 25/10/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ مقررہ تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست ہذا کی پیروی کرے بصورت دیگر حسب ضابطہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 10/10/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
نمائندہ بارکھان

بعدالت جناب ڈپٹی کمشنر/کلکٹر پشین

نوٹس اطلاع عام

اطلاع عام بمطابق حکم عدالت جناب ڈپٹی کمشنر پشین دی جاتی ہے۔ کہ ایک کیس آپ کے ریونیو عدالت میں زیر سماعت ہے۔ کافی نوٹسز / سمنات جاری کرنے کے باوجود آپ پیش نہیں ہورہے ہیں۔ جس کی آئندہ سماعت بہ تاریخ 21.10.2025 کو مقرر ہو چکی ہے۔ آپ مدعا علیہان مسمی خلیل احمد، حاجی یوسف، حاجی یونس، عزت اللہ، سمیع اللہ، نقیب اللہ اور امین اللہ قوم کاکڑ سنزر خیل ساکن سراتان محال و موضع سلیمانزئی سپ شبو کنال تحصیل سراتان وراثتی انتقال نمبر 43 بذریعہ اخباری اشتہار مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ آپ مدعا علیہان مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں اجواب جمع کرائیں بصورت دیگر آپ کے خلاف یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر ہوگی
نمائندہ پشین

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer-Buildings CWPP&H Department District Kharan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.

Tender Fee 500 PKR and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR & RAISING OF BOUNDARY WALL WITH GATE FOR RESIDENCE OF SUPERINTENDING ENGINEER CIRCLE KHARAN CWPP&H DEPARTMENT TSE-252610892993	3,900,000
2	REPAIR & PROVISION OF EXTERNAL SERVICES FOR SUPERINTENDING ENGIEER RESIDENCY CIRCLE KHARAN CWPP&H DEPARTMENT TSE-252610893013	4,000,000
3	REPAIR & RENOVATION OF RESIDENCE FOR SUPERINTENDING ENGINEER CIRCLE KHARAN REMAINING WORKS TSE-252610893033	4,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 2,800,000 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Up to 25 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **29 October, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **29 October, 2025 till 11:00 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:** Office of The Executive Engineer-Buildings, CWPP&H Department District Kharan **Phone no:** 0847510875
Email: engr.qazibilalahmad@gmail.com

Executive Engineer-Buildings CWPP&H Department District Kharan

PRQ No.1865/13-10-2025

TENDER NOTICE

'The Executive Engineer Public Health Engineering Division Zhob invites tender Forms (as per Schedule B) on the Composite Schedule of Rates 2023 Government of Balochistan from interested firms/Govt. Contractors for following works.

Sr.No	NAME OF WORK	QTY	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF SOLAR WATER SUPPLY SCHEMES AT KIBZAI , & ABDULLAH ZAI,KHOSTI AND BABAR AREAS ZHOB **PACKAGE NO.01 TSE-252610892883**	1-Job	52.34 M

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, TENDER FEE FOR EACH BIDS: 1000/- to be deposited in head of account C-02725 through Bank challan in NBP Zhob Branch. BID SECURITY : 02% of Estimated Cost of each Bid **BASIC ELIGIBILITY:** Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in Relevant Category and relevant discipline including five years work experiences & Bank Statement (Turnover). Valid Registration with Income Tax/ Sales Tax Department NTN, & BRA active on ATL & online verifiable. Work Order of similar Nature (water supply works) equal to the estimated amount of bid completed in last 03 years is required. Work Order of similar Nature (water supply works) equal to the estimated amount of bid in hand is required. Detail Financial Soundness with required Turn Over given as per criteria specified in the Bidding Documents. Under taking on judicial stamp paper that the firm has never been black listed by any Government / Semi Government Organization. All the terms and conditions specified / mentioned in the bidding documents will be applicable on the whole bidding process. 8 Detail Financial Soundness with required Turn Over given as per criteria specified in the Bidding Documents9 Rate analysis in case of rate offered below 10% of the estimated cost must be submitted with financial bid10 Affidavit of correctness of information provided by bidder is mandatory11 Bank Guarantee where applicable must be submitted with financial bid in shape of CDR/Bank Guarantee12 The detail Technical Criteria is attached in bidding documents **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage- Two Envelope Procedure **BIDDING/TENDER DOCUMENTS:** The NIT & Bidding Documents can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk ISSUANCE: Complete Bidding documents can viewed at www.bppra.gob.pk. **Dead line of Submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 28th October 2025 till 1:00 PM through supplier dashboard. **Opening:** The bid will be opened on same day at 2:00 PM. on EPPS **Address:** Executive Engineer Public Health Engineering Division Zhob,
Telephone Number: 0822412814, Fax No: 0822412814,
E-mail address: phedivisionzhob@gmail.com
Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

EXECUTIVE ENGINEER, PUBLIC HEALTH ENGINEERING, DIVISION ZHOB.

PRQ No.1864/13-10-2025

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION GAWADAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPLACEMENT OF MAIN AND BRANCH PIPILINE FOR DISTRICT GWADAR (CIVIL WORKS) **TSE-252610891823**	15,076,869
2	REPLACEMENT OF MAIN AND BRANCH PIPILINE FOR DISTRICT GWADAR (SUPPLY OF uPVC PIPES) **TSE-252610891853**	17,545,560
3	REPLACEMENT OF MAIN AND BRANCH PIPILINE FOR DISTRICT GWADAR (SUPPLY OF HDPE PIPES 110 MM) **TSE-252610891863**	7,198,497
4	REPLACEMENT OF MAIN AND BRANCH PIPILINE FOR DISTRICT GWADAR (SUPPLY OF HDPE PIPES 160 MM) **TSE-252610891873**	29,485,545

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,553,808 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27 October, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **27 October, 2025 till 10:00 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **11:00 AM Address:** PHE Colony Gwadar **Phone no:** 0864210057 **Fax no:** 0864210057
Email: kbakhsh51@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION GAWADAR

PRQ No.1866/13-10-2025

RE-AUCTION NOTICE

Reference to the Auction Notice PRQ No.1128/08-09-2025, the Finance Department Government of Balochistan,, intends to Re-auction Unserviceable/Condemned items **"AS IS WHERE IS BASIS"** kept at Pakistan Disaster Management officer (PDMA) Air Port Road Quetta, (**on item wise rate**) detailed as under:

S#	Descriptions	Quantity
1	Office Chairs	32
2	Wood Almari	21 different sizes
3	Tables	9 different sizes
4	CCTv Camera	1
5	Steel Almari	4
6	Committee Room Tables	1 set (4 pieces)
7	Door plays	4
8	Vehicle Bumper	4
9	VachileAxel ,Sulf	3
10	Gas Heater	02
11	LED Light (2x2)	17
12	Telephone set	26
13	Office Revolving Chair	17
14	Rack	6
15	Refrigerator	1
16	Steel Rack	2
17	Dispenser/Water Cooler	02
18	Sofa	3 pieces
19	Photostat Machine	2
20	PC- Monitor LCD	13
21	TV	1
22	Computer System	4
23	Water Cooler Electric	1
24	vehicle tyres	4
25	vehicle large tyres	6
26	Geysers	2
27	Washroom Commode	1
28	Heater	1
29	Large Wooden table Committee room	1
30	Steel Water Coolar	2
31	Computer Old Model	3
32	Wood Rack	7
33	Electric- Wires	1
34	Fan	02
35	V8 Vehicle brake Pads	1 set
36	Steel Benches(3 Seater)	5 pieces
37	Printer	10
38	CD Recorder	1
39	CD Room	5
40	Keyboard	10
41	Color Printer	1
42	Color Printer Toner	4
43	Printer Toner	2
44	Scanner	02 Nos.
45	Plastic Scrap	25kg approximately

Terms and Conditions.

01 The auctionable /un serviceable can be inspected from 15th October,2025, to 21st October,2025 at Pakistan Disaster Management office (PDMA) Air Port Road Quetta, during 10:00 AM to 03:00 PM.

02 Bid form will be received on 22nd October,2025 at 12:30 PM, and will be opened in the same day 01:00 PM, in the presence of the Evaluation Committee and interested bidders. The Bid security should be Rs.50,000/- in the form of pay order/call deposit in the name of the undersigned.

03 All payments shall be made through bank draft or pay order, with a photocopy of the Computerized National Identity Card (CNIC) attached with the Bid form. Contact number shall be mentioned.

04 All bidders are directed to deposit Rs. (1,000) one Thousand Rupees in the name of Government of Balochistan Finance Department's Account 1-C3870 Others Non-Refundable through green challan to take part in the auction.

05 Successful bidders, if filler, will have to deposit 10% of the offered rate as Income Tax in FBR office. For non-filler, the rate is 20% of the offered rate. The bidding shall be item wise rate.

06 The Evaluation Committee reserves the right to reject any bid without assigning any reason thereof.

07. For any information/ query please contact 081-920-1162. Moreover, details of items and forms can be obtained from the office of Section Officer (B&A) Finance Department, Room No.20. Balochistan Civil Secretariat Quetta.

Section Officer (B&A), Finance Department.

PRQ No.1877/13-10-2025



مولانا مفتی محمود اور ان کی علمی و فکری وراثت

تحریر: مفتی عبدالصمد ساعد

تاریخ کے اوراق میں بعض ہستیاں ایسی تحریر ہوتی ہیں جن کے وجود سے ملتوں کی تقدیریں سنورتی ہیں، ان کے کردار علم و ایمان، بصیرت و شجاعت، اور دیانت و سیاست کا امتزاج ہوتے ہیں، انہی نابغہ روزگار شخصیات میں مفکر اسلام، فاتح قادیانیت، اور رمز شناس سیاست حضرت مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ کا نام ایک درخشاں مینار کی طرح تابندہ ہے۔ مفتی محمود کی شخصیت علم و حلم، زہد و تقویٰ، اور فقاہت و قیادت کا حسین سنگم تھی۔ آپ کے فتاویٰ میں علمی گہرائی، بصیرت شرعی اور فقہی دقت نمایاں تھی، مدارس دینیہ میں آپ کا فیضان علم آج بھی جاری ہے۔ آپ نے ہمیشہ علم کو عمل کا تابع، اور سیاست کو خدمت کا وسیلہ سمجھا، آپ کے عہد وزارت اعلیٰ (صوبہ سرحد، موجودہ خیبر پختونخوا) کا دور اسلامی تاریخ پاکستان کا روشن باب ہے، آپ نے پہلی مرتبہ حکومت کے ایوانوں میں شریعت مطہرہ کی خوشبو رچا دی 1970ء کے عام انتخابات میں آپ نے مغربی پاکستان کے معروف سیاست دان عبدالولی خان جیسے قد آور رہنما کو شکست دی، یہ صرف سیاسی جیت نہیں بلکہ نظریاتی فتح تھی، آپ نے ثابت کیا کہ قومیں دولت یا قومیت سے نہیں، ایمان اور کردار سے فتح حاصل کرتی ہیں، تحریک ختم نبوت میں آپ کا کردار تاریخ پاکستان کا زریں باب ہے، قادیانیت کے فتنہ عظیم کے خلاف جب امت کا ایمان خطرے میں پڑا، تو آپ نے علم، حکمت اور استقامت کے ساتھ قیادت فرمائی۔ آپ کے عزم ایمانی کے نتیجے میں پارلیمنٹ نے ختم نبوت کے عقیدے کو آئینی حیثیت دی، وہ فیصلہ جس نے امت کے عقیدے کو قانونی تحفظ عطا کیا اسی روشن مشن کے وارث، آپ کے فاضل فرزند حضرت مولانا فضل الرحمن دامت برکاتہم ہیں جو اپنے والد کے فکری، سیاسی اور روحانی نقش قدم پر گامزن ہیں، انہوں نے نہ صرف اس مشن کو آگے بڑھایا بلکہ نئی میدانوں میں اسے نئی بلندیوں تک پہنچایا، ستر برس کی سیاسی تاریخ میں پہلی بار یہ ایمان افروز منظر دنیا نے دیکھا کہ ایک دینی رہنما عدالت میں بنفس نفیس حاضر ہوا اور ختم نبوت کے مقدس عقیدہ کے دفاع میں شرعی و آئینی دلائل کے ساتھ مقدمہ لڑا، یہ محض قانونی کارروائی نہیں بلکہ عشق مصطفیٰ ﷺ کا عملی اظہار تھا وہ اعلان کہ ناموس رسالت پر کوئی سودے بازی نہیں۔ ان کے سیاسی و فکری جانشین حضرت مولانا فضل الرحمان نے بھی مولانا مفتی محمود کے نقش قدم پر چلتے ہوئے علمی و فکری وراثت کا حق ادا کیا، انہوں نے عشق مصطفیٰ کے جذبے سے لبریز احتجاجی مظاہروں کے ذریعے امت کے دلوں میں غیرت ایمانی کی حرارت پیدا کیا انہوں نے واضح کیا کہ قادیانیت اسلام نہیں بلکہ ارتداد ہے، اور ریاست مدینہ کے دعوے دار اگر قادیانیت نوازی کریں گے تو قوم خاموش نہیں رہے گی، انہوں نے قانون ناموس رسالت میں ترمیم کی ہر کوشش کے خلاف فولاد بن کر کھڑے ہوئے مدارس دینیہ کے تحفظ اور رجسٹریشن کے مسئلے پر بھی ان کی بصیرت و قیادت نے امت کو ایک متفقہ راستہ دیا، انہوں نے یہ باور کرایا کہ مدارس صرف تعلیم کے مراکز نہیں بلکہ ایمان و تہذیب کے قلعے ہیں، ان پر دست درازی دراصل امت کے قلب پر حملہ ہے، یوں حضرت مفتی محمود کی فکر اور ان کے فرزند ارجمند کی جدوجہد امت کے لیے وہ تسلسل ایمان ہے جو کبھی منقطع نہیں ہوتا، ایک نے اقتدار کی قربانی دے کر اصول بچائے، دوسرے نے پوری دنیا کے سامنے باطل کو للکار کر ایمان کی حرمت قائم رکھی، آج جب حضرت مفتی محمود کا یوم وفات ہے، تو یہ دن محض یادگار ماضی نہیں بلکہ تجدید عہد کا لمحہ ہے کہ ہم ان کی علمی و سیاسی وراثت کے امین بنیں، ان کے عزم و اخلاص کو مشعل راہ بنائیں، اور دین محمدی کے غلبے کے لیے متحد و بیدار رہیں، ان کی فکر کا تسلسل، ان کے فرزند کی قیادت میں آج بھی امت کے قافلے کو روشنی عطا کر رہا ہے یہ تسلسل تحفظ ختم نبوت اور ناموس رسالت کے عہد کی تجدید کا عنوان ہے۔

ٹیچل شاخ پر زیر تعمیر پلوں میں تاخیر پر ایگزیکٹو انجینئر کا اظہار برہمی

ترقیاتی منصوبوں میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

نصیر آباد (نامہ نگار) ضلع نصیر آباد پیرو دیل میں پٹ فیڈر کینال اور ٹیچل شاخ پر زیر تعمیر پلوں کی تاخیر پر ایگزیکٹو انجینئر روڈز عبدالرحمن کاکڑ کی برہمی ضلع نصیر آباد کے علاقے پیرو دیل میں پٹ فیڈر کینال اور ٹیچل شاخ پر زیر تعمیر پلوں کی عدم تکمیل پر ایگزیکٹو انجینئر روڈز نصیر آباد عبدالرحمن کاکڑ نے شدید برہمی کا اظہار کیا انہوں نے موقع پر جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ٹھیکیدار کو جلد از جلد پلوں کی تعمیر مکمل کرنے کی ہدایت دی ایگزیکٹو انجینئر عبدالرحمن کاکڑ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبے عوامی سہولت کے لیے ہیں ان میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کا بروقت اور معیاری تکمیل عوامی مفاد میں ہے لہٰذا ٹھیکیدار اپنے وسائل بروئے کار لا کر جلد از جلد منصوبہ مکمل کرے انہوں نے مزید کہا کہ پٹ فیڈر کینال اور ٹیچل شاخ پر پلوں کی تعمیر مکمل ہونے سے عوام کو آمد و رفت میں آسانی اور مقامی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا ایگزیکٹو انجینئر روڈز نصیر آباد عبدالرحمن کاکڑ نے وارننگ دی کہ اگر منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل نہ کیا گیا تو غفلت کے مرتکب ٹھیکیدار کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

منگولی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب روپوش ملزمان گرفتار کر لیے

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیر آباد لیفٹیننٹ ریٹائرڈ عاصم خان و ایس ایس پی نصیر آباد غلام سرور بھیو کی خصوصی ہدایات و احکامات کی روشنی میں پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی کی کامیاب کارروائی منگولی تھانہ کو اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب روپوش ملزمان گرفتار ڈی ایس پی ڈی پی او سرکل سی محمد حسن سونگی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ منگولی سب انسپکٹر محمد عمر اعوان نے اپنی ٹیم سب انسپکٹر نور محمد بگٹی کانسٹیبل غلام نبی عمرانی، و دیگر کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزمان مختیار احمد اور محمد حسن اقوام جکھرانی کو گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی منگولی پولیس کر رہی ہے

ڈی سی سے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی ملاقات، کوئٹہ لانگ مارچ موخر

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی سے میر عبدالرحمان زہری اور لیس زہری اور اور عبدالحمید مردوئی کی ملاقات، کوئٹہ کی جانب 15 اکتوبر کا لانگ مارچ موخر ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی سے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے سینئر رہنما پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے صدر و سابق چیئرمین میر عبدالرحمن زہری اور کمیٹی کے رہنما اور لیس زہری کی قیادت میں دفاع فیروز آباد کے سرگرم رہنما اور حمید مردوئی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اور حمید نے اپنے مطالبات اور 15 اگست کو کوئٹہ کی جانب مجوزہ لانگ مارچ سے متعلق آگاہ کیا۔ میر عبدالرحمن زہری اور اور لیس زہری نے دفاع فیروز آباد کے ڈیمانڈ کا ڈی سی کے سامنے تذکرہ کیا اور انہیں حل کرنے کی تجویز دی۔

ایک لاکھ ستاون ہزار سے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، منیر کاکڑ

39 یونین کونسلوں میں 42 فکسڈ سینٹرز اور 33 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمنان لانگو اور عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے نمائندہ ڈاکٹر ممتاز تنیہ بھی موجود تھے جنہوں نے بچوں کو پولیو اور وٹامنز کے قطرے پلائے۔ این سٹاف ڈاکٹر غلام یاسین دانجلی کامنیف کے صدام حسین ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی ثناء اللہ جکھرانی سمیت دیگر آفیسران موجود تھے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں ایک لاکھ ستاون ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے ضلع کی 39 یونین کونسلوں میں 42 فکسڈ سینٹرز اور 33 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں جہاں تربیت یافتہ ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے تمام محکموں کی مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، تمام پولیو ورکرز اپنی فیلڈ میں وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں، غفلت اور لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پولیو مہم کی سخت مانیٹرنگ کی جائے گی تاکہ مہم کو موثر انداز میں کامیابی سے ہمکنار کیا جا سکے۔ یو سی ایم اوز، ایریا کوآرڈینیٹرز اور سپروائزری عملہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے ادا کریں اور رپورٹنگ کا عمل شفاف رکھا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہم سب کا قومی فریضہ ہے، اس کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور مانیٹرنگ کے عمل کو مزید تیز و موثر بنایا جائے گا

ڈیرہ مراد جمالی، ڈی سی منیر احمد کاکڑ بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

خضدار، یکمین گنبد خضدار کانفرنس سے پیر سید شجاع الحق ہاشمی مفتی خضدار الاسلام و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پاک افواج پر قوم کو فخر ہے، کفایت اللہ آغا

چیئرمین کی قیادت میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد

پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے کوئٹہ کی فضا گونج اٹھی، مقررین کا اظہار یکجہتی

کوئٹہ (پ ر) پاکستانی سرحدوں پر حالیہ افغان جارحیت کے جواب میں پاک فوج کی بروقت اور موثر جوابی کارروائیاں پوری قوم کے جذبات کی ترجمان ہیں۔ بہادر افواج نے جس جرات مندی سے افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیم ٹی ٹی پی کے محفوظ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، اس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے موقع پر نکالی گئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ریلی میں سول سوسائٹی، طلباء، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان زندہ باد اور پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ حاجی کفایت اللہ آغا نے کہا کہ دشمن کو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ پاکستانی قوم اور افواج پاکستان ایک ہیں۔ ہماری سرحدوں کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج کی کارروائیاں نہ صرف دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خاتمے کا باعث بنیں بلکہ یہ پیغام بھی دیا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور امن و استحکام کے لیے قوم کو متحد رہنے کی ضرورت ہے۔ افواج پاکستان کے شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ عوام کا فرض ہے کہ وہ ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے میں اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں۔ ریلی کے اختتام پر شرکاء نے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں کو سلام پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وطن عزیز کے دفاع میں قوم ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی رہے گی

پولیو وائرس کے خاتمے کے لیے عوامی تعاون ضروری ہے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم ایونگ میٹنگ ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوئی۔ اجلاس میں، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈاکٹر عبدالحلیم او تماخیل، ڈبلیو ایچ او، کے ڈاکٹر زرک خان، محمد ہاشم اور فوکل پرسن پولیو مختیار خان لونی پروگرام، فیلڈ سپروائزرز، محکمہ تعلیم، پولیس اور سی ایم اوز کے نمائندوں سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ میں پولیو مہم کے دوران بچوں پولیو ویکسین کی تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق تمام فیلڈ ٹیمیں بھرپور ذمہ داری کے ساتھ کام کریں۔ انہوں نے پولیو عملے کو ہدایت دی کہ رہ جانے والے گھروں تک رسائی یقینی بنائی جائے اور مانیٹرنگ کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو وائرس کے خاتمے کے لیے عوامی تعاون نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ مستقبل کی نسل کو معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر پولیو ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا گیا اور بہترین کارکردگی دکھانے والے یونین کونسلز کے عملے کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

ضلع میں امن و امان کی بحالی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، خالد خان

جعفر آباد (خ ن) جعفر آباد ڈپٹی کمشنر خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں لیفٹیننٹ کرنل رضوان طیب ایس ایس پی جعفر آباد کامران نواز، ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شوکت علی کھوسہ، انٹیلی جنس اداروں کے نمائندگان اور دیگر ضلعی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں امن و امان کی صورتحال، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں اور مختلف انتظامی و علاقائی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن و امان کی مکمل بحالی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور بلا امتیاز کارروائی کی جائے تاکہ عوام اپنے علاقوں میں پرامن اور محفوظ ماحول میں زندگی گزار سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلع میں جاری ترقیاتی و تعمیراتی منصوبوں کو پی سی ون کے مطابق مکمل کیا جائے، تمام گورنمنٹ کنٹریکٹرز اپنے منصوبوں کے مقامات پر سیکیورٹی گارڈز کی تعیناتی یقینی بنائیں تاکہ تعمیراتی سرگرمیوں کے دوران کسی بھی قسم کی رکاوٹ یا ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ انہوں نے ضلعی افسران پر زور دیا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ حکومتی وسائل کا بہترین استعمال ممکن ہو اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

کمشنر نصیر آباد ڈویژن آفس میں جونیئر کلرک کے ٹیسٹ کے انعقاد

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن آفس میں جونیئر کلرک کے ٹیسٹ کے انعقاد کیا گیا جس کا آج پہلا دن تھا۔ واضح رہے کہ پانچ مختلف شفٹوں میں 2700 امیدوار نے حصہ لینا تھا۔ جن میں بڑی تعداد میں امیدواروں نے اپنی شرکت کو یقینی بنایا جبکہ چند امیدوار غیر حاضر بھی پائے گئے۔ امتحانی مرکز کمشنر آفس کے احاطے میں بنایا گیا تھا۔ ٹیسٹ کے دوران پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی تھی تاکہ موجودہ سیکورٹی خدشات کے پیش نظر موثر اقدامات کیے جا سکے۔ امتحانی ماحول کو شفاف بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد، اسسٹنٹ کمشنرز نصیر آباد، تحصیل تمبو، جعفر آباد اور استا محمد کو ذمہ داریاں سونپی گئی تھیں۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے بھی امتحانی مرکز کا دورہ کیا اور صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا اور واضح کیا کہ امتحان کے دوران نقل یا کسی بھی قسم کی بے ضابطگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اور اہل اور قابل امیدواروں کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی بھی نہیں ہونے دی جائے گی۔ انہوں نے یہ بات جونیئر کلرک کے امتحانی مرکز کے دورے کے دوران نگرانی پر معمور افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ امتحان کے دوران نظم و ضبط اور شفافیت برقرار رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری سے ادا کریں۔

پولیو ایک مہلک اور ناقابل علاج بیماری ہے، سراج احمد بلوچ

والدین پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں

لسبیلہ (خ ن) لسبیلہ میں سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کی افتتاحی تقریب ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل میں منعقد ہوئے افتتاحی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ ایدھی ویلفیئر ٹرسٹ سندھ بلوچستان کے انچارج ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی اور ڈاکٹر شہلاء نے 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ پولیو ایک مہلک اور ناقابل علاج بیماری ہے، جس سے بچوں کی عمر بھر کی معذوری کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں اور اس قومی مہم میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، ڈاکٹر شہلاء، چیف کوارڈینیشن آفیسر (CCO) جہانگیر بلوچ، ڈاکٹر منیر بلوچ، وائس چیئرمین ایم سی اوتھل وسیم احمد خاصخیلی اور دیگر محکمہ صحت کے افسران بھی موجود تھے۔ DHO لسبیلا نے کہا کہ ضلع بھر میں ہزاروں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے تربیت یافتہ ٹیمیں گھر گھر جا کر اپنا کام سرانجام دیں گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ ادارے مل کر اس مہم کو کامیاب بنائیں گے تاکہ لسبیلا ضلع کو پولیو سے مکمل طور پر پاک کیا جا سکے۔

خضدار، ڈی سی یاسر اقبال دشتی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر رہے ہیں

آج پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، تحریک لبیک پاکستان

پنجاب پولیس نے نہتے شہریوں پر گولیاں برسا کر آئین کی خلاف ورزی کی ہے

بھاگ (نامہ نگار) تحریک لبیک پاکستان ضلع کچھی کے سرپرست اعلیٰ غلام مصطفیٰ مغیری ضلعی ناظم و کونسلر محمد بخش مغیری حافظ عطاء اللہ و مرکزی اہلسنت والجماعت کے ضلعی رہنما حافظ اصغر علی مغیری حافظ غلام نبی سگو و دیگر نے تحریک لبیک پاکستان کے پرامن مرکزی قائدین و کارکنان پر پنجاب پولیس کی جانب سے پرتشدد واقعات کے خلاف پرہجوم پریس کانفرنس کے ذریعے مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جس میں پنجاب پولیس نے نہتے پرامن شہریوں پر گولیاں برسا کر آئین کی صریحاً خلاف ورزی کی ہے

ڈی سی نصیر آباد کا محکمہ ریونیو کی خالی آسامیوں کیلئے امتحانی عمل کا جائزہ

امیدواران کو مقررہ وقت تک ٹیسٹ مکمل کرنے کے لیے سہولتیں فراہم کی جائیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے محکمہ ریونیو نصیر آباد ڈویژن کی خالی آسامیوں کے لیے امتحانی عمل کا جائزہ لیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ انہیں تحریری امتحانات کے حوالے سے انہیں ... سربراہی میں محکمہ ریونیو کی تمام آسامیوں کو مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر پر کرنے کے لیے جامع اقدامات کیے گئے ہیں، ان کا کہنا تھا کہ شفافیت، قابلیت اور انصاف پر مبنی بھرتی کا عمل حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے ...

طب ایسا پیشہ ہے جس سے مریضوں کی جان وابستہ ہے، ڈی سی چمن

ڈاکٹروں اور سٹاف اپنی حاضری کو یقینی اور وقت کی پابندی کریں، امتیاز بلوچ

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن امتیاز علی بلوچ نے ... انہوں نے کہا کہ طب ایسا پیشہ ہے جس سے مریضوں کی جان وابستہ ہے ... ڈاکٹرز اور سٹاف اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور وقت کی پابندی کریں ...

اوستہ محمد، ڈی سی محمد عبدالرزاق خان بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر رہے ہیں

اے کے باکسنگ اکیڈمی کی تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان پروفیشنل باکسنگ اسوسی ایشن کے ... عبدالملک بلوچ ... جیتنے والے کھلاڑی کو میڈل دے رہے ہیں

ڈی سی اوستہ محمد کا بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا آغاز کر دیا

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد عبدالرزاق خان ... انسداد پولیو مہم کا آغاز ... ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ... والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں ...

ڈی سی چمن کا بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن ... بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا ... 13 اکتوبر سے 19 اکتوبر تک جاری رہے گی ...

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی سول جج کوہلو بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوہلو

درخواست نمبر 13/25 — آئندہ پیشی مورخہ 25/10/2025

1۔ مسماۃ زرگل بیوہ حاجی سہراب خان، 2۔ جعفر خان، 3۔ ظفر اللہ خان، 4۔ محمد عمران، 5۔ نذیر احمد، 6۔ منیر احمد، 7۔ محمد ہارون پسران حاجی سہراب خان، 8۔ پری گل، 9۔ زیبا دختران حاجی سہراب خان اقوام لانگھانی مری سکنائے بوبڑی تحصیل و ضلع کوہلو بنام عوام الناس

دعویٰ۔ درخواست زیر سیکشن 372 جانشینی ایکٹ

ہرگاہ درخواست جانشینی عنوان بالا میں تاریخ پیشی مورخہ 25/10/2025 کو عدالت ہذا میں مقرر ہے۔ جس میں بالا سائلان نے درخواست وصول جانشینی مبلغ =/7163953 روپے گزاری ہے، لہٰذا بذریعہ اشتہار ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 10/10/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے — نمائندہ کوہلو

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی سول جج کوہلو بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوہلو

درخواست گارڈین نمبر 17/25 — آئندہ پیشی مورخہ 25/10/2025

... بنام عوام الناس

دعویٰ۔ درخواست گارڈین زیر دفعہ 25 ایکٹ

ہرگاہ درخواست گارڈین عنوان بالا میں تاریخ پیشی مورخہ 25/10/2025 کو عدالت ہذا میں مقرر ہے۔ جس میں بالا سائلان بالا نے درخواست حصول گارڈین سرٹیفکیٹ گزاری ہے، لہٰذا بذریعہ اشتہار ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج بمورخہ 11/10/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے — نمائندہ کوہلو

بعدالت تحصیلدار صدر اسسٹنٹ کلکٹر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مرتضیٰ خان ولد شاہ محمد قوم کاکڑ سکنہ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ درخواست پیش کیا گیا اظہار کیا کہ میرا رشتہ دار نور محمد ولد اختر محمد قوم کاکڑ سکنہ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان 1۔ دین محمد 2۔ فیصل محمد 3۔ پیر محمد 4۔ شاہ محمد پسران اختر محمد قوم کاکڑ ساکنان ایئرپورٹ روڈ ... 3/10/2025 ... جاری ہوا

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مقدمہ نمبر 90/2025 — درخواست گارڈین

... بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 24/10/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج مورخہ 10/10/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

CANCELLATION

The tender called on 19 th September 2025 vide TSE-252609840123 Published on 04- 09-2025 vide PRQ No.1036/03-09-2025 is called cancelled due to some inevitable reasons.

PRQ No.1872/13-10-2025

Assistant Director
Local Government Duki

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION IN DATE OF TENDER SUBMISSION

Reference to PRQ No. 1517/25.09.2025 published in various newspapers dated 26.09.2025 under TSE # 252609875353, TSE # 252609871473 and TSE # 252609869213. Now the last date of bid submission has been extended to 16 th October, 2025 at 10:30 A.M. The bids will be opened electronically on the same day at 11:30 A.M. All other terms and conditions shall remain same.

PRQ No.1873/13-10-2025

Director Electricity (North)
Energy Department
Government of Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Chief Officer Municipal Corporation Turbat District Kech , has invites the electronics tender from the interested firms/ contractors of the following goods.

S.NO	NAME OF WORK	Bid Security
1.	Tools and General Machinery (Total Item(s) Count: 5) **TSE-252610893041**	2%
2	Industrial Manufacturing and Processing Machinery and Accessories **(Total Item(s) Count: 1) TSE-252610893111**	2%

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **BASIC ELIGIBITY:** The Firms must have valid registration with Income Tax and General Sales Tax, including similar nature work experiences & Bank Statement (Turnover). Valid Registration with Income Tax & GST with active tax payer list. Other Mandatory conditions and Detail Marking Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope procedure. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents**: Complete Bidding Document can be viewed www.bppra.gob.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- each tenders mentioned above must be deposited in favour of the undersigned in shape of Pay order or call deposit from the schedule bank of Pakistan. **Last Date of bid submission**: Bid can only be submitted electronically latest by 30th October-2025 till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System. **Address**: office of the Chief Officer Municipal Corporation Turbat, District Kech. Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

AB No.360/13-10-2025

CHIEF OFFICER,
MUNICIPAL CORPORATION
TURBAT DISTRICT KECH

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Municipal Committee Duki invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates. **Tender fee 1500, Bid Security 2%.**

S.No	Name of Schemes	E/Cost
1	Installation of Solar Street Lights at Bazaar area MC Duki. TSE-252610893993	10,000,000/-

The procurement shall be made under the Baluchistan Public Procurement Rules, 2014. **ELIGIBILITY OF BIDDERS:** All mandatory requirements are mentioned in Bidding documents for qualifying the eligibility criteria **PROCEDURE OF PROCUREMENT:** Single stage – Two envelope bidding procedure. **BID SECURITY:** The bids must accompany Bid Security 2% in the form of Bank Guarantee, Deposit at call, in the name of undersigned from scheduled bank. **TENDER DOCUMENTS:** The NIT & Bidding document can be obtained from the office of the undersigned or can download from BPPRA. **ISSUANCE OF TENDER DOCUMENTS:** From the date of publication of NIT to **30-10-2025** during office hours on working days. **SUBMISSION:** The Tenders must be submitted latest by **30-10-2025** till **11:00 AM**. **OPENING:** The Tender will be opened on same date at the office of the under-signed at **12:00 PM**.
ADDRESS: Office of the Municipal Committee Duki.
Phone No. 0824-666600 Email: Nil@gmail.com

AB No.364/13-10-2025

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE DUKI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

REVISION IN BIDDING DOCUMENT AND SCHEDULE
(PRQ NO: 1361)

This is to inform you that with reference to the advertisement published in the leading daily newspapers under **PRQ No: 1361 dated 19th September 2025, the bidding documents and schedule** for the said procurement have been revised by the Child Protection Cell Balochistan.
The revised schedule is as follows:
Last date for bid submission: 20 October 2025
Date of bid opening: 21 October 2025
All interested participating bidders and those who have already submitted their bids are hereby informed to resubmit their bidding documents in accordance with the revised documents and schedule.

PRQ No.1879/13-10-2025

DEPUTY DIRECTOR
SOCIAL WELFARE DEPARTMENT
CHILD PROTECTION CELL (CPC)

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے پینل لیبارٹری (کوئٹہ)

بلوچستان ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن (BESSI) کوئٹہ میں اپنے تحفظ یافتہ ملازمین اور ان کے زیر کفالت افراد کے لیے ایک عدد لیبارٹری کنٹریکٹ کی بنیاد پر ضرورت ہے۔ **جس کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں۔**

(1) ٹینڈر بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی BPPRA رولز 2014 کے مطابق ہوگا۔
(2) معاہدہ ایک سال کی مدت کے لیے کارآمد ہوگا۔ (3) پینل لیبارٹری ... (4) ... (5) ... (6) ... (7) ... (8) ... (9) ...

... Ph: 0819211450 ... 0334-2439983 ... 29-10-2025 ... 11:00 ... 11:30 ...

کمشنر بلوچستان ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن

PRQ No.1881/13-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required The Executive Engineer, Communication Department (Roads) Pishin invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mention in the bidding documents for the work mentioned below based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below under BPPRA Rules. **Earnest Money 3% in Shape of Call Deposit. Tender Fee 1,500 PKR for each work**

S#	NAME OF WORK	E/COST
1	CONSTRUCTION OF MAIN ROADS AROUND HAJIAN AND OLD SHAKARZAI TEHSIL HURAMZAI DISTRICT PISHIN PSDP No. 1548/ Z2025.0981 **TSE-252610892453**	99,036,896
2	CONSTRUCTION OF BT ROAD FROM ADDA BAZAR TO TOBA KAKARI, BARSHORE (PHASE-III) PISHIN PSDP NO.1516 (Z2025.0258) 2025-26 **PACKAGE I (RD 0+00 TO RD13+00 KM) TSE-252610893623**	412,799,960
3	CONSTRUCTION OF BT ROAD FROM ADDA BAZAR TO TOBA KAKARI BARSHORE (PHASE-III) PISHIN PSDP NO.1516 (Z2025.0258) 2025-26 **PACKAGE II (RD 13+00 TO RD 23+00 KM)TSE-252610893643**	379,300,083
4	WIDENING / RECONDITIONING OF ROAD FROM BARSHORE MAIN ROAD TO TOBA KAKARI PISHIN PSDP NO.1509 (Z2025.2366) 2025-26 **PACKAGE-I (Rd 0+00 Km to 8+00 Km) TSE-252610893653**	417,503,519
5	WIDENING / RECONDITIONING OF ROAD FROM BARSHORE MAIN ROAD TO TOBA KAKARI PISHIN PSDP NO.1509 (Z2025.2366) 2025-26 **PACKAGE-II (Rd 8+00 Km to 17+00 Km) TSE-252610893663**	473,582,363

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e. 2025-26 with Pakistan Engineering Council in relevant Category & relevant discipline and fresh registration with tax authority's i.e. (NTN, sales tax Department and BRA) where applicable and all the other eligibility factors are mentioned in bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** (Single Stage – Two Envelop) bidding Procedure will be adopted. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention below on production of green Challan form for an amount of Rs. mentioned above (Non- refundable) for the work deposited in the head of account C-02716 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk), from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission. The contractors/Forms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to provide deposited green Challan from of above mentioned Fee. **No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable. DEADLINE OF SUBMISSION: 29th October, 2025 at 10:00 PM.** Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. **OPENING:** The "Technical Bids" will be opened on the same day **29th October, 2025 at 11:00 PM. BIDS VALIDITY:** Ninety (90) days The firms providing unsubstantiated and / or incorrect information are liable to disqualification and / or legal action. The undersigned reserves the right to reject all bids as per the BPPRA rules.

PRQ No.1878/13-10-2025

Executive Engineer (Roads)
CWPP&H Department District
Pishin

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — نامزد امیدوار

ضرور ہوگا لیکن میں نے آپ کے حلقوں کو فنڈز دیے، بانی پی ٹی آئی کئی بار کہہ چکے کہ پاکستان کیلئے اپنی ذات کو پیچھے رکھتا ہوں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ دنیا میں جہاں بھی مسلمانوں پر مظالم ڈھائے جارہے ہیں ہم ان کے ساتھ ہیں، ہماری جدوجہد پاکستان اور صوبے کے عوام کیلئے جاری رہے گی، اللہ نے شاید مجھے سرخرو کرنے کیلئے اس جگہ پر کھڑا کیا ہو، وفاداری اور عزت پر خود کو ثابت کرلیں تو دنیا میں اہم مقام حاصل کرلیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی آج قوم کیلئے قربانی دے رہے ہیں، ہم بانی کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے، بانی پی ٹی آئی ہمارے بچوں کے مستقبل کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ اپوزیشن لیڈر کے پی ڈاکٹر عباد اللہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور کا استعفیٰ تاحال منظور نہیں ہوا، ایک وزیر اعلیٰ کے ہوتے ہوئے دوسرے وزیر اعلیٰ کا انتخاب نہیں ہوسکتا۔ ڈاکٹر عباد اللہ نے کہا ہے کہ گورنر نے علی امین گنڈاپور کو بلایا ہے تاکہ جو ابہام ہے وہ دور ہو جائے، ہمارے دوستوں کو اتنی کیا جلدی ہے، ان کے پاس نمبرز پورے ہیں تو کیوں اس معاملے کو متنازع بنا رہے ہیں، یہ عمل غیر قانونی ہے ہم اس غیر قانونی عمل کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اپوزیشن لیڈر عباد اللہ کی تقریر کے دوران اسمبلی کی گیلری سے شور شرابہ ہونے پر اسپیکر بابر سلیم سواتی نے گیلری میں موجود لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر آپ لوگ خاموش نہیں ہوں گے تو میں اجلاس کی کارروائی رکوا کر آپ لوگوں کو باہر نکالنے پر مجبور ہوں گا۔ ایک انٹرویو میں اپوزیشن لیڈر خیبر پختونخوا اسمبلی ڈاکٹر عباد اللہ کا کہنا ہے کہ اپوزیشن آج (منگل کو) وزیر اعلیٰ کے انتخاب کے خلاف عدالت جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تو کل تک سمجھ رہے تھے کہ استعفیٰ منظور ہوا، اس لیے امیدواروں نے کاغذات جمع کروائے۔ ڈاکٹر عباد اللہ کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ کا انتخاب غیر آئینی ہے، ان کے وکیل کہہ رہے ہیں یہ ٹھیک ہے، ہم کہہ رہے ہیں غلط ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سمجھ رہے تھے کہ استعفیٰ منظور ہوگیا اس لئے امیدوار لائے۔ اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم سواتی نے اپوزیشن لیڈر کے خطاب کے بعد کہا کہ علی امین گنڈاپور نے دو بار استعفیٰ گورنر کو بھیجا اور آج ایوان میں بھی استعفے کا اعلان کیا، چند لوگوں کی خواہش ہے کہ سہیل آفریدی وزیر اعلیٰ نہ بنیں لیکن آئین لوگوں کی خواہشات پر نہیں چل سکتا، آئین کے مطابق چلیں گے۔ بابر سلیم سواتی نے اس حوالے سے رولنگ پڑھتے ہوئے کہا کہ نئے قائد ایوان کا طریقہ کار آئین کے مطابق ہوگا جس کے بعد منتخب وزیر اعلیٰ کے نام کا اعلان ہوگا۔ گورنر کا اقدام مکمل طور پر غیر آئینی ہے، میں رولنگ دیتا ہوں، سہیل خان کو پارٹی کے چیئرمین نے نامزد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے آئین کے آرٹیکل 130 کی شق 8 کے تحت استعفیٰ دیا، 8 اور پھر 11 اکتوبر کو علی امین نے دو استعفے گورنر کو بھیج دیے، دونوں استعفوں پر علی امین نے ہی دستخط ہیں۔ بابر سلیم سواتی کا کہنا تھا کہ علی امین نے جو استعفیٰ دیا ہے وہ خود منظور ہوتا ہے، وزیر اعلیٰ کے پہلے اور دوسرے استعفے کے دستخط میں کوئی فرق نہیں، وزیر اعلیٰ کے استعفے کے تمام لوازمات آئین اور قانون کے مطابق تھے۔ اسپیکر کے پی اسمبلی نے نئے قائد ایوان کو منتخب کرنے کا طریقہ بتایا جس کے بعد اسمبلی میں ووٹنگ ہوئی اور پھر 90 ایم پی ایز نے سہیل آفریدی کو نیا قائد ایوان منتخب کیا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں کل ارکان کی تعداد 145 ہے جس میں سے حکومتی ارکان کی تعداد 93 اور اپوزیشن کے 52 ارکان ہیں۔ قائد ایوان منتخب ہونے کیلئے 73 ووٹ درکار تھے۔ یاد رہے کہ پی ٹی آئی کے سہیل آفریدی سمیت 4 امیدوار میدان میں تھے، جے یو آئی کے مولانا لطف الرحمان، پیپلز پارٹی کے ارباب زرک اور ن لیگ کے سردار شاہ جہان بھی امیدواروں میں شامل تھے۔ اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباد اللہ وزیر اعلیٰ کی دوڑ سے باہر ہوگئے تھے، اپوزیشن جماعتوں میں کسی ایک نام پر اتفاق نہیں ہوسکا تھا، پی ٹی آئی اپنے وزیر اعلیٰ کو بلا مقابلہ منتخب کرانے کیلئے ن لیگ اور اے این پی سے بھی تعاون مانگا تھا۔ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کا تعلق ضلع خیبر سے ہے، وہ 2024 کے عام انتخابات میں پہلی بار ضلع خیبر سے رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے۔ سہیل آفریدی کافی عرصے تک انصاف اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے پی کے صدر رہے۔ سہیل آفریدی علی امین گنڈاپور کی حکومت میں وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی کمیونیکیشن اینڈ ورکس رہے تاہم صوبائی کابینہ میں تبدیلی کے بعد سہیل آفریدی کو وزیر برائے ہائر ایجوکیشن بنایا گیا۔ سہیل آفریدی پی ٹی آئی کی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن بھی ہیں۔

بقیہ 2 — امن معاہدہ

وزیر اعظم شہباز شریف نے کی جبکہ دیگر شرکا میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس، عرب لیگ کے سیکریٹری جنرل احمد ابوالغیط، فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، برطانوی وزیر اعظم کیئر اسٹارمر، انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو، یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا، جرمنی کے چانسلر فریڈرک مرز شامل تھے۔ اس کے علاوہ اسپین کے وزیر اعظم پیدرو سانچیز، کویت کے وزیر اعظم احمد العبداللہ الصباح، اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی، کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی اور عراق کے وزیر اعظم محمد شیاع السودانی بھی غزہ امن کانفرنس میں شریک تھے۔ اس موقع پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ آج غزہ کے عوام کے لیے تاریخی دن ہے، غزہ امن معاہدے میں مصر کا اہم کردار ہے، غزہ میں معاہدے کی وجہ سے امن اور ترقی ہوگی، مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن اور استحکام چاہتے ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ دوست ملکوں کے تعاون سے غزہ امن معاہدہ ممکن ہوا، غزہ امن معاہدے کیلئے سب کا شکر گزار ہوں۔ امریکی صدر نے کہا کہ اس موقع پر سب خوش ہیں، ہم اس سے پہلے بھی 'بڑے معاہدے کرچکے ہیں لیکن اس معاملے نے تو بالکل راکٹ کی طرح اڑان بھری ہے۔' انہوں نے کہا کہ پہلے یہ پیش گوئیاں کی جا رہی تھیں کہ تیسری عالمی جنگ مشرق وسطیٰ سے شروع ہوگی، مگر اب ایسا نہیں ہوگا۔ معاہدے پر دستخط کے بعد عالمی رہنماؤں کے ہمراہ اپنے خطاب ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یہ وہ دن ہے جس کے لیے اس خطے اور دنیا بھر کے لوگ کوششیں اور دعائیں کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے ایک ماہ کے دوران جو کچھ ہوا، اس کی قطعی توقع نہیں تھی کہ ایسا ہوسکتا تھا، آج ہم نے وہ حاصل کرلیا جس کے بارے میں ہر کوئی یہ کہہ رہا تھا کہ یہ ناممکن ہے مگر آخرکار ہم مشرق وسطیٰ میں امن قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے اور اس کے لیے میں سب کو مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ برسوں کی تباہی و بربادی اور خونریزی کے بعد غزہ میں جنگ اب ختم ہوچکی ہے، انسانی امداد وہاں پہنچ رہی ہے، خوراک، ادویہ اور دیگر اشیائے ضروریہ سے لدے سینکڑوں ٹرک وہاں پہنچ رہے ہیں، یرغمالی واپس پہنچ گئے ہیں اور شہری اپنے گھروں کو لوٹ رہے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایک نیا اور خوبصورت دن طلوع ہو رہا ہے اور اب تعمیر نو کا عمل شروع ہوتا ہے۔ انہوں نے عرب و مسلم ممالک کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس غیر معمولی پیش رفت کو ممکن بنانے میں مدد کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا آج غزہ کے عوام کیلئے تاریخی دن ہے کیونکہ انتھک کوششوں کے بعد امن حاصل کرلیا گیا ہے۔ یہ کوششیں صدر ٹرمپ کی قیادت میں کی گئیں جو حقیقتاً امن کے علمبردار ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان نے صدر ٹرمپ کو امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کیا تھا، اور آج میں ایک بار پھر صدر ٹرمپ کو نوبیل انعام دینے کے لیے درخواست کرتا ہوں کیونکہ وہ اس انعام کے حقیقی حقدار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے نہ صرف جنوبی ایشیا میں امن قائم کیا بلکہ لاکھوں کی زندگیاں بچائیں، اور آج شرم الشیخ میں غزہ میں قیام امن کے ذریعے مشرق وسطیٰ میں لاکھوں زندگیاں بچائی ہیں۔ قبل ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ غزہ امن سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے مصر پہنچ گئے۔

بقیہ 3 — سرفراز بگٹی

، اور اس ضمن میں کسی قسم کی کمی برداشت نہیں کی جائے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ 18 ماہ کے دوران حکومت بلوچستان نے عام شہریوں کے علاج و معالجے پر 3 ارب روپے سے زائد رقم خرچ کی ہے۔ اس دوران کینسر، گردوں، تھیلیسیمیا، لیور ٹرانسپلانٹ، کڈنی ٹرانسپلانٹ اور دل کے پیچیدہ امراض میں مبتلا 1412 مریضوں کا علاج سرکاری اخراجات پر ممکن بنایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان مریضوں کے علاج کے لیے ڈاکٹرز کی سفارشات پر عمل کرتے ہوئے ان کا علاج نہ صرف اندرون ملک کے بڑے طبی مراکز میں کرایا گیا بلکہ بعض مریضوں کو بیرون ملک بھی بھیجا گیا تاکہ انہیں معیاری اور بروقت علاج میسر آسکے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صحت کے شعبے میں عوامی خدمت حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے لیے صوبائی حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے کے کسی شہری کو علاج کی سہولت کے لیے در در نہیں جانا پڑے گا، اور حکومت صوبے کے دور دراز علاقوں تک صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ اقدامات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان حکومت اپنے شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ، پرعزم اور متحرک ہے۔ عوام کی خدمت ہی ہماری اصل ترجیح ہے اور اس مشن کو مزید وسعت دی جائے گی۔

بقیہ 4 — شرکت سے انکار

کرنے اور دھمکیاں دینے والے ممالک کے ساتھ ایک میز پر نہیں بیٹھ سکتا۔ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ ایران کو اجلاس میں مدعو کیا گیا تھا، تاہم ایرانی صدر اور وزیر خارجہ دونوں نے شرکت سے انکار کردیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم ان لوگوں سے بات چیت نہیں کرسکتے جنہوں نے ایرانی عوام پر حملے کیے، ہمیں پابندیوں اور دھمکیوں کا نشانہ بنایا۔

بقیہ 5 — افغان جارحیت

شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ پاکستان کے عوام ان بہادر سپوتوں کے قرض دار ہیں، بہادر سپوتوں نے افغان طالبان کی جارحیت کے مقابلے میں جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ بہادر سپوتوں نے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی جارحیت کے مقابلے میں جانوں کا نذرانہ پیش کیا، مسلح افواج کسی بھی جارحیت یا سازش کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 6 — جسٹس مندوخیل

کریں یا نہ کریں، آرٹیکل 191 موجود ہے، فل کورٹ کا لفظ آرٹیکل 191 میں موجود نہیں، آرٹیکل 191 کے ہوتے ہوئے کیا آپ نہیں سمجھتے کہ آئینی بینچ کے ججز ہی فل کورٹ کو مکمل کرتے ہیں؟ جبکہ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ جس ترمیم کے تحت آئینی بینچ بنا ہے، اس پر اعتراض ہوگا تو فیصلہ کون کرے گا؟ سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 8 رکنی آئینی بینچ نے 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں پر سماعت کی۔ پاکستان بار کونسل کے 6 سابق صدور کے وکیل عابد زبیری عدالت میں پیش ہوئے اور معاملے پر فل کورٹ تشکیل دینے کے حوالے سے دلائل دیے۔ دوران سماعت جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کیا کسی جماعت کا حق ہوتا ہے کہ بینچ کو بنا کر دوسرا بینچ بنا دیا جائے؟ کیا ہم پابند ہیں کہ بینچ تبدیل کریں؟ کیا جماعت چاہتی ہے کہ ہمیں مخصوص بینچ، یا ججز دے جائیں؟ وکیل عابد زبیری نے موقف اختیار کیا کہ کسی جماعت کا حق نہیں کہ مخصوص بینچ منتخب کریں، میں نے ہمیشہ فل کورٹ بنانے کا کہا۔ جسٹس امین الدین خان نے استفسار کیا کیوں چاہتے ہیں کہ فل کورٹ بنایا جائے؟ وکیل عابد زبیری نے کہا آپ کے اپنے فیصلے ہیں کہ فل کورٹ ہونا چاہیے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ سپریم کورٹ میں کتنے ججز ہیں؟ فل کورٹ ہو تو کیا ہوگا؟ وکیل عابد زبیری نے جواب دیا کہ اس وقت سپریم کورٹ میں 24 ججز موجود ہیں، میں کسی جج کو غلط نہیں کہہ رہا، سب ججز عزت کے قابل ہیں۔ جسٹس عائشہ ملک نے استفسار کیا آپ کی درخواست کیا ہے؟ وکیل عابد زبیری نے کہا کہ ہماری درخواست ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم سے قبل موجود ججز کو ہی کیس سننا چاہیے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا آپ کیوں چاہتے ہیں کہ 26 ویں آئینی ترمیم سے قبل ججز پر مبنی فل کورٹ بنے؟ وکیل عابد زبیری نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کو خود چیلنج کیا گیا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا چیف جسٹس کا کیا ہوگا؟ کیا چیف جسٹس بینچ میں نہیں بیٹھیں گے؟ عابد زبیری نے کہا کہ چیف جسٹس کو بینچ میں بیٹھنے کا خود فیصلہ کرنا ہوگا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ چیف جسٹس 26 ویں آئینی ترمیم کے تحت بنے ہیں، اگر 26 ویں آئینی ترمیم نہ ہوتی تو یحییٰ آفریدی چیف جسٹس نہ بنتے، کیونکہ وقت مقرر تھا، سینئر پیونی کو چیف جسٹس ہونا تھا لیکن نہیں بن سکے۔

بقیہ 7 — محمد اورنگزیب

دونوں فریقوں نے آئی ایف سی کے اہم ریکوڈک منصوبے کی جلد مالی تکمیل کے لیے اقدامات پر اتفاق کیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا کہ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب اپنی ٹیم کے ہمراہ واشنگٹن ڈی سی پہنچے، جہاں وہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور ورلڈ بینک کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کر رہے ہیں۔

بقیہ 8 — کھل گئے

راولپنڈی مری روڈ پر دکانیں اور تجارتی مراکز بھی کھل گئے ہیں جبکہ مری روڈ سے فیض آباد جانے والا راستہ بند رہا۔ راولپنڈی اسلام آباد میٹرو بس سروس بھی بند رہی جبکہ راولپنڈی اسلام آباد میں موبائل فون اور ڈیٹا سروسز بحال ہوگئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق آئی جے پی روڈ، ڈبل روڈ، ایکسپریس وے کو ٹریفک کے لیے بحال کردیا گیا ادھر راولپنڈی سے ڈبل روڈ نا کھنہ ایونیو راستہ کھول دیا گیا۔

بقیہ 9 — افراد جاں بحق

کے مطابق۔ مریدکے میں مذہبی جماعت کا دھرنا ختم کرا دیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کا کہنا ہے کہ گروہ کو منتشر کرنے کی کارروائی شروع ہوئی تو مذہبی جماعت کے کارکنوں نے پتھراؤ اور پیٹرول بموں کا استعمال کیا اور اندھا دھند فائرنگ کردی۔ ترجمان نے بتایا کہ ایک ایس ایچ او شہید اور 48 اہلکار زخمی ہوگئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اپنے دفاع میں محدود کارروائی کرنا پڑی، مذہبی جماعت کے 3 کارکن اور ایک راہگیر جاں بحق ہوئے جبکہ 8 افراد زخمی ہوگئے۔ کراچی میں کہیں احتجاج نہیں ہورہا، شہری افواہوں پر کان نہ دھریں: پولیس حکام ادھر لاہور میں اندرون شہر اور داخلی و خارجی راستے بند ہونے سے شدید مشکلات، میٹرو بھی بند، مذہبی جماعت کا احتجاج: پنڈی میں 4 روز بعد تعلیمی ادارے کھل گئے، تمام رابطہ سڑکیں بحال کردی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہنگامہ آرائی کے دوران 40 سرکاری اور پرائیویٹ گاڑیوں کو آگ لگائی گئی، متعدد افراد گرفتار کرلیے گئے جبکہ علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ دوسری جانب پنجاب سیف سٹی اتھارٹی نے ٹریفک کی صورتحال کا الرٹ جاری کردیا۔ ٹھوکر نیاز بیگ سے بابو صابو تک روڈ، چونگی امرسدھو سے قصور روڈ تک، مانگا منڈی سے لاہور دونوں اطراف، پی ایم جی چوک دونوں اطراف اور داروغہ والا سے سلامت پورہ تک سڑک ٹریفک کے لیے بند ہے۔ موٹر وے ایم 2 لاہور سے اسلام آباد، ایم 3 لاہور سے عبدالحکیم تک اور ایم 11 لاہور سے سیالکوٹ دونوں اطراف سے ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند ہے۔ پنجاب یونیورسٹی نے آج ہونے والے امتحانات ملتوی کردیے اور کل 14 اکتوبر سے ایل ایل بی امتحانات شیڈول کے مطابق ہوں گے۔

بقیہ 10 — بکنگ مکمل

اقدامات کے تحت پرائیویٹ اسکیم بکنگ مدت میں اضافہ ممکن نہیں، وزارت مذہبی امور حج بکنگ میں تیزی کیلئے پرائیویٹ آپریٹرز کو تحریری ہدایت بھی دے چکی ہے۔ 25 روز میں پرائیویٹ حج آپریٹرز تقریباً 23 ہزار عازمین کی بکنگ کرسکے

بقیہ 11 — خودکشی کرلی

خودکشی کرلی۔ پولیس نے لاشیں تحویل میں لے کر اسے پوسٹمارٹم کے لئے بھجوا دیا۔ جبکہ جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 12 — بچے

بچے وفات پا گئے ڈیرہ مراد جمالی ٹیچنگ ہسپتال ڈائریا کے مریضوں سے بھرگیا سینکڑوں بچے خواتین متاثر پرائیویٹ کلینکس بھی مریضوں سے بھر گئے ڈیرہ مراد جمالی کی وارڈ نمبر 38 سب سے زیادہ متاثر بنگلہ بنیادوں پر طبی امداد کی فراہمی نہ ہوئی تو مزید اموات ہوسکتی ہیں ڈاکٹرز کا موقف تفصیلات کے مطابق ضلع نصیرآباد اور ضلع صحبت پور میں ڈائریا (ہیضے) وبائی شکل اختیار کرلی ہے

بقیہ 13 — محکمہ صحت

ہوئے محکمہ صحت میں عرصہ دراز سے غیر حاضر ملازمین کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا گیا ہے اس سلسلے میں پہلے مرحلے میں ضلع کوہلو سے 20 دکی سے دو سمیت کیل سے ایک جبکہ اواران سے چار ملازمین کو سرکاری ملازمت سے برخاست کردیا گیا ہے برخاست ہونے والے ملازمین طویل عرصے سے سرکاری ملازمت سے غیر حاضر تھے

بقیہ 14 — بے نقاب

میڈیا نے اے آئی کے ذریعے جعلی ویڈیوز اور تصاویر بنا کر پاکستان کے خلاف جھوٹی مہم شروع کر دی۔ بھارتی ہینڈلز نے شمالی وزیرستان کے شہری عادل داوڑ کو فوجی افسر ظاہر کرتے ہوئے جھوٹا دعویٰ کیا کہ وہ پاک افغان سرحد پر کارروائی کے دوران شہید ہوگئے۔ تاہم عادل داوڑ نے ویڈیو پیغام جاری کر کے بھارتی پروپیگنڈے کو مکمل طور پر بے نقاب کردیا۔

بقیہ 15 — ٹرمپ

امریکا واپسی پر اس معاملے کو غور سے دیکھیں گے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وہ ماضی میں کئی جنگیں روک چکے ہیں

بقیہ 16 — خواجہ آصف

کے جنازے پڑھنے کی سعادت ملی، وطن کے ان بیٹوں نے مٹی کی محبت میں اپنی جان وار دی، قوم ان کی ممنون احسان ہے، یہ شہید وہ قرض اتار رہے ہیں جو ساری قوم پر واجب ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ قوم کو ممنون ہونے اور احسان مند ہونے کی شہادت دینی ہوگی، متحد ہو کے اپنے بیرونی اور اندرونی دشمنوں سے نبرد آزما ہونا ہے۔

بقیہ 17 — یورپی ممالک

کے مقابلے میں 17 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یورپی یونین میں شامل ممالک سے ترسیلات زر کا حجم 1.092 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ستمبر میں یورپی یونین کے ممالک سے ترسیلات زر کا حجم 424 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال ستمبر کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ سال ستمبر میں یورپی یونین سے ترسیلات زر کا حجم 366 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا

بقیہ 18 — انکشاف

گئی۔ شاہ جہان محاسب، منیر خان کیشئیر اور محمد اسلم لیویز کانسٹیبل نے نجی شخص حاجی حنیف ولد شیر خان کے ساتھ ملی بھگت کرکے محکمہ ریونیو سے کروڑوں روپے کے معاملات میں جعلسازی اور خردبرد کی۔ تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی کہ ملزمان نے سرکاری زمین الاٹمنٹ کے عوض کروڑوں روپے کی رشوت لی۔

بقیہ 19 — سیف اللہ ابڑو

امور کے اجلاس میں پاکستان کے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے اب تک لئے قرضوں کیحوالے سے معاملہ زیر بحث آیا۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو کا کہنا تھا کہ ٹی وی چلائیں تو خوشی سے بتایا جاتا ہے 100 ملین قرض مل گیا۔

بقیہ 20 — گورنر

تجارتی تعلقات، بلوچستان میں سرمایہ کاری اور خطے کے حالات و واقعات سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اٹلی براعظم یورپ کا ایک ترقی یافتہ ملک ہے وہ مختلف شعبوں میں پاکستان اور بلوچستان کی مدد و رہنمائی کرسکتا ہے۔ اطالوی سفیر نے گورنر بلوچستان کو عوام کی سفری سہولت کو آسان بنانے کیلئے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر میں ایک "ویزا فیسلیٹیشن سنٹر" قائم کرنے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ لورالائی میں زیتون کے باغات کے دورے کا اہتمام بھی کیا جائیگا جو بلوچستان کی زرعی صلاحیت کو تلاش کرنے کیلئے اٹلی کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور اٹلی کے درمیان مزید تعلقات اور روابط بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دوسری جانب، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پاکستان میں تعینات چین کے ایکٹنگ سفیر (Shi Mr. Yuanqiang) نے بلوچستان ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاک چین دوطرفہ تعلقات، تازہ ترین سیاسی صورتحال اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 21 — عدالت عالیہ

واسا، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) اور کیسکو حکام کو فوری اقدامات کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ شہریوں کو پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم رکھنا سنگین انتظامی غفلت ہے اور اس کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی۔

بقیہ 22 — نعیم پنجوتھہ

دے اپنے بیان میں کہا کہ گورنر نے آئین کی کسی شق کا حوالہ نہیں دیا، آئین نے گورنر کو اعتراض لگانے یا استعفیٰ مسترد کرنے کا اختیار ہی نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ علی امین نے تحریری استعفیٰ دیا اور ویڈیو پیغام بھی موجود ہے۔ اعتراض تب ہوتا ہے جب کوئی شخص موجود نہ ہو۔ نعیم حیدر پنجوتھہ نے کہا کہ کسی الیکشن ہوگا

بقیہ 23 — علیمہ خان

گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے تھانہ صادق آباد میں درج 26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے علیمہ خان کی ایک دن کی حاضری معافی کی درخواست منظور کرتے ہوئے فرد جرم کی کارروائی آج 14 اکتوبر تک ملتوی کردی۔ دوران سماعت ملزم عاطف ریاض کی عدالت میں پیش ہونے پر وارنٹ گرفتاری منسوخ کردیے گئے جب کہ عدالت نے علیمہ خان سمیت تمام ملزمان کو نوٹس جاری کرکے آج طلب کرلیا ہے۔

طالبان حکومت احسان فراموشی ہماری مہمان نوازی کا صلہ حملوں سے دیا، صادق عمرانی

پاکستان نے مہاجروں کو آزاد حیثیت سے کاروبار، جائیدادیں خریدنے کے علاوہ سہولیات بھی اجازت دی، صوبائی وزیر

طالبان حکومت دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک ذمہ دار ہمسایہ ملک ہونے کا ثبوت دے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ پاکستان گزشتہ نصف صدی سے افغان مہاجرین کی نہ صرف مہمان نوازی کر رہا ہے بلکہ انہیں اپنے پورے ملک میں پناہ دیتے ہوئے مہاجر کیمپوں تک محدود رکھنے کی بجائے پورے ملک میں آزاد حیثیت سے کاروبار جائیدادیں خریدنے کے علاوہ وہ تمام سہولتیں فراہم کیں جو ایک حقیقی پاکستانی کو حاصل ہیں لیکن ان تمام باتوں سے قطع نظر آج طالبان حکومت کی جانب سے دراندازی کرتے ہوئے .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے غزہ متاثرین کے لئے امدادی سامان کی 35 ویں کھیپ روانہ کی جا رہی ہے

کچھی: مسلح ڈاکوؤں کا پکنک پوائنٹ پر ڈاکہ، 11 افراد قیمتی سامان سے محروم

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے حاجی شہر کے قریب پکنک پوائنٹ پر مسلح ڈاکوؤں کی لوٹ مار 11 افراد کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنا کر ان سے ہزاروں روپے نقدی موبائل فون اور دو موٹر سائیکلیں چھین کر فرار ہوگئے لیویز کے مطابق ضلع کچھی کے علاقے حاجی شہر کے قریب پکنک منانے کیلئے آنے والے گیارہ افراد کو مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر یرغمال بنا کر ان سے ہزاروں روپے نقدی دو موٹر سائیکل موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہوگئے۔

بارکھان: 1 شخص کی نعش برآمد

کوہلو (این این آئی) بارکھان کے علاقے سے لیویز کیو آر ایف نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی لیویز کیو آر ایف کے مطابق پیر کو بارکھان کے علاقے عیشائی تھگڑا ڈیم کے قریب سے ایک شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔

ملک بھر میں سونے کی قیمت نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں سونے کی قیمت میں مزید اضافے سے نئی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، فی تولہ سونے کی نئی قیمت 5500 روپے کے اضافے کے بعد 4 لاکھ 28 ہزار 200 روپے ہوگئی ہے۔ آل سندھ صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن نے بتایا کہ کاروباری ہفتے کے پہلے روز سونے کی قیمت میں بڑا اضافہ ہوا جس سے فی تولہ سونے کی قیمت تاریخ کی نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔

ڈیرہ بگٹی، شہری پاک فوج کی حمایت میں سڑکوں پر نکل آئے

عوام کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس سے پاکستان چوک تک ریلی نکالی گئی

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) ضلع ڈیرہ بگٹی میں پاک فوج کی حمایت میں شہری سڑکوں پر نکل آئے پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے تفصیلات کے مطابق پاک فوج کی حمایت میں ضلع ڈیرہ بگٹی ٹاؤن اور علاقہ سوئی میں کئین بلوچ عوام سڑکوں پر نکل آئے ڈیرہ بگٹی ٹاؤن میں عوام کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس سے پاکستان چوک تک شاندار ریلی نکالی گئی .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور میں ڈینگی وائرس کے بڑھتے کیسز قابل تشویش ہیں، رحمت صالح بلوچ

ریپڈ رسپانس ٹیم بھی پنجگور روانہ کی جا رہی ہے، رہنما نیشنل پارٹی کا صوبائی وزیر صحت کیساتھ اجلاس و خطاب

پنجگور (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے برکت مری کی ڈینگی وائرس رپورٹ پر ایکشن لیتے ہوئے پنجگور میں تیزی سے پھیلتے ڈینگی وائرس کے حوالے سے صوبائی محکمہ صحت کے ساتھ ہنگامی اجلاس منعقد کیا اجلاس کی صدارت صوبائی وزیر ہیلتھ بخت محمد کاکڑ نے کی، جس میں .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

پاک ایران شاہراہ پر ٹریفک حادثہ، 12 افراد زخمی

گاڑی میں سوار افراد خاران اجتماع میں شرکت کے بعد واپس دالبندین آرہے تھے

کوئٹہ (آن لائن) پاک ایران آر سی ڈی شاہراہ پر خوفناک ٹریفک حادثہ، 12 افراد زخمی پاک ایران آر سی ڈی شاہراہ پر یک مچ کے قریب گاڑی کو پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں 12 افراد شدید زخمی ہوگئے ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے بعد پرنس فہد ہسپتال دالبندین منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گاڑی میں سوار افراد خاران میں اجتماع میں شرکت کے بعد دالبندین واپس آرہے تھے کہ راستے میں حادثہ پیش آیا پولیس واقعہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔

ہرنائی: صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایت پر ہرنائی کے لوگوں کی جانب سے پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور ملکی سلامتی کیلئے ریلی نکالی جا رہی ہے

پاک افغان معاملات افہام و تفہیم سے حل ہونے چاہئیں، اپوزیشن اتحاد

بلوچستان اور کے پی میں بدامنی اور دہشت گردی کی لہر پر تشویش ہے، تحریک تحفظ آئین پاکستان

کسی بھی غیر آئینی قدم سے پیدا ہونے والی صورت حال کی ذمہ دار وفاقی حکومت ہوگی، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے اجلاس کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ افغانستان اور پاکستان کے درمیان معاملات گفتگو اور افہام و تفہیم سے حل ہونے چاہئیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق اسلام آباد میں محمود خان اچکزئی کی زیرصدارت اجلاس ہوا، جس میں سلمان اکرم راجہ، اسد قیصر، مصطفیٰ نواز کھوکھر، محمد زبیر، علامہ احمد اقبال رضوی، ساجد ترین، زین شاہ، حسین احمد یوسفزئی اور خالد یوسف چوہدری نے شرکت کی۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور خارجہ صورت حال اور اپوزیشن کے مستقبل کی .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر شیخ سعید الحسن خان مندوخیل سے سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ، حاجی یوسف بازئی ملاقات کر رہے ہیں

نچلی سطح پر مسائل کے حل کیلئے بلدیاتی انتخابات ناگزیر ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

پی آر ٹی منصوبہ خوش آئند، اداروں کا عوام سے غرور والا منفی رویہ ٹھیک درست نہیں، رکن صوبائی اسمبلی

گڈ گورننس کا فقدان، منتخب نمائندے اقرباء پروری غفلت و کوتاہی کے مرتکب ہو رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ نچلی سطح پر مسائل کے حل کیلئے بلدیاتی انتخابات ضروری، بلدیاتی اداروں کو وسائل و اختیارات دینا لازمی ہے صوبائی حکومت کی جانب سے شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے 300 ارب کا پی آر ٹی منصوبہ خوش آئند ہے اداروں کا عوام سے غرور و تکبر والا منفی رویہ ٹھیک نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی سیکرٹریٹ میں جماعت اسلامی کوئٹہ کے ذمہ داران اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبائی نائب امیر زاہد اختر .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت پنجاب بضد تھی اسرائیل کو ناراض نہ کیا جائے، مولانا حیدری

لاہور (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ تحریک لبیک پاکستان کے قافلے پر وحشیانہ تشدد ناقابل قبول ہے، ہر جماعت اور ہر فرد بشر کو اپنے مطالبات کے حق میں جلسہ، مظاہرہ یا احتجاج کا حق حاصل ہے۔ ٹی ایل پی کے علمائے کرام اور کارکنوں پر رات کی تاریکی میں براہ راست فائر کھولنا کسی طور پر بھی پاکستان سے ہمدردی نہیں۔ تحریک لبیک پاکستان کے قافلے پر رات کے اندھیرے میں کیے گئے آپریشن پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا

بانی کے ساتھ بیٹھنا ہی دہشتگردی کے مسئلہ کا حل ہے، گنڈاپور

ایک وقت آیا کہ سامنے کرسی پڑی تھی یا قائد کے احکامات، وفاداری ثابت کی

جو مسلمانوں کا حال ہے میں فلسطین اور انڈیا کی مذمت کرتا ہوں، سابق وزیراعلیٰ

پشاور (بیورو رپورٹ) مستعفی وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ہمارے صوبے میں امن و امان اور دہشتگردی کا مسئلہ ہے، اس کا ایک ہی حل ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ بیٹھیں۔ خیبر پختونخوا اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کو پیشگی مبارکباد پیش کرتا ہوں، ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس سفر میں ان کے ساتھ ہوں، ملک میں انصاف کے لئے جو جنگ ہے ہم مل کر لڑیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب بانی چیئرمین پی ٹی آئی کا حکم ہوا، اسی روز استعفیٰ دے دیا، جس طرح جمہوریت .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

افغان بچوں کو پولیو ویکسین پلا کر ملک بدر کرینگے، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ افغان بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں گے اور پھر انہیں ملک بدر کریں گے، بدقسمتی سے کچھ لوگ ہر چیز کو منفی بناتے ہیں، اگر پولیو ویکسین میں کوئی مسئلہ ہوتا تو شہید محترمہ آصف بھٹو کو ویکسین نہ پلاتیں، علمائے کرام اور ساری سماجی شخصیات سے درخواست ہے انسداد پولیو مہم میں کردار ادا کریں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری والدین کے لئے چیف منسٹر ہاؤس میں سیل قائم کیا ہے

خودمختار فلسطین کے حوالے سے پاکستان کا موقف واضح ہے، محمد عبدالقادر

غزہ امن معاہدے کی تقریب میں وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی شمولیت پاکستان کیلئے اعزاز ہے، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ غزہ امن معاہدے پر دستخط کی تاریخی تقریب میں وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی شمولیت پاکستان کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے۔ مصر کے سیاحتی شہر شرم الشیخ میں فلسطین میں امن معاہدے کیلئے 20 ممالک کی اعلیٰ ترین قیادت میں پاکستان کی قیادت کی موجودگی پاکستان کی مسلمہ اہمیت کی غمازی کرتا ہے۔ آزاد اور خودمختار فلسطین .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

خاران میں تین روزہ تبلیغی اجتماع اختتام پذیر

علماء کرام نے اسلام کی سربلندی اور حسن اخلاق عام کرنے پر زور دیا

خاران (نمائندہ خصوصی محمد عیسیٰ محمد حسنی) خاران میں عظیم الشان تین روزہ تبلیغی اجتماع اختتام پذیر، تین روزہ تبلیغی اجتماع میں بلوچستان سمیت دیگر صوبوں کے ہزاروں کی تعداد میں فرزندان توحید شریک، تین روزہ تبلیغی اجتماع میں جید علماء کرام نے اللہ پاک کے احکامات پر عمل اور حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات پر روشنی ڈالتے ہوئے اسلام کی سربلندی اور دین اسلام کا پیغام و حسن اخلاق عام کرنے پر تلقین کی اور مختلف بیماروں، چھوٹوں اور بڑوں و و .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سینیٹر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی سے سراوان ہاؤس میں مستونگ کے معتبرین کے وفد ملاقات کر رہا ہے

خوشحال خان کاکڑ و دیگر رہنماؤں پر مقدمہ بدنیتی پر مبنی ہے، پشتونخوا نیپ

رہنماؤں و کارکنوں کے خلاف متعصب ضلعی افسر کے حکم پر ایف آئی آر پشتون دشمن اقدام کے مترادف ہے

عوام گواہ ہیں کہ ژوب کے جلسے میں پارٹی رہنماؤں نے کوئی ایسی بات نہیں کی جو آئین و قانون کے خلاف ہو، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری پریس ریلیز میں ژوب میں شہداء اکتوبر کے پرامن جلسے کے انعقاد پر پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، ڈپٹی چیئرمین سابق سینیٹر رضا محمد رضا اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں کارکنوں کے خلاف متعصب ضلعی افسر کے حکم پر غیر قانونی ایف آئی آر درج کرنے کو پشتون دشمن اور عوام دشمن اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی کے تمام کارکنوں اور غیور پشتون ملت اور تمام جمہوری اور وطن دوست قوتوں میں ایف آئی آر درج کرنے پر سخت غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ اور پارٹی اس ناروا .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

نیب بلوچستان کی کاوشیں، سرکاری اراضی محکمہ جنگلات کے نام منتقل

اربوں روپے کے قیمتی سرکاری اثاثے قبضہ مافیا و غیر قانونی استعمال سے محفوظ بن گئے

کوئٹہ (آن لائن) نیب بلوچستان اور حکومت بلوچستان کی مشترکہ کاوش سے جنگلات کی دس لاکھ ایکڑ سے زائد زمین محفوظ، اربوں روپے کے اثاثے بچ گئے بلوچستان میں سرکاری زمینوں کے تحفظ کیلئے قومی احتساب بیورو بلوچستان اور حکومت بلوچستان کی مشترکہ کاوشیں رنگ لانے لگیں دونوں اداروں کے قریبی تعاون سے مجموعی طور 10 لاکھ 19 .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی پسماندگی دور کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہے ہیں، خالد مقبول صدیقی

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ہماری اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر تعلیم، رہنما ایم کیو ایم پاکستان

فرید آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تعلیم و متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مرکزی چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ بلوچستان کی پسماندگی کو دور کرنے کے لئے عملی طور پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں بلوچستان ملک کا ایک اہم صوبہ ہے بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ان کے عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی بلوچستان ترقی کریگا تو ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا متحدہ .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

صحبت پور، آلودہ پانی پینے سے 10 بچوں کی حالت غیر

ایک بچی ہلاک، بیماری کی وجہ آلودہ پانی ہے، ایم ایس ڈاکٹر فتح کھوسہ

صحبت پور (یو این اے) گوٹھ عمر خان کھوسہ میں آلودہ پانی پینے سے 10 بچے متاثر ہوگئے، جن میں سے ایک کمسن بچی زندگی کی بازی ہار گئی ایک بچی کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے اور اسے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر عبدالفتح کھوسہ کے مطابق بچوں کی بیماری کی بنیادی وجہ آلودہ پانی ہے واقعہ کے بعد متاثرہ بچوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا علاقہ مکینوں نے ضلعی انتظامیہ اور پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کی کسی بھی اشتعال انگیزی کا ڈٹ کر جواب دیا جائیگا، پاکستان

امید ہے ایک دن افغان عوام کو آزادی ملے گی، اور وہ اپنی نمائندہ حکومت کے تحت زندگی گزار سکیں گے، دفتر خارجہ

بلاجواز جارحیت پر گہری تشویش ہے، دونوں برادر ممالک کے درمیان پرامن ہمسائیگی اور باہمی تعاون کی روح کے منافی ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے افغان طالبان، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندستان کی جانب سے پاک افغان سرحد پر بلااشتعال جارحیت پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی مزید اشتعال انگیزی کا ڈٹ کر اور مؤثر جواب دیا جائے گا، طالبان حکومت کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ اس کی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ہم یہ بھی امید رکھتے ہیں کہ ایک دن افغان عوام کو آزادی حاصل ہوگی اور وہ ایک حقیقی نمائندہ حکومت کے تحت زندگی گزار سکیں گے۔ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا مشرق وسطیٰ امن منصوبہ صرف غزہ تک محدود

ماسکو (م ڈ) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا اسرائیل فلسطین تنازع کے حل کا منصوبہ صرف غزہ پٹی سے متعلق ہے۔ سرگئی لاوروف نے ماسکو میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا کہ ٹرمپ کا امن پلان فلسطینی ریاست کے قیام کے بارے میں انتہائی مبہم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ٹرمپ کے منصوبے میں واضح ہونا چاہیے

ہرنائی و سنجاوی میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلیاں

ریلی میں ڈپٹی کمشنر ہرنائی سمیت دیگر محکموں کے افسران و عوام کی بڑی تعداد شریک

پاک فوج ملک کی سلامتی، بقاء اور عوام کے تحفظ کی ضامن ہے، صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کا پیغام

ہرنائی (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایت پر ہرنائی اور سنجاوی کے عوام کی جانب سے پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی جس کی قیادت صوبائی وزیر خوراک فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کے بھائی فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ نے کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی، ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جھاکرانی، ڈسٹرکٹ .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کارکردگی کا جائزہ اجلاس

پولیو کے خاتمے کیلئے ہر بچے تک ویکسین کی رسائی یقینی بنانا ناگزیر ہے، مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیرصدارت منعقد ہوا اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈبلیو ایچ او، یونیسف، پی ای او سی، این سٹاپ اور دیگر محکموں کے افسران، ایریا انچارجز اور یوسی مانیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیو مہم کے پہلے دن کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ضلع بھر میں ہزاروں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے اجلاس .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب کی سڑکیں شہریوں کے خون سے لہولہان ہیں، حافظ حمد اللہ

اس ملک میں جمہوریت نہ ہی قانون ہے، اوکاڑہ میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب

اوکاڑہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ نے تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکمران مصر تشریف لے چکے ہیں تاکہ ٹرمپ کی سرپرستی میں غزہ امن معاہدے کی تقریب میں شریک ہوں لیکن دوسری طرف پنجاب کو غزہ بنا دیا گیا ہے جہاں حکومت کی طرف سے تحریک لبیک کے قائدین اور کارکنوں پر فائرنگ کرتے ہوئے سینکڑوں کا .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے نوجوانوں کیلئے کوئٹہ میں نیشنل یوتھ سمٹ کا انعقاد کیا ہے، مینا مجید بلوچ

نوجوانوں کو آپس میں انٹرایکشن کے ساتھ بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا، صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان بلوچستان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل یوتھ سمٹ کا بنیادی مقصد لیڈرشپ، ویمن ایمپاورمنٹ، کلائمیٹ ایکشن اور انٹرپرینیورشپ ہے، نظامت امور نوجوانان حکومت بلوچستان نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سپورٹ و وژن کے تحت نوجوانوں کیلئے کوئٹہ میں نیشنل یوتھ سمٹ کا انعقاد کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

شہر میں غیر قانونی سٹینڈز قائم، ٹریفک جام معمول بن چکا، قاری مہر اللہ

شہر میں موجود گیراج اور غیر قانونی پارکنگ اسٹینڈز سیکورٹی رسک ہیں، رہنما جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ، حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد، آغا ابراہیم شاہ، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم نے کہا کہ کواری روڈ، پٹیل روڈ، شارع اقبال اور شارع عدالت پر غیر قانونی اسٹینڈ اور گیراج قائم ہونے سے ٹریفک جام معمول بن چکا ہے شہر میں موجود گیراج اور غیر قانونی پارکنگ اسٹینڈز سیکورٹی رسک ہیں حکومت کمرشل عمارتوں میں پارکنگ قوانین پر عملدرآمد یقینی بنا .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

افغان حکومت نے مہمان نوازی کا بدلہ دہشتگردانہ کارروائیوں سے دیا، یعقوب خان ناصر

افغان سرزمین دہشتگردوں کی پناہ گاہ اور سہولت کاری کیلئے استعمال ہو رہی ہے، رکن قومی اسمبلی

افواج پاکستان اور بے گناہ شہریوں کے خلاف حملے ناقابل برداشت ہیں، رہنما مسلم لیگ (ن)

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب ناصر نے افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف جاری حملوں اور سرحدی چیک پوسٹس پر ہونے والی کارروائیوں کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان حکومت نے 45 سالہ مہمان نوازی کا بدلہ دہشت گردانہ کارروائیوں اور سرحدی اشتعال انگیزی میں دے کر ایک نئی بدترین تاریخ رقم کی ہے انہوں نے کہا کہ افغان سرزمین دہشت گردوں کی پناہ گاہ اور سہولت کاری کیلئے استعمال ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں پاکستان میں بار بار دہشت .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر


کراچی: بھارت کی جیلوں سے رہائی پانے والے ماہی گیر اپنے پیاروں سے عرصہ دراز کے بعد مل رہے ہیں

پاکستان اور افغانستان دوستی کے اٹوٹ رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں، جمعیت نظریاتی

پاک و افغان کشیدگی ختم کرنے کیلئے اسلامی ممالک مصالحت کے عمل کو آگے بڑھائیں، مولانا عبدالقادر لونی

دشمن طاقتیں کشیدگی کو ہوا دے کر برادر ممالک کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کرنا چاہتی ہیں، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان عقیدہ، تاریخ اور زبان و ثقافت اور دوستی کے اٹوٹ رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں دونوں ممالک ایک دوسرے کے حالات سے لاتعلق نہیں رہ سکتے ہیں پاکستان و افغانستان کے درمیان پیدا کشیدگی ختم کرنے کیلئے اسلا .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سپر ٹیکس کیس کی سماعت، ججز اور وکلا کے درمیان دلچسپ مکالمے

کسی جج کو یہ اختیار نہیں کہ وہ کسی وکیل کی بے عزتی کرے، وکیل فروغ نسیم

جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس شاہد بلال حسن نے ہمیشہ صبر اور تحمل کا مظاہرہ کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپر ٹیکس کیس کی سماعت آج (منگل) تک کیلئے ملتوی کر دی گئی، دوران سماعت ججز اور وکلا کے درمیان دلچسپ مکالمے ہوئے، سپریم کورٹ کے 5 رکنی آئینی بینچ نے سپر ٹیکس سے متعلق کیس کی سماعت کی، جس کی سربراہی جسٹس امین الدین خان نے کی۔ سماعت کے دوران مختلف کمپنیوں کے وکیل فروغ نسیم نے اپنے دلائل پیش کیے۔ وکیل فروغ نسیم نے موقف اختیار کیا کہ مقررہ تاریخ کے بعد ٹیکس نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ اس موقع پر جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ یہ معاملہ آج تک واضح کیوں نہیں ہوسکا؟ ہر بار یہی مسئلہ .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

الخدمت کے تعاون سے فلسطین کیلئے 24 ویں امدادی کھیپ روانہ

راشن بیگز بشمول آٹا، چاول، کوکنگ آئل، چنے، تیار کھانا اور ڈبہ بند فروٹ شامل

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر این ڈی ایم اے نے فلسطین کیلئے مزید امدادی سامان روانہ کر دیا۔ تفصیل کے مطابق 100 ٹن سامان پر مشتمل مجموعی طور پر 24 ویں امدادی کھیپ الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے بھیجی گئی۔ امدادی سامان بذریعہ خصوصی پرواز علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ کیا گیا۔ روانہ کیے گئے امدادی سامان میں راشن بیگز بشمول آٹا، چاول، کوکنگ آئل، چنے، تیار کھانا اور ڈبہ بند فروٹ .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں 7 روزہ پولیو مہم کا باضابطہ آغاز، بخت محمد کاکڑ نے افتتاح کیا

26 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، 11 ہزار ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں

ڈینگی سے بچاؤ کیلئے بھی خصوصی ٹیمیں تشکیل جو مختلف اضلاع میں حفاظتی اقدامات یقینی بنائیں گی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان بھر میں سات روزہ انسداد پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کوئٹہ میں کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم جاری ہے جس کے دوران 26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے مہم میں 11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جبکہ بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائے جا رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ پولیو مہم کے دوران ں .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات چین کے قائم مقام سفیر ملاقات کر رہے ہیں

داؤد جنگ کے انتقال پر علی محمد جتک کا اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے پیپلز پارٹی کے رہنما ماسٹر مراد جتک کے صاحبزادے داؤد جتک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ داؤد جتک ایک باصلاحیت اور بااخلاق نوجوان تھے، جن کی اچانک وفات سے خاندان جتک سمیت پورا علاقہ غمگین ہے انہوں نے مرحوم کیلئے بلندی درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کیا

ٹی ایل پی کے پرامن مظاہرین پر وحشیانہ تشدد قابل مذمت ہے، حافظ حسین شرودی

مفتی محمود کانفرنس میں شرکت کیلئے قافلہ بلیلی سے روانہ ہوگا، امیر جمعیت کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ مرید لاہور میں تحریک لبیک پاکستان (TLP) کے پرامن احتجاجی مظاہرین پر حکومتی طاقت کا وحشیانہ استعمال اور اس کے نتیجے میں ہونے والی قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے آج ہونے والی مفتی محمود کانفرنس ظالم اور جابر حکمرانوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگی جمعیت .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سی لہڑی میں اقلیتی برادری کو درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے کوشاں ہیں، سردار کوہیار ڈومکی

ہمارا مقصد عوام کی خدمت اور حلقہ انتخاب کو ماڈل بنانا ہے، صوبائی وزیر صنعت و حرفت

سبی (اے این این) صوبائی وزیر صنعت و حرفت پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و نامدار قوم ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ سبی لہڑی کے عوام کا معیار زندگی بلند سے بلند بنانے کیلئے تمام وسائل و فنڈز کو استعمال میں لا رہے ہیں سبی لہڑی میں بسنے والی اقلیتی برادری کو درپیش مسائل و مشکلات کے ازالے کیلئے بھی کوشاں ہے ہمارا مقصد عوام .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

سردار عبدالرحمان کھیتران کی ہدایت پر فتنہ الخوارج کیخلاف ریلی

پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ ہے، وائس چیئرمین میونسپل خان خیرو خان

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اینڈ واسا سردار عبدالرحمان کھیتران کی خصوصی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن بارکھان کے وائس چیئرمین خان خیرو خان کی قیادت میں فتنہ الخوارج کی جارحیت کے خلاف اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ایک بڑی ریلی نکالی گئی، ریلی میں شہریوں، سماجی کارکنوں اور طلباء نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکاء نے پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے فورسز کی قربانیوں کو .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کی ساتویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کو بہترین خدمات کی فراہمی موجودہ حکومت کا نصب العین ہے، شکیل قادر خان

بلوچستان کے چھ اضلاع میں 57 ہزار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے بنیادی سہولیات کی بہتری، روزگار کے مواقع، تعلیم کے شعبے میں اہم کامیابیاں حاصل کیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ بہترین طرز حکمرانی اور عوام کو بہترین خدمات کی فراہمی موجودہ حکومت کا نصب العین ہے، عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح رہی ہے، ترقیاتی منصوبوں کی شفاف اور بروقت تکمیل کو ہمیشہ فوقیت حاصل رہی ہے ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے بنیادی سہولیات کی بہتری، روزگار کے مواقع کی فراہمی، تعلیم کے شعبے میں اہم کامیابیاں اور صنعتی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے گئے ہیں، حکومتی اداروں میں میرٹ، جوابدہی، اور شفافیت کے اصولوں پر .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کمیٹی کے ایوننگ ریویو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آج کا اجتماع اسلامی جمہوری فکر، عوامی شعور و ملی استقامت کا مظہر ہوگا، جمعیت

مفتی محمود کانفرنس آج قلعہ سیف اللہ میں منعقد ہوگی مہمان خاص مفتی اسعد محمود کوئٹہ تشریف لا چکے، دلاور خان کاکڑ

قلعہ سیف اللہ کے غیور علماء، نڈر کارکنان اور باشعور عوام نے ہمیشہ اپنی ملی غیرت و سیاسی بصیرت کا ثبوت دیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے ترجمان دلاور خان کاکڑ نے کہا ہے کہ مفکر اسلام مفتی محمود کانفرنس آج قلعہ سیف اللہ میں منعقد ہوگی فرزند قائد جمعیت مفتی اسعد محمود کوئٹہ تشریف لا چکے ہیں ایئرپورٹ پر صوبائی قیادت نے پرتپاک استقبال کیا انہیں جلوس کی شکل میں رہائش گاہ تک پہنچایا گیا ادھر قلعہ سیف اللہ میں حاجی دین محمد سگی کی قیادت میں رضاکاروں انصار الاسلام کی پیلی وردی میں ملبوس ہزاروں کارکنوں نے شہر بھر میں جلوس نکالا اور اسکے بعد جلسہ گاہ کی سیکورٹی سنبھالی صوبائی ترجمان جمعیت علماء اسلام بلوچستا .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں شدید مندی

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی میں اضافے کے باعث پاکستان سٹاک ایکسچینج میں پیر کو شدید مندی کا رجحان رہا، ٹریڈنگ کے دوران انڈیکس میں 4 ہزار پوائنٹس کی بڑی کمی ریکارڈ کی گئی۔ کاروباری ہفتے کے پہلے روز کاروبار کے آغاز سے ہی سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی دیکھنے میں آئی، 4800 سے زائد پوائنٹس کی کمی کے ساتھ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 58 ہزار 67 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔ گاڑیوں کے سمبلرز، سیمنٹ، کمرشل بینکس، فرٹیلائزر، تیل و گیس کی تلاش کرنے والی کمپنیوں، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں، ریفائنریز اور پاور جنریشن سمیت کئی

صوبے میں پائیدار ترقی کے سفر کا ابتداء ہوگیا، شعیب نوشیروانی

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت منصوبوں سے عوام کو زندگی کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی، وزیر خزانہ

عوام دوست منصوبوں کو عملی شکل دینے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیرصدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کا ساتواں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، سیکرٹری جنگلات عبدالفتح بھنگر، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے آغاز پر غور کیا گیا، جن میں جنگلات کی بہتری، جھینگے فارمنگ کے فروغ، اور مینگرو پلانٹیشن کیلئے اقدامات .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

چین کا امریکا پر جوابی وار، ٹرمپ کے نئے ٹیرف کو منافقانہ قرار دیدیا

امریکا کے اقدامات دوطرفہ تعلقات کے لیے نقصان دہ ہیں، چینی وزارت تجارت

بیجنگ (م ڈ) چین نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے چینی مصنوعات پر عائد تازہ 100 فیصد ٹیرف کو منافقانہ قرار دیتے ہوئے سخت ردعمل دیا ہے، تاہم چین نے اس بار امریکی مصنوعات پر نئے محصولات عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چینی وزارت تجارت کے مطابق امریکا کے اقدامات دوطرفہ تعلقات کے لیے نقصان دہ ہیں۔ وزارت نے کہا .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ادویات کی برآمدات 30 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف

منصوبہ پاکستان کے معاشی استحکام کی علامت ہے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے ادویات کی برآمدات کو 5 سال کے اندر 30 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کر لیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیرصدارت ڈریپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں فیڈرل سیکرٹری ہیلتھ، ایڈیشنل سیکرٹری اور ڈریپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں پانچ سال کے اندر 30 ارب امریکی ڈالر کی ادویات کی برآمدات کے ہدف پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ ادویات کی ایکسپورٹ کو بڑھانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہداف .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

اوکاڑہ: جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ اور مولانا معین الدین دیپالپور میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جھوٹ، انتقام اور سیاسی عداوت پر مبنی سازشیں زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتیں، اے این پی

اے این پی بالخصوص ایمل ولی خان کیخلاف مختلف محاذوں پر چند قوتیں سرگرم عمل ہیں، اصغر خان اچکزئی

ایمل ولی خان نے جرات اور بصیرت کے ساتھ پشتون و بلوچ اقوام کے غصب شدہ حقوق کیلئے آواز بلند کی، مابت کاکا

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا اور مرکزی سیکرٹری ملگری وکیلان نگین خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ایمل ولی خان کے خلاف بدنیتی پر مبنی بے بنیاد کیس داخل کرایا گیا تھا اسے معزز عدالت نے مکمل طور پر خارج کر دیا ہے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ سچائی اور انصاف ہمیشہ غالب آتا ہے جبکہ جھوٹ، انتقام اور سیاسی عداوت پر مبنی سازشیں زیادہ دیر تک قائم نہیں رہتیں رہنماؤں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی اور ایمل ولی خان کی جدوجہد ہمیشہ عوامی خدمت، جمہوریت کے استحکا .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر